اب آپ ہی بتائیے کہ کیا امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ قرآن و حدیث کے خلاف تھے؟ اگر جواب ہاں میں ہے تو پھر ہم بھی ان کے خلاف ہیں۔ (اگر نہیں تو ہم بھی ان کے خلاف نہیں) ہم کسی بھی امام کو قرآن و حدیث کے خلاف ثابت نہیں کرتے' تو پھر ہم ان کے خلاف کیسے ہو سکتے ہیں؟ امام کا ایک قول ہے' آپ کے امام شامی نے اپنی کتاب کے شروع میں نقل کیا ہے۔ شامی آپ کی معتبر کتاب ہے۔ اس کے مقدمے میں لکھا ہے کہ ابو حنیفہ رحمہ اللہ سے صحیح روایت ہے کہ "اِذَا صَحَّ الْحَدِیْثُ فَھُوَ مَذْھَبِیْ" یعنی صحیح حدیث میرا مذہب ہے (خواہ وہ کہیں بھی ملے)۔

اس قول کے مطابق تو یہ ہمارا مذہب ہوا اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ ہمارے اہل حدیث

ا۔ جمعیت اہلحدیث سندھ کی طرف سے آج بھی یہ چیلنج برقرار ہے

ہوئے۔ آپ کے تو وہ بھی نہ ہوئے۔ آپ لوگوں کا مذہب ہے فقہ (جیسا کہ آپ کہتے ہیں

حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش کے ایام میں کئی اصحاب زندہ تھے

تعلیم کا دور

اللہ تعالیٰ جب کسی سے کوئی کام لینا چاہے تو اس کی طبیعت میں اس کا رجحان ومیلان پیدا کر دیتا ہے۔ آپ کی طبیعت نے یک لخت پلٹا کھایا اور آپ تحصیل علم کی طرف مائل ہو گئے۔ حافظہ بلا کا تھا۔ طبیعت علم کو ایسے جذب کرتی گئی جیسے آگ پانی کو۔ اصل بات یہ ہے کہ اللہ کی توفیق اور اس کا فضل آپ کے شامل حال تھا اس کو منظور تھا کہ انہیں دنیا میں علم کا ایک خاص مرتبہ عطا کرے زمانے کا مجتہد بنائے۔

آپ کی پیدائش کے ایام میں کئی اصحاب زندہ تھے حضرت انس رضی اللہ عنہ بن مالک بصرہ میں' حضرت عبداللہ بن ابی

(۱) حضور انور ﷺ فرماتے ہیں: ﴿مَا أَكَلَ أَحَدٌ طَعَامًا قَطُّ خَيْرًا مِنْ أَنْ يَأْكُلَ مِنْ عَمَلِ يَدِهِ وَإِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ دَاوُدَ كَانَ يَأْكُلُ مِنْ عَمَلِ يَدِهِ﴾ (بخاری) (بخاری کتاب البیوع (۳۴) باب کسب الرجل و عمله بیده (۱۵) الحدیث ۲۰۷۲ عن المقدام بن اسود رضی اللہ عنہ)

"نہیں کھایا کسی نے کوئی کھانا بہتر اس سے کہ کھائے اپنے ہاتھ کے کسب سے۔ اور تحقیق اللہ کے نبی داؤد علیہ السلام کھاتے تھے اپنے ہاتھوں کے عمل سے۔" حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ سے لوہے کی زرہ بنا کر بیچتے تھے اور یہ کمائی کھاتے تھے۔ معلوم ہوا کہ دستکاری انبیاء کی سنت ہے۔

اوفی رضی اللہ عنہ کوفہ میں' سہل بن ساعدی رضی اللہ عنہ مدینہ میں' اور ابو طفیل رضی اللہ عنہ مکہ میں موجود تھے۔ آپ نے ان صحابہ رضی اللہ عنہم سے کوئی روایت نہیں لی۔[1] جب آپ کا توسن ذوق تحصیل علم کے صحرا میں دوڑنے لگا تو اس وقت تمام صحابہ رضی اللہ عنہم اللہ کو پیارے ہو چکے تھے' اس لئے آپ کا علم تابعین رحمہم اللہ کا رہون منت ہے۔ آپ نے فقہ کا علم حماد بن ابی سلیمان رحمہ اللہ سے حاصل کیا اور حدیث عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ' ابو اسحاق رحمہ اللہ' محمد بن منکدر رحمہ اللہ' ہشام بن عروہ رحمہ اللہ' نافع مولا ابن عمر وغیرہم سے سماعت کی' امام مالک رحمہ اللہ سے بھی آپ کی سماعت حدیث ثابت ہے۔

آپ کی طبیعت کی صفائی' پاکیزگی اور ذہن کی رسائی مشہور تھی' دماغ بڑا موزوں' حافظہ بلا کا اور قوت استدلال بہت زبردست تھی۔۔۔ تائید ایزدی سے آپ علم کی معراج کو پہنچ گئے۔ آپ کے ہمعصر لاینحل مسائل میں آپ کی طرف رجوع کرتے تھے۔ علم کی خوبیوں اور بلندیوں کے سبب آپ امام اعظم کے لقب سے مشہور ہو گئے۔ بہت سے لوگوں نے آپ سے علم کی دولت پائی۔ آپ کے شاگرد امامت علم کے مرتبوں کو پہنچ گئے' جن میں امام ابو یوسف رحمہ اللہ' امام محمد رحمہ اللہ اور امام زفر رحمہ اللہ بہت مشہور ہیں۔

پیارے بھائی!

حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ **مجتہد تھے**

اور مجتہد کا غیر مقلد ہونا عیب نہیں ہے

بلکہ غیر مجتہد کا غیر مقلد ہونا **عیب** ہے

غیر مقلد اسے کہتے ہیں کہ

جو نہ خود اجتہاد کی صلاحیت رکھتا ہو

اور نہ کسی **مجتہد کی تقلید** کرتا ہو

اور مجالس حکیم الامت میں

ایسی **کوئی بات** موجود نہیں ہے کہ

معاذ اللہ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نہ اجتہاد

جانتے تھے نہ **کسی کی تقلید** کرتے تھے

کو طوالت سے بیان کیا ہے۔

(٦٠) بَابُ الْغَزْوِ عَلَى الْحَمِيرِ

باب:60- گدھے پر بیٹھ کر جہاد کے لیے جانا

وضاحت: اس عنوان کے تحت امام بخاری رحمہ اللہ نے کسی حدیث کا اندراج نہیں فرمایا۔ ممکن ہے کہ مشہور حدیث معاذ کا حوالہ دینا چاہتے ہوں کہ رسول اللہ ﷺ کے پیچھے حضرت معاذ ؓ ایک گدھے پر سوار تھے۔ لیکن کسی وجہ سے اسے نہ لکھ سکے۔

(٦١) بَابُ بَغْلَةِ النَّبِيِّ ﷺ الْبَيْضَاءِ

باب:61- نبی ﷺ کے سفید خچر کا بیان

قَالَهُ أَنَسٌ. وَقَالَ أَبُو حُمَيْدٍ: أَهْدَى مَلِكُ أَيْلَةَ لِلنَّبِيِّ ﷺ بَغْلَةً بَيْضَاءَ.

اس سلسلے میں حضرت انس ؓ کا اثر مروی ہے، نیز ابوحمید نے کہا کہ ایلہ کے بادشاہ نے نبی ﷺ کو سفید خچر تحفہ پیش کیا تھا۔

٢٨٧٣ - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ: حَدَّثَنَا يَحْيَى: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو إِسْحَاقَ قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْحَارِثِ قَالَ: مَا تَرَكَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِلَّا بَغْلَتَهُ الْبَيْضَاءَ وَسِلَاحَهُ وَأَرْضًا تَرَكَهَا صَدَقَةً. [راجع: ٢٧٣٩]

[2873] حضرت عمرو بن حارث ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے (وفات کے وقت) صرف اپنا سفید خچر، اپنے ہتھیار اور وہ زمین چھوڑی تھی جسے آپ نے صدقہ کر دیا تھا۔

٢٨٧٤ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سُفْيَانَ: حَدَّثَنِي أَبُو إِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا أَبَا عُمَارَةَ! وَلَّيْتُمْ يَوْمَ حُنَيْنٍ، قَالَ: لَا، وَاللهِ مَا وَلَّى النَّبِيُّ ﷺ وَلَكِنْ وَلَّى سَرَعَانُ النَّاسِ فَلَقِيَهُمْ هَوَازِنُ بِالنَّبْلِ وَالنَّبِيُّ ﷺ عَلَى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ، وَأَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ آخِذٌ بِلِجَامِهَا، وَالنَّبِيُّ ﷺ يَقُولُ: «أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ، أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ». [راجع: ٢٨٦٤]

[2874] حضرت براء بن عازب ؓ سے روایت ہے، ان سے ایک آدمی نے پوچھا: اے ابوعمارہ! کیا تم نے غزوۂ حنین کے موقع پر پیٹھ پھیر لی تھی؟ انھوں نے فرمایا: اللہ کی قسم! نبی ﷺ میدان جنگ سے پیچھے نہیں ہٹے تھے، البتہ جلد باز قسم کے لوگ بھاگ پڑے تھے جب قبیلۂ ہوازن نے تیروں سے ان کا مقابلہ کیا تھا۔ اس وقت نبی ﷺ سفید خچر پر سوار تھے اور حضرت ابوسفیان بن حارث ؓ اس کی لگام پکڑے ہوئے تھے۔ ان حالات میں نبی ﷺ فرما رہے تھے: ''میں نبی برحق ہوں اس میں جھوٹ کو کوئی دخل نہیں۔

احادیث: 2560—3775

كتاب المكاتب — كتاب فضائل أصحاب النبي ﷺ

صحیح بُخاری (اُردو)

3

تالیف

امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمہ اللہ

ترجمہ و فوائد

فضیلۃ الشیخ حافظ عبدالستار الحماد حفظہ اللہ

تقلید مطلق کا جواز

اس کتاب میں جہاں جہاں بھی تقلید کی تر[دید]
کی گئی ہے وہ کورانہ ، اندھی ۔ تقلید جامد

نہ جب کسی امتی کے قول و قیاس کو دینی اور شرعی حیثیت سے مانا جائے تو اس کا
مطلب یہ ہے کہ وہ بات یا مسئلہ خدا کے ذمہ لگایا گیا ہے کیونکہ دین اور شریعت صرف
قال اللہ اور قال الرسول کا نام ہے ۔

تردید ہے کہ مقلد تازیست ایک ہی امام کا پٹا گلے میں ڈال کر یہ اعتقاد
کرے کہ اس کے امام کا ہر بے دلیل قول اس کے لئے شریعت کا حکم
ہے ۔ یہاں تک کہ اگر اس کو قولِ امام کے خلاف صحیح صریح حدیث مل
جائے تو پھر بھی وہ اس قول سے چمٹا رہے اور حدیث نہ لے ۔ تو یہ
تقلید سراسر مذموم اور حرام ہے ۔

اور تقلید مطلق باعثِ نزاع نہیں ہے اور وہ یہ ہے کہ کوئی
انجان اور بے علم اپنی لاعلمی کے وقت اس شرط پر امام یا عالم سے
مسئلہ پوچھ کر عمل کرے کہ اگر وہ حدیث کے خلاف ہوا تو اسے
چھوڑ دیگا اور حدیث پر عمل کریگا ، یہ جائز ہے ۔ ایسی شرطی تقلید کا
کوئی بھی مخالف نہیں ! پس کتاب و سنت کی روشنی میں حضرت امام
ابو حنیفہ کے مسلک پر چلنے والے حق پر ہیں !

NOMANI KUTAB KHANA

وَأَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ نُورًا مُّبِينًا

قرآنی شمعیں

حضرت مولانا حکیم محمد صادق صاحب سیالکوٹی

نعمانی کتب خانہ ۔ حق سٹریٹ اردو بازار لاہور

جعفر بن ربیع کا قول ہے، میں چند سال تک امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے
پاس ٹھہرا۔ وہ بہت کم گو اور سکوت پسند تھے۔ ابراہیم بن عکرمہ کہتے ہیں۔ میں نے
ابو حنیفہؒ جیسا اور فقیہہ کوئی نہیں دیکھا۔ امام سفیان بن عیینہ کہتے ہیں، میں نے مکہ میں
ابو حنیفہؒ سے زیادہ نفل پڑھنے والا کوئی نہیں دیکھا۔ امام وکیع کہتے ہیں۔ ابو حنیفہؒ عظیم
الامانۃ تھے اور راہ خدا میں ہر چیز کے ایثار پر تیار ہو جاتے تھے۔ حق کے مقابلہ میں
تلواروں کا نشانہ بن جانا ان کو آسان تھا۔

عبداللہ مبارک نے ایک روز فرمایا کہ ابو حنیفہؒ تو آیت (نشان) تھے۔ ایک
شخص بولا، نیکی یا بدی میں؟ ابن المبارک نے فرمایا، چپ رہو۔ لفظ آیت کا استعمال خیر
میں کیا جاتا ہے اور لفظ غائت کا استعمال شر میں ہوتا ہے۔ تجھے یہ آیت قرآنی بھی یاد
نہیں۔ و جعلنا ابن مریم وامه اية۔ مسعر بن کدام کہتے ہیں۔ مجھے کوفہ کے
صرف دو شخصوں پر حسد آتا ہے۔ فقہ میں ابو حنیفہؒ پر اور زہد میں حسن بن صالح پر۔

ابو نعیم کہتے ہیں: ابو حنیفہؒ خوب رو، خوش لباس، پاکیزہ تمت، کثیر الکرام
اور ہمدرد انسان تھے۔ قاضی ابو یوسفؒ فرماتے ہیں۔ ابو حنیفہؒ نہ بہت لانبے تھے، نہ ناٹے
تھے۔ ان کا قد درمیانہ تھا۔ وہ خوش گو اور شیریں سخن تھے۔

روح بن عبادہ کہتے ہیں میں ابن جریج کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ جب امام ابو حنیفہؒ
کے انتقال کی خبر ان کو ملی، سنتے ہی انا للہ پڑھا اور غمناک ہو گئے۔ اور پھر فرمایا آہ کیا
علم اٹھ گیا؟ ابو بکر عیاشؒ کہتے ہیں کہ سفیان ثوریؒ کا بھائی مر گیا۔ ابو حنیفہؒ تعزیت کے
لئے آئے۔ سفیان نے آگے بڑھ کر ان کا اکرام کیا اور خود ان کے سامنے ہو کر بیٹھے۔ جب
ابو حنیفہؒ چلے گئے تو لوگوں نے کہا آج تو آپ نے عجیب حرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ
شخص علم کے اونچے درجے پر ہے۔ اچھا اگر میں ان کا اکرام بوجہ علم نہ کرتا تو بوجہ سن تو
ضرور کرتا۔ اور اگر

بہر حال ملت اسلامیہ کے جملہ اکابران بے خبر جاہلوں اور شوریدہ سر احمقوں کی لعن طعن سے محفوظ ہیں، یہ بزرگان ملت چاہے ائمہ اربعہ مجتہدین ہوں، یا محدثین کا گروہ، صالح متصوفین کی جماعت، یا دوسرے متقدمین کا طبقہ ہو۔

ائمہ اربعہ

اکابر ملت جو ہم سے صدیوں پہلے جلوہ گر تھے، اور زمانہ خیر القرون کا تھوڑا یا زیادہ حصہ پائے تھے ان میں ائمہ اربعہ کو نمایاں مقام حاصل ہے، پھر ان میں امام اعظم ابوحنیفہ کوفی رحمہ اللہ اول مجتہد ہیں، دوسرے امام دار الہجرۃ مالک بن انس، تیسرے امام شافعی اور چوتھے امام احمد ہیں، یہ چاروں بزرگوار قرون مشہود لہا بالخیر کے تیسرے قرن میں تھے، کیونکہ امام اعظم کی وفات ۱۵۰ھ میں ہوئی تھی، امام مالک کی وفات ۱۷۹ھ میں واقع ہوئی تھی، امام شافعی کی ولادت امام اعظم کے سال وفات (۱۵۰ھ) سے متفق ہوئی، اور امام احمد ۱۶۴ھ میں پیدا ہوئے (☆)، جیسا کہ علامہ فلانی نے ایقاظ الھمم میں ذکر کیا ہے۔

حدیث عمران بن حصین میں ہے کہ:

"قال رسول الله ﷺ: خير أمتي قرني، ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم" الحديث. (۷۳) (میری امت کے بہترین لوگ میرے زمانے کے لوگ ہیں، پھر وہ لوگ جو ان سے متصل ہیں، پھر وہ لوگ جو ان سے متصل ہیں)

امام اعظم

اس حدیث میں لفظ "قرنی" کو اگر حیات نبوت کے زمانے کے ساتھ مخصوص رکھیں، جیسا کہ بعض بڑے علماء کا مسلک ہے، تو صحابہ و تابعین کے دو زمانے باقی رہتے ہیں، (یعنی تابعین تک خیر القرون محدود ہوگا) اور جو لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ امام اعظم کے

کا اردو ترجمہ

ائمہ اربعہ کا دفاع
اور
سنت کی اتباع

تالیف

نواب صدیق حسن خان بھوپالی رحمہ اللہ
۱۲۴۸ھ - ۱۳۰۷ھ

ترجمہ وتحقیق

مولانا محمد اعظمی
سابق شیخ الجامعہ جامعہ عالیہ عربیہ مئوناتھ بھنجن یوپی

مکتبۃ الفہیم مئوناتھ بھنجن یوپی

حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا لفظ غیر مقلدین کے گھر سے

صحیح ہے"

اِس اصول کو سامنے رکھ کر برادران حنفیہ امام اعظم ابو حنیفہ کا فتویٰ اِس بارے میں سنیں، صاحب ردّ المحتار لکھتے ہیں۔

عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ یَکْرَہُ اَنْ یُّبْنٰی عَلَیْہِ (ای القبر) بِنَاءٌ مِنْ بَیْتٍ اَوْ قُبَّۃٍ اَوْ نَحْوِ ذٰلِکَ لِمَا رُوِیَ جَابِرٌ نَّہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ تَجْصِیْصِ الْقُبُوْرِ وَاَنْ یُّکْتَبَ عَلَیْہَا وَاَنْ یُّبْنٰی عَلَیْہِ (مسلم) (شامی مطبوعہ مصر جلد اول صفحہ ۶۲۲ باب صلوٰۃ الجنائز)۔

یعنی امام ابو حنیفہ مکروہ جانتے تھے، قبر پر کسی قسم کا مکان یا قبہ بنانا۔ کیونکہ جابرؓ نے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے قبروں کو چونہ سے پختہ بنانے اور اُن پر کچھ لکھنے اور عمارت بنانے سے۔

اسی روائیت کی بنا پر امام شافعی رضی اللہ عنہ کا قول ہے۔

رَاَیْتُ الْاَئِمَّۃَ بِمَکَّۃَ یَاْمُرُوْنَ بِھَدْمِ مَا یُبْنٰی (نووی شرح مسلم جلد اول صفحہ ۳۱۲)

یعنی امام شافعی کہتے ہیں میں نے مکہ شریف میں دیکھا ہے کہ قبروں پر جو کچھ بنایا جاتا تھا ائمہ یعنی حکام اُس کے گرانے کا حکم دیتے تھے،

حدیث میں جو لفظ آیا ہے جو قبر بلند ہو اُسے گرا دو یہ اس فعل کی تائید کرتا ہے مقلدین خصوصاً حنفیہ کرام میں امام ابو حنیفہ کے قول کی تردید کی نہ سکت ہے نہ اُس کی تائید کی حاجت، کیونکہ وہ ان کے نزدیک ایک حجت شرعیہ ہے جس سے انحراف کرنے اور تردید کرنے والوں کے حق میں ایک شعر پڑھا جاتا ہے، جو عموماً پختہ مقلدین، غیر مقلدین کو سنا کر پڑھا کرتے ہیں آج ہم ان کو سناتے

صلوٰۃ الرسول ﷺ

تالیف

حضرت مولانا حکیم محمد صادق سیالکوٹی رحمہ اللہ

SALAAT AR-RASOOL

e Most Popular book in the Indian Sub-Continent o

the Description of the Prayer as per the Sunnah

Moulana Muhammed Saadiq Sialkoti

(Rahimahullah)

ناشر

لجنة القارة الهندية - جمعية إحياء التراث الإسلامي

(قبہ، گنبد، مقبرہ وغیرہ) بنانے سے منع کیا اور آپ ﷺ نے قبر پر بیٹھنے سے بھی منع فرمایا۔ (قبر پر بیٹھنے کی نہی سے قبر پر مجاور بن کر بیٹھنا یا قبر پر چلہ کرنے بیٹھنا، یا یوں ہی قبر پر بیٹھنا، سب صورتیں منع ہوگئیں)"

امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ

"رُوِيَ عَنْ أَبِي حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى أَنَّهُ قَالَ لَا يُجَصَّصُ الْقَبْرُ وَلَا يُطَيَّنُ وَلَا يُرْفَعُ عَلَيْهِ بِنَاءٌ وَسَقْطًا" (فتاویٰ قاضی خان)

"امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں۔ قبر نہ تو پختہ بنائی جائے اور نہ مٹی سے لیپی جائے۔ اور قبر پر نہ تو کوئی عمارت (گنبد، قبہ، مقبرہ وغیرہ) کھڑی کی جائے اور نہ خیمہ۔"

قبروں کی زیارت

مردوں کو قبروں کی زیارت کرنا سنت ہے۔ اس لئے کہ قبروں کو دیکھنے سے آخرت کی یاد آتی ہے اور دنیا سے بے رغبتی پیدا ہوتی ہے۔ (بلوغ المرام)

زیارت قبور کی دعائیں

جو شخص قبروں کی زیارت کرنے جائے تو وہ رسول اللہ ﷺ کی فرمائی ہوئی یہ دعا پڑھے۔ ہاتھ اٹھانے کا کوئی حکم نہیں۔

"اَلسَّلَامُ عَلٰى أَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَيَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَأْخِرِيْنَ وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ"

"سلام ہو مومنوں اور مسلمانوں کے گھر والوں پر اور رحم کرے اللہ ہم سے پہل کرنے والوں پر اور پیچھے رہنے والوں پر۔ اور ہم بھی اگر خدا نے چاہا تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں۔" (رواہ مسلم)

حضرت امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ امام عالم عابد بڑی شان والے تھے

اتبعوا احسن ما انزل الیکم من ربکم

الحمد للہ

رسالہ

معقولاتِ حنفیہ

جس میں

ہفت مسائل فقہ مذکور ہیں۔ جن کے ضمن میں مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کے رسالہ الحیلۃ الناجزۃ پر بھی تبصرہ کیا گیا ہے۔

مصنفہ

مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ امرتسری

النور اکیڈمی مکتبہ ثنائیہ

جامع مسجد اہل حدیث بلاک نمبر ۱۹ سرگودھا

وجہ تالیف

حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت ہمارا وہی اعتقاد ہے جو حافظ ذہبی (محدث) نے تذکرۃ الحفاظ میں لکھا ہے۔

کان (ابوحنیفہ) اماما، عالما، متعبدا، کبیر الشان لا یقبل جوائز السلطان بل یتجر ویکتسب (تذکرہ جلد اول ص۱۵۱)

یعنی امام ابوحنیفہ امام عالم عابد بڑی شان والے تھے حکومت کے وظائف قبول نہ کرتے بلکہ (اپنے گذارہ کیلئے) تجارت اور کسب کرتے تھے۔

چونکہ عصمت فی الاحکام خاصہ نبوت ہے اس لئے کسی امام کے کسی مسئلے کی جانچ کرنا یا اس کی دلیل نہ ملنے سے اُسے واجب العمل نہ جاننا خصوصاً ان کے اتباع کے اقوال کو جو انہوں نے اپنے فہم سے داخل مذہب کر رکھے ہیں بمقابلہ مدلل بات کے ترک کر دینا سوء ظنی کا محل نہیں سلف سے خلف تک ایسا ہی ہوتا چلا آیا ہے جس کی نظائر ہم نے اپنے رسالہ "تقلید شخصی اور سلفی" میں دی ہوئی ہیں۔

١٦٣ ١٠/٥ س ـ ابو حنيفة الامام الاعظم

فقيه العراق النعمان بن ثابت بن زوطا التيمي مولاهم الكوفي مولده سنة ثمانين رأى انس بن مالك غير مرة لما قدم عليهم الكوفة رواه ابن سعد عن سيف بن جابر انه سمع اباحنيفة يقوله وحدث عن عطاء و نافع و عبد الرحمن بن هرمز الاعرج و عدى بن ثابت و سلمة بن كهيل و ابي جعفر محمد بن علي و قتادة و عمرو بن دينار و ابي اسحاق و خلق كثير، تفقه به زفر بن الهذيل و داود الطائي و القاضي ابو يوسف و محمد بن الحسن واسد بن عمرو و الحسن بن زياد اللؤلؤى و نوح الجامع و ابو مطيع البلخي و عدة . وكان قد تفقه بحماد بن ابي سليمان و غيره وحدث عنه وكيع و يزيد بن هارون و سعد بن الصلت و ابو عاصم و عبد الرزاق و عبيد الله بن موسى و ابو نعيم و ابو عبد الرحمن المقرى و بشر كثير . و كان اماما و رعا عالما عاملا متعبدا كبيرالشأن لايقبل جوائز السلطان بل يتجر و يتكسب .

قال ضرار بن صرد سئل يزيد بن هارون ايما افقه الثورى او ابو حنيفة ؟ فقال : ابو حنيفة افقه و سفيان احفظ للحديث . و قال ابن المبارك : ابوحنيفة افقه الناس . و قال الشافعي : الناس في الفقه عيال على ابي حنيفة . و قال يزيد ما رأيت احدا اورع و لا اعقل من ابي حنيفة . و روى احمد بن محمد بن القاسم بن محرز عن يحيى بن معين قال: لا بأس به لم يكن يتهم . ولقد ضربه يزيد بن عمر بن هبيرة على القضاء فابى ان يكون .

بسم اللہ الرحمن الرحیم

طریق الجنۃ

المعروف

جنت کا راستہ

مصنف ۔ زبیر علیزئی

اس کتاب میں صرف آیاتِ قرآنیہ، صحیح اور حسن لذاتہ احادیث اور اجماع سے استدلال کیا گیا ہے ۔
کسی ضعیف یا حسن لغیرہ حدیث سے اصول بلکہ شواہد میں بھی حجت نہیں پکڑی گئی۔ مختصراً عرض ہے کہ اس کتاب میں ہر وہ حدیث جسے بطور استدلال پیش کیا گیا ہے ۔ بالکل صحیح اور حجت ہے ۔ وما علینا الا البلاغ

شائع کردہ :۔ جماعۃ اہل الحدیث
حضرو ضلع اٹک

اکٹھی نہیں ہو سکتی الخ ۔ لہٰذا ہم اجماعِ امت کو بھی حجت مانتے ہیں ۔ یاد رہے کہ صحیح حدیث کے خلاف اجماع ہوتا ہی نہیں ۔ ہم تمام صحابہ رضی اللہ عنہم کو عدول اور اپنا محبوب مانتے ہیں ۔ تمام صحابہ کو حزب اللہ اور اولیاء اللہ سمجھتے ہیں ۔ ان کے ساتھ محبت کو جزوِ ایمان سمجھتے ہیں ۔ جو ان سے بغض کرتا ہے ہم اس سے بغض کرتے ہیں ۔ ہم تمام ثقہ تابعین اور آئمہ مسلمین مثلاً امام ابو حنیفہؒ ، امام مالکؒ ، امام شافعیؒ ، امام احمد بن حنبلؒ ، امام بخاریؒ ، امام مسلمؒ ، امام نسائیؒ ، امام ترمذیؒ ، امام ابوداؤدؒ امام ابن ماجہؒ وغیرہم سے محبت اور پیار کرتے ہیں ۔ اور جو شخص ان سے بغض کرے ہم اس سے بغض کرتے ہیں ۔

توحید ، رسالت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ، تقدیر پر ہمارا کامل ایمان ہے ۔ آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام انبیاء و رسل کی نبوتوں اور رسالتوں کا اقرار کرتے ہیں ۔ قرآن مجید کو اللہ تعالیٰ کا کلام سمجھتے ہیں ۔ قرآن مجید مخلوق نہیں ہے ۔ ہم ایمان میں کمی بیشی کے بھی قائل ہیں ۔ اہل سنت کے جو عقائد ہمارے علماء سلف نے بیان کیے ہیں ہمارا ان پر ایمان اور یقین ہے ۔ مثلاً امام ابن خزیمہؒ ، امام عثمان بن سعید الدارمیؒ ، امام بیہقیؒ ، امام ابن ابی عاصمؒ ، امام ابن قیمؒ ، امام آجریؒ ، امام لالکائیؒ وغیرہم ۔ رحمہم اللہ اجمعین ۔

چند ضروری اصطلاحات بترتیب حروف تہجی۔

(1)	اجتہاد	شرعی احکام کے علم کی تلاش میں ایک مجتہد کا استنباط احکام کے طریقے سے اپنی بھرپور ذہنی کوشش کرنا اجتہاد کہلاتا ہے۔
(2)	اجماع	اجماع سے مراد نبی ﷺ کی وفات کے بعد کسی خاص دور میں (امت مسلمہ کے) تمام مجتہدین کا کسی دلیل کے ساتھ کسی شرعی حکم پر متفق ہو جانا ہے۔
(3)	استحسان	قرآن سنت یا اجماع کی کسی قوی دلیل کی وجہ سے قیاس کو چھوڑ دینا۔ اس کے علاوہ بھی اس کی مختلف تعریفیں کی گئی ہیں۔
(4)	استصحاب	شرعی دلیل نہ ملنے پر مجتہد کا اصل کو پکڑ لینا استصحاب کہلاتا ہے۔ واضح رہے کہ تمام نفع بخش اشیاء میں اصل اباحت ہے اور تمام ضرر رساں اشیاء میں اصل حرمت ہے۔
(5)	اصل	اصول کا واحد ہے علماء اس کے پانچ معانی ہیں۔ (1) دلیل (2) قاعدہ (3) بنیاد (4) راجح بات (5) حالت مستصحبہ۔
(6)	امام	کسی بھی فن کا معروف عالم جیسے فن حدیث میں امام بخاری اور فن فقہ میں امام ابو حنیفہ۔
(7)	آحاد	خبر واحد کی جمع ہے۔ اس سے مراد ایسی حدیث ہے جس کے راویوں کی تعداد متواتر حدیث کے راویوں سے کم ہو۔
(8)	آثار	ایسے اقوال اور افعال جو صحابہ کرام اور تابعین کی طرف منقول ہوں۔
(9)	اطراف	وہ کتاب جس میں ہر حدیث کا ایسا حصہ لکھا گیا ہو جو باقی حدیث پر دلالت کرتا ہو مثلاً تحفۃ الاشراف از امام مزی وغیرہ۔
(10)	اجزاء	اجزاء جزء کی جمع ہے۔ اور جزء اس چھوٹی کتاب کو کہتے ہیں جس میں ایک خاص موضوع سے متعلق بالاستیعاب احادیث جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہو مثلاً جزء رفع الیدین از امام بخاری وغیرہ۔
(11)	اربعین	حدیث کی وہ کتاب جس میں کسی بھی موضوع سے متعلقہ یا [illegible] احادیث ہوں۔
(12)	باب	کتاب کا وہ حصہ جس میں ایک ہی نوع سے متعلقہ مسائل بیان کیے گئے ہوں۔
(13)	تعارض	ایک ہی مسئلے میں دو مخالف احادیث کا جمع ہو جانا تعارض کہلاتا ہے۔
(14)	ترجیح	باہم مخالف دلائل میں سے کسی ایک کو عمل کے لیے زیادہ مناسب قرار دے دینا ترجیح کہلاتا ہے۔
(15)	جائز	ایسا شرعی حکم جس کے کرنے اور چھوڑنے میں اختیار ہو۔ مباح اور حلال بھی اسی کو کہتے ہیں۔

یکایک میرے سامنے گھپ اندھیرا چھا گیا گویا ظلمت بعضھا فوق بعض کا نظارہ ہو گیا معاً خدا تعالیٰ نے میرے دل میں ڈالا کہ یہ

فیض ربانی: ہر چند کہ میں سخت گنہگار ہوں- لیکن یہ ایمان رکھتا ہوں اور اپنے صالح اساتذہ جناب مولانا ابو عبداللہ عبیداللہ غلام حسن صاحب مرحوم سیالکوٹی اور جناب مولانا حافظ عبدالمنان صاحب مرحوم محدث وزیر آبادی کی صحبت و تلقین سے یہ بات یقین کے رتبے تک پہنچ چکی ہے کہ بزرگان دین خصوصاً حضرات ائمہ متبوعین سے حسن عقیدت نزول برکات کا ذریعہ ہے- اس لئے بعض اوقات خدا تعالیٰ اپنے فضل عمیم سے کوئی فیض اس ذرہ بے مقدار پر نازل کر دیتا ہے- اس مقام پر اس کی صورت یوں ہے کہ جب میں نے اس مسئلہ کے لئے کتب متعلقہ الماری سے نکالیں- اور حضرت امام صاحبؒ کے متعلق تحقیقات شروع کی تو مختلف کتب کی ورق گردانی سے میرے دل پر غبار آ گیا- جس کا اثر بیرونی طور پر یہ ہوا کہ دن دوپہر کے وقت جب سورج پوری طرح روشن تھا- یکایک میرے سامنے گھپ اندھیرا چھا گیا گویا ظلمت بعضھا فوق بعض کا نظارہ ہو گیا معاً خدا تعالیٰ نے میرے دل میں ڈالا کہ یہ حضرت امام صاحبؒ سے بدظنی کا

نتیجہ ہے اس سے استغفار کرو- میں نے کلمات استغفار دہرانے شروع کئے- وہ اندھیرے فوراً کافور ہو گئے اور ان کی بجائے ایسا نور چمکا کہ اس نے دوپہر کی روشنی کو مات کر دیا- اس وقت سے میری حضرت امام صاحبؒ سے حسن عقیدت اور زیادہ بڑھ گئی- اور میں ان شخصوں سے جن کو حضرت امام صاحب سے حسن عقیدت نہیں ہے کہا کرتا ہوں کہ میری اور تمہاری مثال اس آیت کی مثال ہے کہ حق تعالیٰ منکرین معارج قدسیہ آنحضرت ﷺ سے خطاب کر کے فرماتا ہے افتمارونہ علی مایری- میں نے جو کچھ عالم بیداری اور ہشیاری میں دیکھ لیا اس میں مجھ سے جھگڑا کرنا بے سود ہے- ھذا واللہ ولی الھدایۃ-

خاتمۃ الکلام: اب میں اس مضمون کو ان کلمات پر ختم کرتا ہوں اور اب ناظرین سے امید رکھتا ہوں کہ وہ بزرگان دین سے خصوصاً ائمہ متبوعینؒ سے حسن ظن رکھیں- اور گستاخی اور شوخی اور بے ادبی سے پرہیز کریں- کیونکہ اس کا نتیجہ ہر دو جہاں میں موجب خسران و نقصان ہے- نسئل اللہ الکریم حسن الظن والتادب مع الصالحین ونعوذ باللہ العظیم من سوء الظن بھم والوقیعۃ فیھم فانہ عرق الرفض[1] والخروج وعلامۃ المارقین ولنعم ماقیل

از خدا خواہیم توفیق ادب بے ادب محروم شد از لطف رب

خاک پائے علماء متقدمین و متاخرین حافظ محمد ابراہیم میر سیالکوٹی

---

[1] مولانا ثناء اللہ مرحوم امرتسری نے مجھ سے بیان کیا کہ جن ایام میں میں کانپور میں مولانا احمد حسن صاحب کانپوری سے علم منطق کی تحصیل کرتا تھا- اختلاف مذاق و مشرب کے سبب احناف سے میری گفتگو رہتی تھی- ان لوگوں نے مجھ پر یہ الزام تھوپا کہ تم اہل حدیث لوگ ائمہ دین کے حق میں بے ادبی کرتے ہو- میں نے اس کے متعلق حضرت میاں صاحب مرحوم دہلوی یعنی شیخ الکل حضرت سید نذیر حسین صاحب مرحوم سے دریافت کیا تو آپ نے جواب میں کہا کہ ہم ایسے شخص کو جو ائمہ دین کے حق میں بے ادبی کرے چھوٹا رافضی جانتے ہیں- علاوہ بریں میاں صاحب مرحوم معیار الحق میں حضرت امام صاحب کا ذکر ان الفاظ میں کرتے ہیں اما منا وسیدنا ابو حنیفہ النعمان افاض اللہ علیہ شآبیب العفو والغفران(۲) نیز فرماتے ہیں کہ مجتہد ہونا اور متبع سنت اور متقی اور پرہیزگار ہونا کافی ہے ان کے فضائل میں اور آیہ کریمہ ان اکرمکم عند اللہ اتقکم زینت بخش مراتب ان کے لئے ہے" (ص ۵)

حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے گستاخ کا خاتمہ دین حق پر نہ ہوگا

اس بارے میں زیادہ بدنام ہے۔ اس لیے مثالی طور پر حضرت شیخ الہند کو خواب میں سمجھایا گیا۔ اور ہمارے مدرسہ کا حال سُنیئے۔ ایک روز حضرت والد بزرگوار مولانا عبد الجبار غزنویؒ کے درس بخاری میں ایک طالب علم نے کہہ دیا کہ امام ابو حنیفہؒ کو پندرہ حدیثیں یاد تھیں۔ مجھے ان سے زیادہ حدیثیں یاد ہیں۔ والد صاحب کا چہرۂ مُبارک غصّہ سے سُرخ ہوگیا۔ اس کو حلقۂ درس سے نکال دیا اور مدرسہ سے بھی خارج کر دیا اور بفحوائے " اتقوا فراسة المومن فانه ينظر بنور الله " فرمایا کہ اس شخص کا خاتمہ دین حق پر نہیں ہوگا۔ ایک ہفتہ نہیں گزرا تھا کہ معلوم ہوا کہ وہ طالب علم مُرتد ہو گیا ہے۔ اعاذنا الله من سوء الخاتمہ۔

یہ ہے جو آپ سے کہہ رہا ہوں کہ جس طرح ایک حنفی عالم یا حنفی درس گاہ اگر امام شافعیؒ کی شان میں بے ادبی اور گستاخی کرے تو اس کو احناف کا من حیث الجماعت مسلک نہیں قرار دیا جا سکتا۔ اسی طرح اگر کوئی اہل حدیث امام ابو حنیفہؒ کے حق میں کوئی ناشائستہ لفظ استعمال کرتا ہے یا دل میں سوء ظن رکھتا ہے تو یہ اہلِ حدیث کا مسلک نہیں کہلائے گا۔"

حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق بری رائے رکھنے والے کچھ لوگ تو حاسد اور کچھ جاہل ہیں

خاتمۃ الحفاظ حافظ ابن حجرؒ اور امام ابو حنیفہؒ: حافظ ذہبیؒ کے بعد خاتمۃ الحفاظ حافظ ابن حجرؒ کو بھی دیکھئے۔ علوم حدیثیہ و تاریخیہ میں ان کے تجرو فضل و کمال اور احوال رجال سے پوری آگاہی کے متعلق کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔ آپ تہذیب التہذیب میں جو اصل میں امام ذہبیؒ کی کتاب تہذیب کی تہذیب ہے۔ امام ابو حنیفہؒ کے ترجمہ میں آپ کی دینداری اور نیک اعتقادی اور صلاحیت عمل میں کوئی بھی خرابی اور کسر بیان نہیں کرتے۔ بلکہ بزرگان دین سے ان کی از حد تعریف نقل کرتے ہیں اور فرماتے ہیں الناس فی ابی حنیفۃ حاسد و جاہل یعنی حضرت امام ابو حنیفہؒ کے متعلق (بری رائے رکھنے والے) لوگ کچھ تو حاسد ہیں اور کچھ جاہل ہیں سبحان اللہ کیسے اختصار سے دو حرفوں

لے حضرت سعید بن جبیرؒ کے یہ حالات تذکرۃ الحفاظ جلد اول ص ۶۶ میں ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ تقریب میں فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیرؒ ۹۵ھ میں فوت ہوئے۔

میں معاملہ صاف کر دیا۔

نیز حافظ صاحب ممدوح لکھتے ہیں کہ قاضی احمد بن عبدہ قاضیؒ نے اپنے باپ سے نقل کیا کہ ہم ابن عائشہ کے پاس بیٹھے تھے کہ اس نے امام ابو حنیفہؒ کی ایک حدیث بیان کر کے کہا کہ تم لوگ اگر آپ کو دیکھ پاتے تو ضرور آپ کو چاہنے لگتے۔ پس تمہاری اور ان کی مثال ویسی ہے جیسے یہ شعر کہا گیا ہے

قال المؤلف : باب الاول

بیچ فضائل امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے

اقول ہر چند کہ فضائل سے امام صاحب کے ہم کو عین عزت اور فخر ہے اس لئے کہ وہ ہمارے پیشوا ہیں۔ اور ا
ان کے امر حق میں پیرو ہیں لیکن ان فضائل سے جو فی الواقع بھی ہوں اور ساتھ اسناد صحیح کے ثابت ہوں نہیں تو جھو
تعریف شعبہ رفض کا ہے کیونکہ وہ لوگ اسی مرض سے ہلاک ہو گئے ہیں۔ اور رافضی ٹھہرائے گئے ہیں۔ اس لئے ہم
ضرور ہوا کہ اس بات کی بھی تحقیق لکھیں کیونکہ کچی کچی باتیں کہ جو پایۂ تحقیق سے نزدیک علماء محققین ثقات کے دور ہیں
بھر رہی ہیں اور اس میں امام صاحب کے تابعی ہونے کا دعویٰ کیا ہے اور واسطے اثبات اس دعویٰ کے احادیث موضو
اور معلقہ اور قصے وابیات وارد کیے گئے ہیں۔ اور اس میں کچھ امام صاحب کی کسر شان اور مذمت نہیں ہے۔ اس لئے
کہ ان کی فضیلت تابعی ہونے پر موقوف نہیں ان کا مجتہد ہونا، اور متبع سنت اور متقی اور پرہیز گار ہونا کافی ہے ان
فضائل میں اور آیہ کریمہ: ﴿ان اکرمکم عنداللہ اتقکم﴾ ②

(بحث تابعیت امام صاحب)

زینت بخش مراتب ان کی کے ہے اور اکثر ائمہ نقل امام صاحب کے تابعی ہونے کے قائل نہیں چنانچہ آگے بیا
اس کا آئے گا۔

قال اور "اعلام الاخبار" میں لکھا ہے کہ امام صاحب نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے تین حدیثیں نقل کی ہیں:

اول حدیث: **"طلب العلم فریضة علی کلم مسلم "**

دوم حدیث: **"ان الله یحب اغاثة اللهفان "**

تیسری حدیث: **لو وثق العبد بالله تعالیٰ ثقة الطیر لرزقه کما یرزق الطیر تغدو خماصا وتروح بطانا کما فی الطحطاوی.** ③

دوسرے عبداللہ بن ابی اوفیٰ بن علقمہ ہیں کہ انہوں نے کوفے میں سن چھیاسی یا ستاسی میں سب اصحاب کے بع
رحلت فرمائی۔ اس وقت امام صاحب چھ یا سات برس کے تھے اور امام صاحب نے ان سے یہ حدیث نقل کی ہے:

"من بنی لله مسجدا ولو کمفحص قطاة بنی الله له بیتا فی الجنة کذا فی الطحطاوی" ④.

اور مختصر میں ابن حجر نے لکھا ہے کہ پانچ برس کی عمر سماع حدیث میں معتبر ہے جیسا کہ محمد بن اسماعیل البخاری۔

الجواب: صورت مندرجہ سوال میں جو سائلہ نے مسئلہ درج کیا ہے، یہ
مسئلہ ائمہ دین اعلی اللہ درجاتہم فی اعلی علیین میں مختلف فیہا ہے، امامنا وامام [illegible]
امام المغارب الشیخ المفخم ابو حنیفہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ایسی صورت میں
عورت کو حق فسخ نکاح حاصل نہیں ہوتا۔ لیکن امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ کے
نزدیک عورت کو حق فسخ نکاح حاصل ہو جاتا ہے، درمختار فقہ حنفی باب النفقہ صفحہ ۱۰۷۹
میں لکھا ہے۔ وجوزہ الشافعی باعسار الزوج وتضررها بغیبتہ وقال فی فتح القدیر
باب النفقۃ صفحہ ۳۶۹ جلد ۲ قال القاضی ابو الطیب من الشافعیۃ اذا تعذرت
النفقۃ علیها بالغیبۃ ثبت لها الفسخ۔ نیل المآرب شرح دلیل الطالب فقہ حنبلی
مطبوعہ مصریہ میں صفحہ ۹۴ باب النفقہ میں لکھا ہے۔ اذا غاب الموسر عن زوجتہ
وتعذرت علیها النفقۃ بان لم یترک لها ما تنفقہ علی نفسها ولم تقدر لہ علی مال
ولا امکنها علی تحصیل نفقۃ ولا استدانۃ علیہ ولا غیرها اخذ لها الفسخ فی الحال ومتراخیا

امامنا وامام المشارق وامام المغارب الشیخ المفخم ابو حنیفہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ تعظیم کے ساتھ نام

الجواب: صورت مندرجہ سوال میں جو سائل نے مسئلہ درج کیا ہے، یہ مسئلہ ائمہ دین اعلی اللہ درجاتہم فی اعلے علیین میں مختلف فیہا ہے، امامنا وامام المشارق وامام المغارب الشیخ المفخم ابو حنیفہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ایسی صورت میں عورت کو حق فسخ نکاح حاصل نہیں ہوتا، لیکن امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ کے نزدیک عورت کو حق فسخ نکاح حاصل ہو جاتا ہے، درمختار فقہ حنفی باب النفقہ صفحہ ۱۰۶۹ میں لکھا ہے۔ وجوزہ الشافعی باعسار الزوج وتضررھا بغیبتہ وقال فی فتح القدیر باب النفقۃ صفحہ ۳۶۹ جلد ۲ قال القاضی ابو الطیب من الشافعیۃ اذا تعذرت النفقۃ علیہا لغیبتہ ثبت لہا الفسخ۔ نیل المآرب شرح دلیل الطالب فقہ حنبلی مطبوعہ مصریہ میں صفحہ ۹۴ باب النفقہ میں لکھا ہے۔ اذا غاب الموسر عن زوجتہ وتعذرت علیہا النفقۃ بان لم یترک لہا ما تنفقہ علی نفسہا ولم تقدر لہ علی مال ولا امکنہا علی تحصیل نفقتہا باستدانۃ علیہ ولا غیرھا فلہا الفسخ فورا ومتراخیا لیکن جب ہمارے حنفیہ کو اس مسئلہ کی بار بار اشد ضرورتیں پیش آئیں، اور علمائے حنفیہ نے ملاحظہ فرمایا کہ عوام الناس اکثر مرتکب اس امر قبیح کے ہوتے ہیں کہ نکاح کرکے نان ونفقہ نہیں دیتے، یا کہیں چلے جاتے ہیں، اور ان کی عورتیں متواتر فاقہ کشی کی مصیبت میں تنگ آکر علمائے حنفیہ سے اپنی دفع مصیبت کی تدبیریں اور فتوے پوچھتی ہیں، پس جب علمائے حنفیہ کے سامنے صدہا سوالات اس قسم کے آئے، تو علمائے کبار نے ایسی مصیبت زدوں کی رہائی اور مخلصی لازم سمجھی، اس لئے اپنے مذہب کے معتبر فتاووں میں اپنے قلم سے یہ بات تحریر کردی، کہ ضرورت کے وقت

امام جعفر صادق رحمہ اللہ سے امام بخاری رحمہ اللہ نے روایات نقل نہیں کی ہیں

١٥٢١[٢٥٤٢ت] - جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ (١)[م،عو] بْنِ عَلِيِّ بْنِ الحُسَيْنِ الهَاشِمِيُّ، أبو عبدا

= الكبير: ٢/ ١٩٧، الجرح والتعديل: ٢/ ١٩٧٣، الثقات: ٤/ ١٠٥.

(١) المغني: ١/ ١٣٣، الجرح والتعديل: ٢/ ٤٨٥، الضعفاء والمتروكين: ١/ ١٧٢.

(٢) ينظر المغني: ١/ ١٣٣.

(٣) تنقيح المقال: ١/١٨٣٣، معجم المؤلفين: ٣/ ١٤٣، تاريخ بغداد: ٧/ ١٦٢، دائرة معارف الأعلمي ١٤/ ٣١٧.

(٤) في أ: اليزيدي.

(٥) ينظر المغني: ١/ ١٣٣، الضعفاء والمتروكين: ١/ ١٧٢، الجرح والتعديل: ٢/ ٤٨٧.

(٦) ينظر: تهذيب الكمال: ١/ ١٩٩، تهذيب التهذيب: ٢/ ١٠٣، تقريب التهذيب: ١/ ١٣٢، خلاصة تهذيب الكمال: ١/ ١٦٨، الكاشف: ١/١٨٦، تاريخ البخاري الكبير: ٢/ ١٩٨، تاريخ البخاري الصغير ٢/ ٧٣، ٩١، الجرح والتعديل: ٢/ ١٩٨٧، الثقات: ٦/ ١٣١، تاريخ خليفة: ٤٢٤، طبقات خليفة

أحد الأئمة الأعلام، بَرٌّ صادق كبير الشأن. لم يحتجّ به البخاري.

قال يَحْيَىٰ بْنُ سَعِيدٍ: مجالد أحبُّ إليّ منه، في نفسي منه شيء. وقال مصعب، عن الدَّرَاوردي قال: لم يَرْوِ مالك عن جعفر حتى ظهر أَمْرُ بني العباس. قال مصعب بن عبدالله كان مالك لا يروي عن جعفر حتى يضمه إلى أحد.

وقال أَحْمَدُ بْنُ سَعْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ: سمعتُ يحيى يقول: كنت لا أسألُ يحيى بن سَعِيد عن جعفر بن محمد، فقال لي: لم لا تسألني عن حديث جعفر؟ قلت: لا أريده. فقال لي: إن كا يحفظ فحديثُ أبيه المسنَد(١).

وقال ابنُ مَعِينٍ: هو ثقة، ثم قال: خرج حَفْص بن غِيَاث إلى عبادان، وهو موضع رباط، فاجتمع إليه البصريون، فقالوا: لا تحدّثنا عن ثلاثة: أشعث بن عبد الملك، وعَمْرو بن عبيد، وجعفر بن محمد. فقال: أما أشعث فهو لكم وأنا أتركه لكم. وأما عَمْرو فأنتم أعلم وأما جعفر فلو كنتم بـ «الكوفة» لأخذَتْكُم النّعَالُ المطرقة.

وروى عَبَّاسٌ عن يَحْيَىٰ قال: جعفر ثقة مأمون.

وقال أَبُو حَاتِمٍ: ثقة لا يُسألُ عن مِثْلِه.

مِيزَانُ الاعْتِدَال فِي نَقْدِ الرِّجَال

تأليف

الإمام الحافظ شمس الدين محمد بن أحمد الذهبي

المتوفى سنة ٧٤٨ هـ

ويليه

ذيل ميزان الاعتدال

للإمام أبي الفضل عبد الرحيم بن الحسين العراقي

المتوفى سنة ٨٠٦ هـ

دراسة وتحقيق وتعليق

الشيخ علي محمد معوض — الشيخ عادل أحمد عبد الموجود

شارك في تحقيقه

الأستاذ الدكتور عبد الفتاح أبو سنة

خبير التحقيق بمجمع البحوث الإسلامية وعضو المجلس الأعلى للشئون الإسلامية

الجزء الثاني

المحتوى:

بانام - خيران

دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

جو لوگ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ پر طعن کرتے ہیں وہ جہالت کی دلدل میں پھنسے ہوئے ہیں

پس کسی کے لئے جائز نہیں کہ امام ابو حنیفہ کو مطعون قرار دیا جائے وہ لوگ جہالت کے دلدل میں پھنسے ہوئے ہیں جو ان کے خلاف زبان طعن دراز کرتے ہیں چونکہ امام ابو حنیفہ ان ائمہ سے ہیں جنہوں نے دین اسلام کی حفاظت کیلئے کوششیں فرمائیں اور ان کے ذریعہ دین کے فروغ سے ہمیں آگاہی حاصل ہوئی اس لئے ان کا ادب واحترام ضروری ہے اور اگر انہوں نے قیاس کیا ہے تو وہ بہر حال عند اللہ اجر وثواب کے مستحق ہیں خواہ ان کا قیاس صحیح تھا یا ان سے قیاس میں غلطی ہوئی البتہ وہ لوگ جو ان کے اقوال کو نہیں چھوڑتے ہیں جو احادیث صحیحہ کے خلاف ہیں وہ درحقیقت ان کی تعظیم نہیں کر رہے ہیں اور نہ انکے مذہب کی موافقت کر رہے ہیں ان کے مذہب کے بارے میں نصوص موجود ہیں کہ صحیح حدیث میرا مذہب ہے پس نہ تو وہ لوگ راہ ثواب پر ہیں جو امام صاحب کے خلاف بے ادبی کے الفاظ نکالتے ہیں اور نہ ہی وہ لوگ جو انکی اندھی تقلید میں مستغرق ہیں اور ان کے اقوال کی حمایت میں حد اعتدال سے متجاوز ہیں حق پرست وہ لوگ ہیں جو اعتدال

الميزان :١/٦٢ البقرة:٢٨٦

کی راہ اختیار کئے ہوئے ہیں، ارشاد ربانی ہے: رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ "اے ہمارے پروردگار ہمیں اور ہمارے بھائیوں کے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں گناہ معاف فرما اور مومنوں کی طرف سے ہمارے دل میں کینہ (وحسد) نہ پیدا ہونے دے اے ہمارے پروردگار تو بڑا شفقت کرنے والا مہربان ہے"

نمازِ نبوی

احادیث صحیحہ کی روشنی میں

تالیف

علامہ محمد ناصر الدین البانی

ترجمہ تہذیب

مولانا محمد صادق خلیل

ناشر

ادارۃ الترجمہ والتالیف

اکثر بلکہ تمام جرحیں حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں مردود ہیں پس اس کے وثوق اور عدل کی تعدیل کے مقابلہ میں قبول نہیں کی جائیں گی خصوصاتب کہ جب عدل کرنے والوں نے جرح کرنے والوں کی جرح کے اسباب اور ان کی جرح کا جواب بھی دیا ہے اور بیان کیا ہے کہ وہ جرحیں حسد کی وجہ سے پیدا ہوئی ہیں حقیقت میں یہ جرحیں کچھ بھی (جرحیں) نہیں ہیں

قال علي القاري في شرح النخبة : « حاصله إن الجرح إما مفسر أو غيره ، وعلى الشقين : إما من عارف بالأسباب أو غيره ، (والثاني) مردود مطلقاً أي مفسراً أو غيره صدر فيمن ثبتت عدالته أو غيره ، (والأول) مقبول فيمن لم يثبت عدالته ، وأما فيمن ثبتت عدالته فمقبول أيضاً إن كان مفسراً ولم ينفه المعدل بطريق معتبر ، ومردود ان كان غير مفسر ، أو كان مفسراً وقد نفاه المعدل بطريق معتبر ، كما صدر من النسائي في كتاب المتروكين : نعمان بن ثابت أبوحنيفة ليس بالقوي في الحديث !!

إن الجرح في أبي حنيفة أكثرها بل كلها مبهمة ، فلا تقبل بإزاء تعديل من عدله ووثقه ، لاسيما وقد ذكر المعدلون الأسباب التي جرحه بها الجارحون ، وردوا عليهم ، وبينوا كونها ناشئة من الحسد ،

و أنها – في الحقيقة – ليست من الجرح في شيء .

قال ابن عبدالبر « الذين تكلموا في من أهل الحديث أكثر ماعابوا عليه : الإغراق في الرأي والقياس ، وقد مر أن ذلك ليس بعيب .

وقال يحيى بن معين : « أصحابنا يفرطون في أبي حنيفة وأصحابه » .

وقال ابن أبي داود عن نصر بن علي : سمعت ابن داود – يعني الخريبي ، يقول : « الناس في أبي حنيفة حاسد وجاهل . كذا في تهذيب التهذيب (١٠ – ٤٥١) .

وروى الخطيب عن أحمد بن عبدة القاضي ، قال : كنا عند ابن أبي عائشة ، فذكر حديثاً لأبي حنيفة ، فقال بعض من حضر : لانريده ، فقال لهم : أما إنكم لو رأيتموه لأردتموه ، وما أعرف له ولكم مثلاً إلا ماقال الشاعر :

أقلوا عليهم ويلكم لا أبا لكم   من اللوم ، أو سدوا المكان الذي سدّوا

وفحوى القول ، فقد وثقه الحفاظ الكبار والأئمة المعدلون ، فذكره الذهبي في تذكرة الحفاظ ، ووثقه ابن معين ، وشعبة ، وعلي بن المديني (شيخ البخاري) ، وإسرائيل بن يونس ، ويحيى بن آدم ، وابن داود الخريبي ، والحسن بن صالح ، وقالوا فيه .. على الترتيب :

شعبة : « كان والله حسن الفهم جيد الحفظ » .

ابن معين : « كان أبوحنيفة ثقة ، لايحدث إلا بما يحفظ » .

إسرائيل : « نعم الرجل النعمان ماكان أحفظه لكل حديث فيه فقه وأشد فحصاً عنه » .

يحيى بن آدم : « جمع أبوحنيفة حديث بلده كله ، ونظر فيه إلى آخر ماقبض عليه النبي ﷺ » .

وذكر الخريبي حفظه على أهل الإسلام : السنن والفقه .

وقال الحسن بن صالح : « كان متثبتاً » .

وهؤلاء كلهم معاصرون لأبي حنيفة ، وقريبو العهد به ، وهم أعلم الناس به من النسائي ، وابن عدي وأمثالهما من المتأخرين عنه بكثير ، فقولهم أحرى بالقبول ، وقول المتأخر زماناً أجدر بالرمي في حضيض الخمول .

حضرت تھانوی نے فرمایا اب جاہل لوگ یا معمولی عربی جاننے والے اپنے آپ کو حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ پر قیاس کر کے تقلید نہ کریں تو یہ ان کی غلطی ہے

۲۲۴

تقلید و اجتہاد پر ایک حکیمانہ منصفانہ تقریر فرمایا کہ ایک عالم غیر مقلد مگر غیر متعصب یہاں آئے تھے۔ میں نے اُن سے کہا کہ تقلید کا مدار حسن ظن پر ہے۔ جس شخص کے متعلق یہ گمان غالب ہو کہ یہ دین کے معاملہ میں کوئی بات بے دلیل شرعی کے نہیں کہتے اسکا اتباع کر لیا جاتا ہے اگرچہ وہ کوئی دلیل بھی مسئلہ کی بیان نہ کرے۔ اسیکا نام تقلید ہے۔ اور جس شخص کے متعلق یہ اعتقاد نہیں ہوتا وہ دلیل بھی بیان کرے تو شبہ رہتا ہے دیکھئے حافظ ابن تیمیہؒ اپنے فتاویٰ میں اور بعض رسائل مثلاً رسالہ مظالم میں محض احکام لکھتے ہیں کوئی دلیل نہیں لکھتے مگر غیر مقلد حضرات چونکہ انکے معتقد ہیں کہ وہ بے دلیل بات نہیں کرتے اسلئے انکی بات کو مانتے ہیں۔ تو حنفیہ کو بھی یہ حق ہے کہ امام ابو حنیفہؒ کے بیان کئے ہوئے مسائل پر بلا دلیل اعتقاد عمل کرلیں کہ وہ کوئی بات بے دلیل نہیں فرمایا کرتے۔

۲۲۵

پھر فرمایا کہ یہاں تک بات مساوات کی تھی کہ جس طرح غیر مقلد حضرت ابن تیمیہؒ کی بات بے دلیل بھی مان لیتے ہیں۔ حنفیہ کو بھی یہی حق کیوں حاصل نہ ہو کہ وہ ابو حنیفہ کی بات بغیر دلیل کے محض حسن ظن کی بنا پر مان لیں۔ مگر اب میں آگے بڑھتا ہوں اور ایک مثال سے یہ واضح کرتا ہوں کہ ابن تیمیہؒ کے اجتہاد اور

پھر فرمایا کہ بعض غیر مقلدین کہتے ہیں کہ ہمیں ان سے نفرت ہے بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے جبکہ ہم خود ایک غیر مقلد کے معتقد اور مقلد ہیں۔ کیونکہ امام اعظم ابو حنیفہؒ کا غیر مقلد ہونا یقینی ہے۔ پھر فرمایا کہ مگر انکی تقلید بوجہ خود مجتہد عالم ہونے کے جائز تھی۔ اب جاہل لوگ یا معمولی عربی جاننے والے اپنے کو

۲۲۶

ابو حنیفہ پر قیاس کر کے تقلید نہ کریں تو یہ ان کی غلطی ہے۔

مجالس حکیم الامت

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب

دار الاشاعت

میرا اس باب میں وہ مسلک ہے جو امام المحتاطین امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا ہے

وال :۔ اولی اجنحۃ مثنیٰ وثلاث وربٰع کا ترجمہ تفسیر ثنائی میں لکھا ہے۔ دو دو تین
ن چار چار پروں والے فرشتے۔ اس سے حقیقی مراد کیا ہے۔ کیا فرشتوں کی خلقت واقعی
اطیر ہے۔

(شیخ قاسم علی)

واب :۔ جب تک حقیقت محال نہ ہو۔ حقیقت ہی مراد ہوا کرتی ہے۔ (۴ ذی الحجہ ۱۳۵۱ھ)

وال :۔ زید اور بکر میں نزاع ہے۔ زید کہتا ہے سیاست مذہب کا جزو ہے بغیر اس کے
یب ناممکل ہے۔ بکر مخالف ہے۔ دونوں میں سے صحت پر کون ہے۔ (۴ ذی الحجہ ۱۳۵۱ھ)

واب :۔ مکمل دین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع کرنا ہے۔ رسول اللہ نے زندگی میں
یاست بھی کی ہے۔ اس لئے ہر مسلمان کی اپنی زندگی میں سیاست جزو دین ہے۔ چاہے
نحت پر ہو یا تختہ پر۔ یعنی عمل ہو یا نیت۔ عمل جیسا حدیث شریف میں ہے۔ جو آدمی نہ جہاد
رے نہ جہاد کی نیت رکھے۔ تو وہ نفاق پر مرے گا۔

(اہلحدیث۔ ۳۱ رمضان ۱۳۵۱ھ)

خاص مولوی ثناء اللہ صاحب سے سوال

کیا آپ مقلدین مذاہب اربعہ کو عموماً اور حنفیہ کو خصوصاً کافر کہتے ہیں اور
دائرہ اسلام سے خارج جانتے ہیں اور کیا ان کے کفر کے متعلق آپ نے اپنی کوئی تحریر بھی
شائع کی ہے۔ اخبار اہلحدیث میں یا کسی کتاب میں۔ الخ

(محمد سجاد حسین)

الجواب :۔ مجھے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے شرم آتی ہے۔ کہ یہ سوال مجھ جیسے شخص سے
کیوں پوچھا گیا۔ جس نے کبھی کسی فتویٰ کفر پر دستخط نہیں کئے۔ کیونکہ میرا اس باب میں
وہی مسلک ہے۔ جو امام المحتاطین امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ وغیرہ کا ہے۔ لا نکفر احدا من اهل القبلة

(اہلحدیث ۱۷ ستمبر ۱۹۱۷ء)

شیخ الاسلام حضرت مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ امرتسری

فتاویٰ ثنائیہ

مرتبہ

مولانا محمد داؤد صاحب راز

ادارہ "ترجمان السنہ"

لاہور

مفتی اعظم کا لفظ

ان کا ایک مستقل رسالہ بھی جس کا نام ہے "نصيحة الأمة في جواب عشرة أسئلة مهمة" ہے اس موضوع پر سوالات کے جوابات والا یہ انتہائی مفید رسالہ ہے۔ ❶

منصبِ مفتیٔ اعظم اور فتویٰ نویسی:

سماحۃ الشیخ رحمہ اللہ سعودی عرب کے مفتیٔ اعظم کے منصب پر عرصہ سے فائز چلے آرہے تھے، یہ وہ منصب ہے جس کی رفعتِ شان کا اندازہ اسی سے کیا جاسکتا ہے کہ سب سے پہلے تو خود اللہ تعالیٰ نے اس منصب کو اپنی طرف منسوب کرکے اسے شرف یاب کیا ہے، چنانچہ ارشادِ الٰہی ہے:

﴿وَيَسْتَفْتُونَكَ فِي النِّسَاءِ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ ... الخ﴾

"یہ لوگ آپ سے عورتوں کے مسائل کے بارے میں فتویٰ پوچھتے ہیں، ان سے کہہ دیں کہ ان کے بارے میں تمہیں اللہ تعالیٰ فتویٰ دے رہا ہے...." [النساء: ١٢٧]

دوسری جگہ فرمایا ہے:

﴿يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ ... الخ﴾

"لوگ آپ سے فتویٰ پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے کہ لا ولد کے لیے تمہیں اللہ فتویٰ دے رہا ہے...." [النساء: ١٧٦]

حالانکہ یہ سب مجتہدین تھے ان میں سے ایک بھی مقلد نہیں تھا

ہونے کی دلیل نہیں ہے۔ امام شافعی کو طبقات مالکیہ (الدیباج المذہب ص ۲۲۷) او
طبقات حنابلہ لابی الحسین (ج ۱ ص ۲۸۰) پر، امام احمد کو طبقات شافعیہ للسبکی (ج ۱ ص ۹۹
اور داود ظاہری کو طبقات الشافعیہ (ج ۲ ص ۴۲) میں ذکر کیا گیا ہے۔ دیکھئے تنقید سدید
(ص ۳۶) لشیخنا الامام ابی محمد بدیع الدین الراشدی رحمہ اللہ۔

حالانکہ یہ سب مجتہدین تھے اُن میں سے ایک بھی مقلد نہیں تھا۔ یاد رہے کہ "طبقات المقلدین" کے نام سے کسی مستند محدث کی کوئی کتاب دنیا میں موجود نہیں ہے بلکہ اس کے برعکس الامام المجتہد الحافظ عالم الأندلس ابو محمد القاسم بن محمد بن القاسم بن محمد بن سیا القرطبی رحمہ اللہ (متوفی ۲۷۶ھ) کی کتاب "الایضاح فی الرد علی المقلدین" ضرور لکھی گئی ہے۔ دیکھئے سیر اعلام النبلاء (ج ۱۳ ص ۳۲۹)

۲۔ حافظ ابوالفضل العراقی، ولادت ۷۲۵ھ وفات ۸۰۶ھ۔

آپ الالفیہ فی مصطلح الحدیث، التقیید والایضاح شرح مقدمہ ابن الصلاح او المغنی عن حمل الاسفار فی الاسفار وغیرہ مفید کتابوں کے مصنف ہیں۔

حافظ ابن فہد نے کہا:

"الإمام الأوحد العلامة الحجة الحبر الناقد، عمدة الأنام، حافظ الإسلام، فريد دهره، وحيد عصره، من فاق بالحفظ والإتقان في زمانه......" [لحظ الالحاظ ص ۲۲۰]

۳۔ حافظ نورالدین الہیثمی رحمہ اللہ، ولادت ۷۳۵ھ وفات ۸۰۷ھ

آپ مجمع الزوائد، موارد الظمآن اور کشف الاستار وغیرہ مفید کتابوں کے مصنف ہیں۔ حافظ ابن حجر نے ان کے بارے میں فرمایا:

امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے روایات نقل نہیں کی ہیں

۱۵۲۱-جعفر بن محمد (م،عو) بن علی بن حسین ہاشمی،

یہ ابو عبداللہ (امام جعفر صادق) ہیں جو جلیل القدر ائمہ میں سے ایک ہیں۔ انتہائی نیک، سچے اور بلند شان کے مالک تھے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے روایات نقل نہیں کی ہیں۔

یحییٰ بن سعید کہتے ہیں: مجالد نامی راوی میرے نزدیک ان سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ اس کے بارے میں میرے ذہن میں کچھ الجھن ہے۔

مصعب نے دراوردی کا یہ قول نقل کیا ہے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے اس وقت تک روایات نقل نہیں کیں جب تک بنو عباس کی حکومت ختم نہیں ہوگئی۔

مصعب بن عبداللہ کہتے ہیں: امام مالک، امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے روایات اس وقت تک نقل نہیں کرتے جب تک دوسرا راوی ساتھ نہیں ملا لیتے۔

میزان الاعتدال (اردو) جلد دوم ۱۸۶

احمد بن سعد کہتے ہیں: میں نے یحییٰ کو یہ کہتے ہوئے سنا میں نے کبھی بھی یحییٰ بن سعید سے امام جعفر صادق کے بارے میں دریافت نہیں کیا۔ انہوں نے مجھ سے فرمایا: تم نے امام جعفر صادق کی روایات کے بارے میں مجھ سے کیوں نہیں پوچھا؟ میں نے کہا میں ان کے بارے میں نہیں پوچھنا چاہتا تو یحییٰ بن سعید نے مجھ سے کہا اگر وہ حافظ الحدیث ہوں تو پھر ان کے والد کی نقل کردہ روایت سب سے بہترین ہے۔

یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: یہ "ثقہ" ہیں پھر یحییٰ کا کہنا ہے: حفص بن غیاث، عبادان کے پاس گئے وہ اس وقت رباط نامی جگہ پر تھے وہاں بصرہ کے رہنے والے لوگ اکٹھے ہو کر ان کے پاس آئے اور بولے آپ تین افراد کے حوالے سے ہمیں حدیث نہ سنائیے گا۔ اشعث بن مالک، عمرو بن عبید اور امام جعفر صادق۔ تو حفص بن غیاث بولے جہاں تک اشعث کا تعلق ہے وہ ویسے ہی تمہارا راوی ہے اس لیے تمہارے لیے میں اسے ترک کر دیتا ہوں جہاں تک عمرو بن عبید کا تعلق ہے تو تم لوگ زیادہ بہتر جانتے ہو اور باقی رہ گئی بات امام جعفر صادق کی تو اگر تم لوگ کوفہ میں ہوتے تو میں چمڑے کے جوتوں کے ساتھ تمہاری پٹائی کرتا۔

عباس دوری نے یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول نقل کیا ہے امام جعفر صادق "ثقہ" اور "مامون" ہیں۔

امام ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ "ثقہ" ہیں ان جیسی شخصیت کے بارے میں دریافت نہیں کیا جاسکتا۔

امام ابو حنیفہؒ: حدیث کی نشر و اشاعت کے سلسلہ میں ائمہ متبوعین میں سے امام مالک رحمہ اللہ کے بعد امام ابو حنیفہؒ کا نام قابل ذکر ہے۔ آپ ۸۰ھ میں پیدا اور ۱۵۰ھ میں کوفہ میں وفات پائی۔ آپ ان ائمہ مجتہدین میں سے تھے' جو کتاب و سنت اور مطالب و معانی سے بخوبی آگاہ تھے۔ محمد بن محمود خوارزمی المتوفی ۶۶۵ھ نے مسند ابی حنیفہ مرتب کی ہے۔ یہ مسند ان پندرہ مسانید سے ماخوذ ہے' جن کو جید علماء نے "مسند امام ابو حنیفہ" کے نام سے تالیف کیا تھا۔ خوارزمی نے اس مسند کو فقہی ابواب کی ترتیب کے مطابق مرتب کیا ہے مگر آپ نے بذات خود کوئی کتاب تصنیف نہیں کی۔ عصر حاضر کے فقیہ شہیر ابو زہرہ نے حیات ابو حنیفہ

میں بعد از تحقیق بسیار یہی نتیجہ ظاہر کیا ہے۔ آپ پر حدیث میں قلیل الروایت ہونے کا الزام عائد کیا جاتا ہے۔

محدث الذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ آپ استنباط مسائل میں مشغول رہا کرتے تھے۔ جس طرح امام مالک و شافعی رحمہما اللہ سے بھی کم احادیث روایت کی گئی ہیں' حالانکہ دونوں عظیم حافظ حدیث تھے۔ اس کی وجہ بھی ان کی فقہی مسائل میں مشغولیت ہے۔ حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کبار صحابہ میں سے تھے مگر ان سے دوسرے صحابہ کی نسبت کم احادیث منقول ہیں۔ اس کی وجہ ان کی سیاسی و انتظامی معروفیات ہیں۔ (تذکرۃ الحفاظ للذہبی)

ابن خلدون نے اپنے مقدمہ تاریخ میں لکھا ہے کہ "تشدد فی الروایۃ" کی بنا پر امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک صرف سترہ احادیث صحیح ہیں۔

بعض امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ اور بعض امام بخاری رحمہ اللہ کو برا کہتے ہیں، فریقین کے معتدل اصحاب ان کو رافضیوں کی طرح خیال کرتے ہیں

کیا اہل حدیث ائمہ اربعہ کو برا مانتے ہیں؟

وجہ چہارم: چوتھی دلیل اہلحدیث کے ناری ہونے کی یہ دی ہے کہ موجودہ غیر مقلد ائمہ اربعہ کو جانتے ہیں۔ ایک جھوٹی حکایت "أخبار الفقيه" سے نقل کر ڈالی، جس کا جواب اس زمانے میں ہو چکا تھا کہ یہ بالکل غلط ہے، اور حدیث میں ہے:

"كفى بالمرء كذبا أن يحدث بكل ما سمع"[1]

آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ جو بات سنے (بلا تحقیق) بیان کردے۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ہر دو فریق میں غالی افراد موجود ہیں، جو ائمہ دین کے حق میں گستاخانہ کلمات کہتے ہیں، جیسے بعض امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ اور بعض امام بخاری رحمہ اللہ کو برا کہتے ہیں، فریقین کے معتدل اصحاب ان کو بنظر استحسان نہیں دیکھتے بلکہ ان کو رافضیوں کی طرح خیال کرتے ہیں، اس قسم کے لوگ امت کے اتحاد کے لیے سم قاتل ہیں، بعض افراد کی غلطی دیکھ کر تمام افراد کو برا کہنا تحقیق کے خلاف ہے، یہ ایسے ہی ہے جیسے کوئی ہندو بعض مدعیان اسلام کی بعض حرکات کو دیکھ کر اسلام پر اعتراض کرے۔

مؤلف "جواز فاتحہ علی الطعام (ص: ۱۰)" نے بعنوان "کید وہابی" لکھا ہے:

"یہ لوگ جب جواب شافی پاتے ہیں تو کہہ دیتے ہیں کہ امام شافعی کے نزدیک یوں اور امام مالک کے نزدیک یوں ہے، سو اس کا جواب چند طور سے دینا چاہیے:

۱۔ یہ تحقیق ہو رہی ہے، اب قول غیر شارع، ائمہ و مجتہدین کا پیش کرنا سند نہیں۔

۲۔ ہم امام شافعی کے مذہب کو صواب سمجھتے ہیں، اگر تمھارے بعض عقائد کسی امام سے متحد ہو جائیں، تو تمھاری نجات نہ ہوگی، اگر تم تقلید تمام مسائل میں کر لو تو اس صورت میں ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

۳۔ غیر مجتہد، مجتہد مطلق پر ہرگز اعتراض کا حق نہیں رکھتا، مگر آپ جیسے پر کر سکتا ہے اور تقلید

حضرت وکیع بن الجراح رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے زیادہ دین کی سمجھ رکھنے والے اور اچھا نماز پڑھنے والے سے نہیں ملا

للامام العلامة الفقيه الحافظ

أبي ذكريا محي الدين بن شرف النووى

(المتوفى سنة ٦٧٦ هجرية)

الجزء الثاني من القسم الأول

قوبل على غير نسخة

عنيت بنشره وتصحيحه والتعليق عليه ومقابلة أصوله شركة العلماء بمساعدة

ادارة الطباعة المنيرية

يطلب من

دار الكتب العلمية

بيروت - لبنان

الثورى فاجتمع الناس اليه لعزائه فجاء ابو حنيفة فقام اليه سفيان واكرمه واقعده مكانه وقعد بين يديه ولما تفرق الناس قال اصحاب سفيان رأيناك فعلت شيئاً عجيبا قال هذا رجل من العلم بمكان فان لم اقم لعلمه قمت لسنه وان لم اقم لسنه قمت لفقهه وان لم اقم لفقهه قمت لورعه • وعن ابن المبارك قال ما رأيت فى الفقه مثل ابى حنيفة وعن ابن المبارك قال رأيت مسعرا فى حلقة ابى حنيفة جالسا بين يديه يسأله ويستفيد منه وما رأيت أحدا قط تكلم في الفقه أحسن من أبى حنيفة وعن أبى نعيم قال كان أبو حنيفة صاحب غوص فى المسائل وعن وكيع قال ما لقيت أفقه من أبى حنيفة ولا أحسن صلاة منه وعن النضر بن شميل قال كان الناس نياما عن الفقه حتى ايقظهم أبو حنيفة بما فتقه وبينه ولخصه وعن الشافعى قال الناس عيال على أبى حنيفة فى الفقه وعن جعفر بن الربيع قال اقمت على أبى حنيفة خمس سنين فما رأيت أطول صمتا منه فاذا سئل عن الشىء من الفقه يفتح ويسال كالوادى وعن ابراهيم بن عكرمة قال ما رأيت أورع ولا أفقه من أبى حنيفة وعن سفيان بن عيينة قال ما قدم مكة فى وقتنا رجل اكثر صلاة من أبى حنيفة وعن يحيي بن أيوب الزاهد قال كان أبو حنيفة لا ينام الليل وعن أبى عاصم النبيل قال كان أبو حنيفة يسمى الوتد لكثرة صلاته وعن زافر بن سليمان قال كان أبو حنيفة يحيي الليل بركعة يقرأ فيها القرآن وعن اسد بن عمرو قال صلى أبو حنيفة صلاة الفجر بوضوء العشاء أربعين سنة وكان عامة الليل يقرأ القرآن فى ركعة وكان يسمع بكاؤه حتى ترحمه جيرانه وحفظ عليه انه ختم القرآن فى الموضع الذى توفى فيه سبعة الاف مرة وعن الحسن بن عمارة أنه غسل أبا حنيفة حين توفى وقال غفر الله لك لم تفطر منذ ثلاثين سنة ولم تتوسد يمينك

17۔ حکومت اور علمائے ربانی

اس کتاب میں حضرت مصنف نے چند علمائے سلف کا ذکر کیا ہے۔ ان میں سرفہرست حضرت سفیان ثوری ہیں جو مشہور محدث تھے۔ خلیفہ ہارون الرشید نے ان کو خط لکھا تو انھوں نے جواب میں خلیفہ کو ایک ناصحانہ خط تحریر فرمایا۔

دوسرے عالم ربانی ابو حازم سلمہ بن دینار ہیں، جن کا اموی خلیفہ سلیمان سے مکالمہ ہوا

تو انھوں نے نہایت بے خوفی سے ان کو جواب دیا۔

تیسرے عالم مشہور تابعی حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ ہیں، جنھوں نے حجاج بن یوسف کے سامنے کلمۂ حق بلند کیا اور اس کے نتیجے میں انھیں شہید کر دیا گیا۔ یہ 95ھ کا واقعہ ہے۔ اس وقت حضرت سعید بن جبیر کی عمر 49 برس کی تھی۔

چوتھے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ پھر امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا تذکرہ ہے۔ یہ وہ حضرات ہیں جنھیں حکام وقت کی طرف سے مبتلائے اذیت کیا گیا۔

حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ **مجتہد بلاریب** تھے۔ غیر مقلدین کے شیخ الکل میاں نذیر دہلوی صاحب

نوٹ: مجتہد لاریب کہتے ہی اس کو ہیں جو قرآن وسنت کے علوم پر پوری گہرائی اور بصیرت رکھتا ہو۔ **الموافقات للشاطبی** جلد 4 ص 72

ہم آن مسئلہ را بدلیل دانستی تقلید ضائع شد۔ تمام ہوئی عبارت تفسیر عزیزی اور اسی طرح امام فخر الدین رازی تفسیر کبیر میں لکھتے ہیں، تم بھی تفسیر عزیزی اور تفسیر کبیر کو بچشم خود دیکھنا کہ تم کو یقین ہو جائے۔ ع شنیدہ کے بود مانند دیدہ

تم لوگ ادنیٰ دنیا کے مقدمہ کے لئے تو لندن پہنچتے ہو، اور مقدمہ دین متین سے سراسر غافل نہاد ہو سے غم دین خور کہ غم، غم دین است

اور مضمون اس آیت کریمہ ماذا اجبتم المرسلین سے تم سے قیامت میں پرسش ہوگی، الحمد للہ کہ درین ولایت ہمین ترجمہ کا قرآن شریف عجب کہا، اور قیمت اس کی تین روپے یا چار روپے ہے، اور خداوند کریم سورہ قمر میں فرماتا ہے ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر کا آیۃ ترجمہ اردو دیکھو اس کے معنی سے واقف ہو جاؤ اور ہم ایسے مقلد مثل شتر بے مہار کے نہیں ہیں، کہ ہر کسی کی بات بلا دلیل مان لیں ہم تو رعیت اور محکوم خدا و رسول کے ہیں، چنانچہ سورہ حشر میں فرماتا ہے۔ وما اتاکم الرسول فخذوہ وما نھاکم عنہ فانتھوا ؎

خیالات نادان خلوت نشین ہم بر کند عاقبت کفر و دین

علامہ محب اللہ بہاری اپنی کتاب اصول مسلم الثبوت میں فرماتے ہیں۔ کا دا نجب الا ما اوجبہ اللہ تعالیٰ لہ ولم یوجب علی احد ان یتمذھب بمذھب رجل من الائمۃ فا یجابہ تشریع جدید انتہی ما فی مسلم الثبوت وشرحہ لمولانا

بحر العلوم اللکھنوی۔ امام ابو حنیفہ علیہ الرحمۃ مجتہد مطلق بلا ریب ہیں لیکن یہ بھی ان کے ساتھ دامن گیر ہے، کہ المجتہد یصیب و یخطی اسی بنا پر یہ مصرع موزون ہے ع

تاریخ بغداد میں خطیب صاحب نے لکھا ہے تیس یا چالیس برس تک امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے ایک وضو سے نماز عشاء اور صبح کی پڑھی ہے

تو ائمہ اربعہ میں سے حضرت کو دوسرے پر تفضیل کلی نہیں سب حضرات انصار الدین اور مقتدائے شرع متین تھے اس لئے میزان الشعرانی میں کہا ہے: الائمة كلهم على هدى من ربهم ⑥
اور کسی صاحب میں کچھ فضل تھا اور کسی میں کوئی فضیلت تھی مصرع:

ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است

تنبیہ اس قول کی ایسے انداز پرداز پر لکھی گئی ہے کہ اس میں باقی بعض اقوال سے بھی جواب ہو گیا ہے جو شخص ادنی بھی فہم رکھتا ہوگا اس رد کو اس کے باقی کلام پر منطبق کرے گا۔

قال اور امام کا قول ہے کہ فرمودہ حضرت ﷺ کا اور صحابہ کا سر آنکھوں ہماری پر۔ اور قول تابعین کا ہمارے قول کے برابر ہے یعنی ان کا قول ہم پر حجت نہیں ہے ⑥ اس قول سے بھی تابعی ہونا ثابت ہے۔

اقول اگر عدم تسلیم سے امام کے قول کو تابعین کے امام صاحب کا تابعی ہونا ثابت ہو تو چاہیے کہ کرخی کو اور دبوسی کو اور شافعی کو اور ایک جماعت عظیمہ کو علمائے اصول سے صحابی کہہ دیں کیونکہ شافعی سے بنا بر قول جدید اور ان تمام سے جن کا نام گزرا ہے یہ مروی ہے کہ قول صحابی کا کہ جس میں رائے کو دخل ہو ہم پر حجت نہیں۔ جیسا کہ "مختصر" وغیرہ میں لکھا ہے" حالانکہ ان لوگوں کو کوئی شخص صحابی نہیں کہتا تو چاہیے کہ امام کو بھی تابعی نہ کہو بہ سبب انکار ان کے تسلیم سے قول تابعی کے۔" فافهم

قال پھر ایک روز لڑکوں نے امام صاحب کو دیکھ کر کہا یہ شخص ہزار رکعت ہر شب میں پڑھتا ہے اور تمام شب بیدار رہتا ہے اور اس روز سے آپ ہزار رکعت پڑھتے تھے اور تمام شب جاگتے تھے۔ طحطاوی میں نقل ہے کہ جس مقام پر امام صاحب نے وفات پائی ہے وہاں ستر ہزار ختم کیے تھے۔ تاریخ بغداد میں خطیب صاحب نے لکھا ہے تیس: چالیس برس تک امام صاحب نے ایک ہی وضو سے نماز عشاء اور صبح کی پڑھی ہے ⑥

اقول یہ سب واہیات ہیں اور موجب ذم کا ہے نہ یہ کہ مدح کا باعث ہو اور جناب حضرت امام کی تو یہ شان نہیں ہے کہ ایسی تکلیف شاق اور بدعات کو انکی طرف منسوب کیا جائے اور دلیل بدعت ہونی اس عبادت کی یہ ہے کہ جناب رسالت مآب ﷺ عمر بھر میں کبھی شب کو تیرہ رکعت سے زیادہ نوافل نہیں پڑھے اور نہ کبھی تمام شب جاگے بلکہ ایک ثلث جاگتے اور دو ثلث سوتے اور اس پر زیادتی کرنے والے کو فرماتے کہ یہ شخص میری سنت سے نفرت کرتا ہے اور یہ ہم میں سے نہیں اور ایسا ہی ختم کرنا قرآن کا بھی سات دن کے ورے درست نہیں رکھتے اور فرماتے کہ تین دن سے کم مدت پڑھنے والا قرآن کو سمجھتا؟ نہیں۔ چنانچہ روایت ہے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے:

میرے ابا روزانہ دن رات میں تین سو (300) نوافل پڑھتے تھے

نظر آتے۔ وہ بازاروں میں چلنا ناپسند کرتے تھے۔ (مناقب احمد ص ۲۸۰ وسندہ صحیح)

۶۔ عبداللہ بن احمد فرماتے ہیں:

"جب میرے ابا بڑی عمر کے اور بوڑھے ہوگئے تو قراءتِ قرآن اور ظہر وعصر کے درمیان کثرتِ نوافل میں (اور زیادہ) مصروف ہوگئے۔ میں جب اُن کے پاس جاتا تو نماز سے رُکتے، کبھی بات کرتے اور کبھی خاموش رہتے۔ یہ دیکھ کر جب میں باہر جاتا تو دوبارہ نماز شروع کردیتے تھے۔ میں دیکھتا کہ وہ کثرت سے خفیہ طور پر قراءتِ قرآن میں لگے رہتے تھے۔"

(مناقب الامام احمد ص ۲۸۸ وسندہ صحیح)

۷۔ ابوبکر المروذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"میں تقریباً چار مہینے ابوعبداللہ (احمد بن حنبل) کے ساتھ معسکر (جہادی چھاؤنی) میں رہا ہوں۔ آپ رات کا قیام اور دن کی قراءت کبھی ترک نہیں کرتے تھے۔ آپ ختمِ قرآن کب کرتے تھے مجھے اس کا پتا نہیں چلتا تھا کیونکہ آپ اسے خفیہ رکھتے تھے۔"

(مناقب احمد ص ۱۹۸ وسندہ صحیح)

۸۔ عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے فرمایا:

"میرے ابا روزانہ دن رات میں تین سو (۳۰۰) نوافل پڑھتے تھے۔ جب کوڑے لگنے کے بعد بیمار ہوکر کمزور ہوگئے تو روزانہ دن رات میں ایک سو پچاس رکعتیں پڑھتے۔ آپ اَسی (سال کی عمر) کے قریب پہنچ چکے تھے۔ آپ روزانہ قرآن مجید کا ساتواں حصہ تلاوت فرماتے، ہر ساتویں دن تکمیلِ قرآن کرتے۔ ہر ہفتے آپ کا ایک ختم مکمل ہوجاتا تھا۔ آپ عشاء کی نماز کے بعد تھوڑا سا سوتے پھر صبح تک نماز اور دعا میں مصروف رہتے۔" (مناقب احمد ص ۲۸۶ وسندہ صحیح)

آپ بچپن سے ہی شب بیدار تھے۔ دیکھئے کلمات توثیق: ۹۲

مسند أبي عوانة

للإمام الجليل أبي عوانة يعقوب بن إسحاق الأسفراييني المتوفى ٣١٦هـ رضي الله عنه

تحقيق

أيمن بن عارف الدمشقي

الجزء الثالث

دار المعرفة
بيروت . لبنان

الزهري ، عن الربيع بن سبرة ، عن أبيه : أن النبي ﷺ نهى عن متعة النساء في حجة الوداع .

[٤٠٦٨] حدثنا محمد بن إشكاب : أنبا (الأشعثي) يعني سعيد[1] بن عمرو ثنا عَبْثَر : ثنا سفيان عن إسماعيل بن أمية بمثله : عن متعة النساء .

[٤٠٦٩] حدثنا محمد بن عبد الله بن يزيد المنادي وأبو أمية قالا : ثنا يونس ابن محمد : ثنا عبد الواحد بن زياد : ثنا أبو عميس عن إياس بن سلمة ، عن أبيه قال : رخص لنا رسول الله ﷺ في المتعة عام أوطاس[2] ثلاثًا ثم نهى عنه[3] .

١٢- باب بيان الرد على ابن عباس في إباحة نكاح المتعة ، وأن النبي ﷺ نهى عنها يوم خيبر

[٤٠٧٠] حدثنا سليمان بن سيف : ثنا علي بن المديني : ثنا سفيان بن عيينة قال : سمعت الزهري يقول : أخبرني الحسن بن محمد وعبد الله[4] بن محمد - وكان الحسن أوثق في أنفسنا وكان عبد الله يتبع حديث السبابة يعني الروافض - عن أبيهما عن علي : أن النبي ﷺ نهى عن نكاح المتعة ، وعن لحوم الحمر الأهلية[5] .

[٤٠٧١] حدثنا محمد بن إسماعيل الصائغ بمكة : ثنا سليمان بن داود الهاشمي : ثنا سفيان بن عيينة عن الزهري ، عن الحسن وعبد الله ابني محمد ، عن أبيهما عن علي رضي الله عنه قال : نهى رسول الله ﷺ عن متعة النساء يوم خيبر ، وعن أكل لحوم الحمر الأهلية .

[٤٠٧٢] حدثنا محمد بن مهل ومحمد بن إسحاق والدبري رحمهم الله

---

(١) كتب في هامش الأصل شعب وكتب فوقها « صح » . وهو خطأ .
وما في الأصل هو الصواب ، وانظر ترجمة سعيد بن عمرو الأشعثي في « تهذيب الكمال » (١١ / ٢١).

(٢) هو عام فتح مكة نفسه .

(٣) مسلم (١٤٠٥ / ١٨) من طريق يونس بن محمد .

(٤) بالأصل « عبيد الله » والتصويب من كتب الرجال ، وسيأتي على الصواب .

(٥) مسلم (١٤٠٧ / ٣٠) من طريق سفيان بن عيينة .

حضرت وائل بن حجر ﷜ کے پوتے امام حجر بن عبد الجبار ؒ فرماتے ہیں کہ قاسم بن معن ؒ (حضرت عبداللہ بن مسعود ﷜ کے پوتے) سے کہا گیا کہ
آپ حضرت عبداللہ بن مسعود ﷜ کی اولاد میں سے ہیں تو آپ اس بات پر کیسے راضی ہو جاتے ہیں کہ آپ کا شمار امام ابو حنیفہ ؒ کے شاگردوں میں ہو؟
تو انھوں نے فرمایا کہ لوگ کسی بھی ایسے شخص کے ساتھ نہیں بیٹھتے ہوں گے کہ جس کی محفل امام ابو حنیفہ ؒ سے زیادہ نفع بخش ہو
پھر قاسم بن معن ؒ نے فرمایا کہ تم میرے ساتھ ان کے پاس چلنا وہ شخص گیا اور امام ابو حنیفہ ؒ کے پاس بیٹھا تو پھر وہ امام ابو حنیفہ ؒ کے ساتھ رہنے
لگا اور اس نے کہا کہ میں نے ان (امام ابو حنیفہ ؒ) جیسا کوئی نہیں دیکھا۔ اور سلیمان ؒ نے کہا کہ امام ابو حنیفہ ؒ بردبار، پرہیزگار، سخی تھے۔
امام حجر بن عبد الجبار ؒ فرماتے ہیں کہ لوگوں نے امام ابو حنیفہ ؒ کی محفل سے زیادہ معزز محفل اور کسی کی نہیں دیکھی ہوگی
اور نہ ہی انھوں نے کوئی ایسا شخص دیکھا ہوگا کہ جو اپنے شاگردوں کی امام ابو حنیفہ ؒ سے زیادہ عزت افزائی کرتا ہو

[١٣٤]

١٧ ـ / القاسم بن مَعْن[١]

نا عبد الوارث بن سفيان، نا قاسم بن أصبغ، نا أحمد بن زهير، نا سليمان بن أبي شيخ، قال: نا حُجْر بن عبد الجبار، قال: قيل للقاسم بن معن: أنت ابنُ عبد الله بن مسعود، تَرضى أن تكون من غِلمان أبي حنيفة؟ فقال: ما جَلَس الناسُ إلى أحدٍ أنفعَ مجالسةً من أبي حنيفة، وقال له القاسم: تعالَ معي إليه، فجاء فلمّا جَلَسَ إليه لَزِمَه وقال: ما رأيتُ مثلَ هذا، قال سليمان: وكان أبو حنيفة حليماً وَرِعاً سخياً.

١٨ ـ حُجْر بن عبد الجبار[٢]

وذكر الدُّولابي أبو بِشْر محمد بن أحمد بن حماد الأنصاري ثم الدُّولابي: ني أبو الحسن أحمد بن القاسم[٣]، قال: نا سليمان بن أبي شيخ، قال: ني حُجْرُ بن عبد الجبار الحضرمي، قال: ما رأى الناسُ أحداً أكرمَ مُجالسةً من أبي حنيفة، ولا أشدَّ إكراماً لأصحابه منه.

أئمہ فقہ و حدیث میں صرف امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

Nafees Hanfi

ا۔ امام یافعیؒ کی تصریح

امام ابو محمد عبداللہ بن أسعد یافعیؒ (۷۶۸ھ) امامِ اعظم کے بارے لکھتے ہیں:

مولده سنة ثمانين، رأى أنسا.

”آپ کی ۸۰ھ میں ولادت ہوئی اور آپ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے۔“

یافعی، مرآة الجنان وعبرة اليقظان، ۱: ۲۱۰

ائمہ فقہ و حدیث میں صرف امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

Nafees Hanfi

۱۴۔ حافظ ابنِ حجر عسقلانیؒ کی تصریح

حافظِ حدیث امام ابنِ حجر عسقلانیؒ (۸۵۲ھ)، امامِ اعظم کے تعارف میں لکھتے ہیں:

''امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت تیمی الکوفی بنو تیم اللہ بن ثعلبہ کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ کہا گیا ہے کہ آپ ابناءِ فارس میں سے ہیں اور آپ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیکھا تھا۔'' (۱)

حافظ ابنِ حجر عسقلانی شافعیؒ، امامِ اعظم کی تابعیت کے بارے میں پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے بیان کرتے ہیں:

''ابنِ سعد نے قابلِ قبول سند سے نقل کیا ہے کہ امام ابوحنیفہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے جبکہ اِن دو (عبداللہ بن ابی اوفٰی اور انس بن مالک) کے علاوہ کئی اور شہروں میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم باحیات تھے۔......

''بعض صحابہ کی زیارت کرنے پر آپ کے بارے میں قابلِ اعتماد وہی بات ہے جو ابھی بیان ہو چکی ہے جسے ابنِ سعد نے ''الطبقات'' میں روایت کیا۔ لہٰذا امام ابوحنیفہ اس اعتبار سے طبقہ تابعین میں سے ہیں۔ یہ فضیلت آپ کے معاصرین مثلاً شام میں امام اَوزاعی، بصرہ میں ہر دو حماد (حماد بن زید اور حماد بن سلمہ)، کوفہ میں ثوری، مدینہ میں مالک، مکہ میں مسلم بن خالد زنجی اور مصر میں لیث بن سعد جیسے ائمہ میں سے کسی کے لئے بھی ثابت نہیں، واللہ أعلم۔'' (۲)

(۱) عسقلانی، تہذیب التہذیب، ۱۰: ۴۰۱

(۲) سیوطی، تبییض الصحیفۃ بمناقب أبی حنیفۃ: ۳۴

ائمہ فقہ و حدیث میں صرف امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

Nafees Hanfi

۱۴۔ امام زین الدین عراقیؒ کی تصریح

حافظ زین الدین عراقیؒ (۸۰۶ھ) نے اپنی کتاب ''التقیید والإیضاح'' میں تابعی کی تبع تابعی سے روایت کرنے پر بحث کرتے ہوئے امامِ اعظم کا شمار اُن تابعین میں کیا ہے جنہوں نے امام عمرو بن شعیب تبع تابعی سے روایت کیا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں:

الأمر الثالث أنه قد روى عنه جماعة كثيرون من التابعين غير هؤلاء وهم: ثابت بن عجلان، وحسان بن عطية، وعبد الله بن عبد الرحمن بن يعلى الطائفي، وعبد الملك بن عبد العزيز بن جريج، والعلاء بن الحرث الشامي، ومحمد بن إسحاق بن يسار، ومحمد بن جحادة، ومحمد بن عجلان، وأبوحنيفة النعمان بن ثابت......وغيرهم.

''تیسرا امر یہ ہے کہ ان محدّثین کے علاوہ تابعین کی ایک کثیر جماعت نے بھی (تبع تابعی) عمرو بن شعیب سے روایت کیا ہے، وہ (تابعین) یہ ہیں: ثابت بن عجلان، حسان بن عطیہ، عبد اللہ بن عبد الرحمٰن بن یعلیٰ الطائفی، عبد الملک بن عبد العزیز بن جُریج، علاء بن الحرث الشامی، محمد بن اسحاق ابنِ یسار، محمد بن جحادہ، محمد بن عجلان اور ابو حنیفہ نعمان بن ثابت رضی اللہ عنہ اور دیگر تابعین کرام۔''

زین الدین عراقی، التقیید والایضاح: ۳۳۲

أئمہ فقہ و حدیث میں صرف امامِ اعظم ﷺ ہی تابعی ہیں

Nafees Hanfi

۶۔ امام ذہبیؒ کی تصریح

نقاد محدث امام ذہبیؒ (۷۴۸ھ) امام ابو حنیفہ ﷺ کے ترجمہ میں فرماتے ہیں

رای أنس بن مالک لما قدم علیھم الکوفۃ. (۱)

"جب حضرت انس بن مالک ﷺ اہلِ کوفہ کے پاس تشریف لائے تو امام صاحب نے اُن کی زیارت کی تھی۔"

اسی لئے امام ذہبیؒ نے ہی امامِ اعظم کو صراحتاً تابعی بھی لکھا ہے:

وکان من التّابعین لھم إن شاء اللہ بإحسان، فإنہ صحّ أنہ رأی أنس بن مالک إذ قدمھا أنس ﷺ. (۲)

"آپ اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے إن شاء اللہ تابعین میں سے ہیں، کیونکہ یہ بات صحیح ہے کہ جب حضرت انس بن مالک ﷺ کوفہ تشریف لائے تو آپ نے ان کی زیارت کی۔"

أئمہ فقہ وحدیث میں صرف امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

۸۔ قاضی ابنِ خلکانؒ کی تصریح

قاضی ابنِ خلکان شافعیؒ (۶۸۱ھ) لکھتے ہیں:

وذكر الخطيب في تاريخ بغداد أنه رأى أنس بن مالك.

''خطیب بغدادی نے تاریخِ بغداد میں ذکر کیا ہے کہ امام ابوحنیفہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی زیارت کی۔''

ابن خلکان، وفیات الأعیان، ۵: ۴۰۶

۴۔ امام دار قطنیؒ کی تصریح

امام دار قطنیؒ (۳۸۵ھ) امامِ اعظم کے بارے میں فرماتے ہیں:

إنما رأى أنس بن مالك بعينه.[1]

”بے شک آپ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔“

(۱) ۱۔ ابن جوزی، العلل المتناهية، ۱: ۱۳۶

۲۔ سیوطی، تبییض الصحیفة بمناقب أبي حنيفة: ۳۴

أئمہ فقہ و حدیث میں صرف امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

Nafees Hanfi

۷۔ علامہ ابنِ جوزیؒ کی تصریح

علامہ ابنِ جوزیؒ (۵۷۹ھ) امامِ اعظم کے تذکرہ میں رقم طراز ہیں:

ولد سنة ثمانين، رأى أنس بن مالک.

''آپ ۸۰ھ میں پیدا ہوئے، آپ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی زیارت کی۔''

ابن جوزی، المنتظم فی تاریخ الملوک والأمم، ۸: ۱۲۹

٦۔ امام سمعانیؒ کی تصریح

امام ابو سعید عبدالکریم بن محمد سمعانیؒ (۵٦۲ھ)، امامِ اعظم کا تعارف کراتے ہوئے لکھتے ہیں:

رأى أنس بن مالك.[1]

”آپ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی زیارت کی ہے۔“

(۱) سمعانی، الأنساب، ۳: ۳۷

۵۔ خطیب بغدادیؒ کی تصریح

خطیب بغدادیؒ (۴۶۳ھ) نے امامِ اعظم کے تذکرہ میں لکھا ہے:

رأى أنس بن مالك.(۱)

”آپ نے حضرت انس بن مالک ﷺ کی زیارت کی ہے۔“

(۱) خطیب بغدادی، تاریخ بغداد، ۱۳: ۳۲۴

أئمہ فقہ و حدیث میں صرف امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

۱۰۔ علامہ صفدیؒ کی تصریح

علامہ صلاح الدین الصفدیؒ (۷۶۴ھ)، امامِ اعظم کے ترجمہ میں لکھتے ہیں

رأى أنس بن مالك غير مرّة بالكوفة.

”آپ نے کوفہ میں کئی بار حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی زیارت کی۔“

صفدي، الوافي بالوفيات، ۲۷: ۸۹

ائمہ فقہ وحدیث میں صرف امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

Nafees Hanfi

١٦۔ امام سخاویؒ کی تصریح

امام شمس الدین سخاویؒ (٩٠٢ھ) فرماتے ہیں:

(وفي الخمسين ومائة) من السنين الإمام المقلّد أحد من عُدّ في التابعين (أبو حنيفة) النعمان بن ثابت الكوفي (قضى) أي مات.

''١٥٠ھ میں وہ امام جن کی تقلید کی جاتی ہے اور جنہیں تابعین میں شمار کیا جاتا ہے یعنی ابو حنیفہ نعمان بن ثابت کوفی کی وفات ہوئی۔''

سخاوي، فتح المغيث شرح ألفية الحديث للعراقي، ٣: ٣٤٧

ائمہ فقہ و حدیث میں صرف امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

Nafees Hanfi

۲۰۔ امام ابنِ حجر مکیؒ کی تصریح

امام ابنِ حجر ہیتمی مکی شافعیؒ (۹۷۳ھ) فرماتے ہیں:

صحّ كما قاله الذهبي: أنه رأى أنس بن مالك وهو صغير، وفي رواية: رأيته مرارًا وكان يخضب بالحمرة.

''یہ صحیح ہے جیسا کہ امام ذہبی نے کہا ہے: امام ابوحنیفہ نے بچپن میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے، اور ایک روایت میں (آپ سے مروی) ہے کہ میں نے انہیں کئی مرتبہ دیکھا ہے اور وہ سرخ خضاب لگاتے تھے۔''

ابن حجر مكي، الخيرات الحسان في مناقب الإمام الأعظم أبي حنيفة النعمان: ۳۲

ائمہ فقہ و حدیث نیں صرف
امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

Nafees Hanfi

۱۵۔ امام بدرالدین عینیؒ کی تصریح

امام بدر الدین عینیؒ (۸۵۵ھ)، حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ کا تعارف بیان کرتے ہوئے امامِ اعظم کا اُن کی زیارت کرنے کو درج ذیل الفاظ میں تحریر کرتے ہیں:

عبدالله بن أبي أوفى واسم أبي أوفى علقمة الأسلمي، له ولأبيه صحبة، وهو آخر من مات بالكوفة من الصحابة وهو من جملة من رآه أبو حنيفة من الصحابة.

''حضرت عبد اللہ بن ابی اوفیٰ، ابو اَوفیٰ کا نام علقمہ اسلمی ہے۔ حضرت ابنِ ابی اوفیٰ اور آپ کے والدِ گرامی کو صحابیت کا شرف حاصل ہے۔ آپ وہ آخری صحابی ہیں جنہوں نے کوفہ میں وصال فرمایا اور آپ کا شمار اُن جملہ صحابہ میں ہوتا ہے جن کی امام ابوحنیفہ نے زیارت کی ہے۔''

بدر الدین عینی، عمدة القاری شرح صحیح البخاری، کتاب البیوع، باب ما یکره من الحلف فی البیع، ۱۱: ۲۰۶

أئمہ فقہ وحدیث میں صرف
امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

Nafees Hanfi

۱۹۔ قاضی حسین بن محمد دیار بکریؒ کی تصریح

قاضی حسین بن محمد دیار بکری مالکیؒ (۹۶۶ھ)، امامِ اعظم رضی اللہ عنہ کے تعارف میں بیان کرتے ہیں:

في تذنيب الرافعي يقال: إنه أدرک أنس بن مالک حين نزل الكوفة.

''امام رافعی کی کتاب تذنیب میں ہے کہ کہا جاتا ہے: جب حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کوفہ تشریف لائے تو امام ابوحنیفہ کا اُن سے سامنا ہوا۔''

دیار بکری، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ۲: ۳۲۶

ائمہ فقہ و حدیث میں صرف

امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

Nafees Hanfi

۱۷۔ امام جلال الدین سیوطیؒ کی تصریح

امام جلال الدین سیوطیؒ (۹۱۱ھ) ''طبقات الحفاظ'' میں امام صاحب کا یوں تعارف کراتے ہیں:

أبو حنيفة النعمان بن ثابت التيمي الكوفي، فقيه أهل العراق وإمام أصحاب الرأي، وقيل: إنه من أبناء فارس رأى أنساً.

''ابو حنیفہ نعمان بن ثابت التیمی الکوفی، اہلِ عراق کے فقیہ اور اصحاب الرائے کے امام، کہا گیا ہے کہ آپ اہلِ فارس میں سے ہیں، آپ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے۔''

سیوطی، طبقات الحفاظ، ۱: ۸۰، رقم: ۱۵۶

ائمہ فقہ و حدیث میں صرف

امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

Nafees Hanfi

۱۸۔ امام قسطلانیؒ کی تصریح

امام شہاب الدین احمد بن محمد قسطلانی شافعیؒ (۹۲۳ھ) لکھتے ہیں:

''(ابن ابی اوفی) عبد اللہ جو صحابی ابنِ صحابی رضی اللہ عنہ ہیں، آپ ۸۷ھ میں کوفہ میں وصال فرمانے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سب سے آخری ہیں۔ وصال سے قبل آپ نابینا ہو گئے تھے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے سات سال کی عمر میں آپ کی زیارت کی تھی۔'' (۱)

امام قسطلانیؒ ہی کسی مسئلہ پر ائمہ کرام کا مؤقف بیان کرتے ہوئے امامِ اعظم کو تابعین میں شمار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''یہ جمہور کا مذہب ہے جیسا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے حضرت ابنِ عباس، حضرت علی، حضرت معاویہ، حضرت انس بن مالک، حضرت خالد بن ولید، حضرت ابو ہریرہ، ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت امِ ھانی رضی اللہ عنہم۔ اور تابعین میں سے امام حسن بصری، امام ابنِ سیرین، امام شعبی، امام ابنِ مسیب، امام عطاء اور امام ابوحنیفہ جبکہ فقہاء میں سے امام ابو یوسف، امام محمد، امام شافعی، امام مالک، یہی مذہب ایک روایت کے مطابق امام احمد اور امام اسحاق بن راہویہ کا بھی ہے۔'' (۲)

(۱) قسطلانی، إرشاد الساري لشرح صحيح البخاري، كتاب الوضوء، باب من لم ير الوضوء إلا من المخرجين

(۲) قسطلانی، إرشاد الساری لشرح صحيح البخاری، کتاب الصلاة، باب الصلاة فی الثوب الواحد، ۱: ۳۹۰

۳۔ امام ابنِ ندیمؒ کی تصریح

امام ابنِ ندیمؒ (۳۸۵ھ)، امامِ اعظم کے تذکرہ میں فرماتے ہیں:

وكان من التابعين، ولقي عدّة من الصحابة، وكان من الورعين الزاهدين.(۱)

"امام ابو حنیفہ تابعین میں سے تھے، آپ نے متعدد صحابہ کرام سے ملاقات کی، آپ زاہدوں اور متقیوں میں سے تھے۔"

(۱) ابن ندیم، الفہرست: ۲۵۵

۱۲۔ حافظ ابنِ کثیرؒ کی تصریح

حافظ ابنِ کثیرؒ (۷۷۴ھ) امامِ اعظم کا تعارف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں

أحد الأئمة الأربعة أصحاب المذاهب المتبوعة، وهو أقدمهم وفاة لأنه أدرک عصر الصحابة ورأى أنس بن مالک. قيل: وغيره.

''(امام ابو حنیفہ) اُن چار ائمہ میں سے ایک ہیں جن کے مذاہب کی اتباع کی جاتی ہے اور آپ وفات کے اعتبار سے ان سب سے مقدم ہیں کیونکہ آپ نے صحابہ کرام ﷡ کا زمانہ پایا ہے اور حضرت انس بن مالک ﷛ کو دیکھا ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ آپ نے اِن کے علاوہ اور صحابہ کرام ﷡ کی بھی زیارت کی۔''

ابن کثیر، البدایة والنهایة، ۱۰: ۱۰۷

أئمہ فقہ و حدیث میں صرف
امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

Nafees Hanfi

۲۱۔ امام ابنِ عماد حنبلیؒ کی تصریح

امام عبدالحی بن احمد عکری دمشقی المعروف ابنِ عماد حنبلیؒ (۱۰۸۹ھ)، سن ۱۵۰ھ کے واقعات قلمبند کرتے ہوئے امامِ اعظم کے تعارف میں لکھتے ہیں:

مولده سنة ثمانين رأى أنسًا وغيره.

''آپ کا سنِ ولادت ۸۰ھ ہے، آپ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور اِن کے علاوہ کئی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو دیکھا ہے۔''

ابن عماد، شذرات الذهب في أخبار من ذهب، ۱: ۲۲۷

أئمہ فقہ و حدیث میں صرف امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

۲۔ امام ابنِ سعدؒ کی تصریح

معروف مؤرخ امام ابنِ سعدؒ (۲۳۰ھ) نے فرمایا:

أنّ أبا حنيفة رأى أنس بن مالک وعبد الله بن الحارث بن جزء.(۱)

''یقیناً امام ابوحنیفہ نے حضرت انس بن مالک اور عبد اللہ بن حارث بن جزء رضی اللہ عنہما کو دیکھا ہے۔''

Nafees Hanfi

(۱) ابن عبد البر، جامع بیان العلم وفضلہ، ۱: ۱۰۱

أئمہ فقہ و حدیث میں صرف امامِ اعظم رضی اللہ عنہ ہی تابعی ہیں

۱۔ خود امامِ اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی تصریح

۱۔ خود امامِ اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ (متوفی ۱۵۰ھ) نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی زیارت کرنے کے بارے میں فرمایا:

رأيت أنس بن مالک قائما يصلي.(۱)

''میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو نماز پڑھتے ہوئے اس حال میں دیکھا کہ وہ حالتِ قیام میں تھے۔''

۲۔ ایک اور روایت میں امام صاحب نے فرمایا:

قدم أنس بن مالک الكوفة ونزل النخع رأيته مرارًا.(۲)

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کوفہ تشریف لائے اور مقامِ نخع پر اترے، میں نے انہیں کئی بار دیکھا۔''

(۱) ۱۔ ابو نعیم اصبہانی، مسند الإمام أبي حنيفة: ۱۷۶
۲۔ موفق، مناقب الإمام الأعظم أبي حنيفة، ۱: ۲۵

(۲) ۱۔ قزوینی، التدوين فی أخبار قزوين، ۳: ۱۵۳
۲۔ ذہبی، تذکرۃ الحفاظ، ۱: ۱۶۸

= ولايكون فرط في الاحتياط نفسه أ.هـ .

وقيل له لم تركت رأي أصحابك وأخذت برأيه (أي أبي حنيفة) قال أصحبه فأتوا بأصح منه لأرغب عنه إليه أ.هـ كما في الخيرات الحسان (ص ٣٥) .

ونقل بعض العلماء عن قلائد ابن حجر قال سفيان الثوري كنا بين يدي أبي حنيفة كالعصافير بين يدي البازي وإن أبا حنيفة سيد العلماء ومن تاريخ ابن خلكان ونحوه من قول يحيى بن معين القراءة عندي قراءة حمزة والفقه فقه أبي حنيفة وعلى هذا أدركت الناس كما في تنسيق النظام مقدمة مسند الإمام (ص ٩١٨) .

وذكره السيوطي أيضا في الصحيفة (ص ٣١) وبهذا يظهر كون ابن معين مثنياً أو مطرياً للنعمان أبي حنيفة أ.هـ ص (١١ - ١٩) .

وقد تقرر في الأصول أن العدالة تثبت بالاستفاضة والشهرة أيضاً ، فمن اشتهرت عدالته بين أهل العلم ، من أهل الحديث أو غيرهم ، وشاع الثناء عليه بها ، كفى فيها ولا يحتاج مع ذلك إلى معدل ينص عليها ، وأبوحنيفة قد استفاضت إمامته ، واشتهرت عدالته ، كالشمس في كبد السماء ، ونورها في كل ناحية ، وكل مكان صقعاً ، إذ مذهبه منذ ألف وثلاثمائة سنة منتشر في عامة بلاد الإسلام .

وقد قال السبكي : أن الجارح لايقبل منه الجرح في حق من غلبت طاعاته على معاصيه ، ومادحوه على ذامه ، ومزكوه على جارحيه ، وقد قال ابن عبدالبر : « الذين رووا عن أبي حنيفة ووثقوه ، وأثنوا عليه ، أكثر من الذين تكلموا فيه » .

ومعلوم أيضاً أنه إذا اجتمع في الراوي جرح وتعديل فإنه كما سبق يقدم التعديل ، وإن كان الجرح مفسراً ، والتعديل مبهماً ، قدم الجرح ، وإن كان التعديل مفسراً أيضاً بأن يقول المعدل عرفت السبب الذي ذكره الجارح ، ولكنه تاب منه ، أو أن ذلك لايقدح في عدالة الراوي ، أو أن منشأ الجرح عداوة أو حسد يقدم التعديل ، ويكون الجرح مردوداً .

قال علي القاري في شرح النخبة : « محصله إن الجرح إما مفسر أو غيره ، وعلى التقديرين : إما من العارف بالأسباب أو غيره ، (والثاني) مردود مطلقاً أي مفسراً أو غيره صدر فيمن ثبت عدالته أو غيره ، (والأول) مقبول فيمن لم يثبت عدالته ، وأما فيمن ثبت عدالته فمقبول أيضاً إن كان مفسراً ولم يعد للمعدل طريق معتبر ، ومردود إن كان غير مفسر ، أو كان مفسراً وقد عاد المعدل طريق معتبر ، كما صدر من النسائي في كتابه المتروكين : نعمان بن ثابت أبوحنيفة ليس بالقوي في الحديث !!

إن الجرح في أبي حنيفة أكثرها بل كلها مبهمة ، فلا تقابل قول المعدل من عدالته وورعه ، لاسيما وقد ذكر المعدلون الأسباب التي جرحه بها الجارحون ، وردوا عليهم ، وبينوا كونها ناشئة عن حسد ، =

کفایت اللہ سنابلی کے نزدیک شیطان پر بھی سب وشتم جائز نہیں۔

کفایت اللہ سنابلی اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ "معلوم ہوا اسلام میں کسی پر بھی سب وشتم جائز نہیں حتی کہ انسانیت کے بڑے دشمن شیطان پر بھی سب وشتم کی اجازت نہیں ہے • لہٰذا جب شیطان جیسے "عدو مبین" پر بھی سب وشتم کرنا درست نہیں تو پھر یزید بن معاویہ پر سب وشتم کیسے درست ہو سکتا ہے؟ **جو لوگ بھی ایسا کرتے ہے وہ اللہ کے نبی کے حکم کی سراسر خلاف ورزی کرتے ہیں۔ اللہ سب کو ہدایت دے۔ آمین**" (یزید بن معاویہ پر الزامات کا تحقیقی جائزہ، صفحہ ۸۴۳

لیکن شاید غیر مقلدین کو یہی بات امام ابو حنیفہؒ کے بارے میں یاد نہیں آتی۔ اگر کفایت اللہ سنابلی کی اسی بات میں یزید کی جگہ امام ابو حنیفہ لکھ دیا جائے تو پھر یہ عبارت ایسے ہو گی

معلوم ہوا اسلام میں کسی پر بھی سب وشتم جائز نہیں حتی کہ انسانیت کے بڑے دشمن شیطان پر بھی سب وشتم کی اجازت نہیں ہے • لہٰذا جب شیطان جیسے "عدو مبین" پر بھی سب وشتم کرنا درست نہیں تو پھر **امام ابو حنیفہؒ** پر سب وشتم کیسے درست ہو سکتا ہے؟ **جو لوگ بھی ایسا کرتے ہے وہ اللہ کے نبی کے حکم کی سراسر خلاف ورزی کرتے ہیں۔** اللہ سب کو ہدایت دے۔ آمین

بقول کفایت اللہ سنابلی، امام ابو حنیفہؒ پر سب وشتم اور طعن کرکے نبی کریم ﷺ کے حکم کی خلاف ورزی تو خود غیر مقلدین کرتے ہیں

843

سب سے بڑا گناہ شرک ہے، لیکن اس کے باوجود اسلام میں نہ اہلِ شرک کو گالی دینے کی اجازت ہے نہ انھیں جن کو اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرایا جاتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ فَيَسُبُّوا اللَّهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ كَذَٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ أُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِم مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ﴾ [الأنعام: ۱۰۸]

"اور گالی مت دو ان کو جن کی یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہیں، کیوں کہ پھر وہ براہِ جہل حد سے گزر کر اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کریں گے۔ ہم نے اسی طرح ہر طریقے والوں کے لیے ان کا عمل مرغوب بنا رکھا ہے۔ پھر اپنے رب ہی کے پاس ان کو جانا ہے، سو وہ ان کو بتلا دے گا، جو کچھ بھی وہ کیا کرتے تھے۔"

غور کریں کہ وہ معبودان، جنھیں اللہ کے بالمقابل کھڑا کیا گیا ہے، جب ان پر سب وشتم کی اجازت اسلام میں نہیں ہے تو بھلا کسی اور پر سب وشتم کی اجازت اسلام کیسے دے سکتا ہے؟

صرف یہی نہیں کہ اسلام نے دوسروں پر سب وشتم سے منع کیا ہے، بلکہ اسلام نے کسی کو یہ بھی اجازت نہیں دی کہ وہ اپنے آپ پر سب وشتم کرے، حالاں کہ یہ انسان کا اپنا معاملہ ہے، جس میں کسی دوسرے کے لیے ایذا رسانی بھی نہیں ہے، چناں چہ حدیث ہے:

عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: «لَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِي، وَلَكِنْ لِيَقُلْ: لَقِسَتْ نَفْسِي»[1]

"اماں عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میرا نفس خبیث ہو گیا، بلکہ یوں کہے کہ میرا نفس سستی و کاہلی کا شکار ہو گیا۔"

معلوم ہوا کہ اسلام میں کسی پر بھی سب وشتم جائز نہیں ہے، حتی کہ انسانیت کے سب سے بڑے دشمن شیطان پر بھی سب وشتم کی اجازت نہیں ہے، لہٰذا جب شیطان جیسے "عدو مبین" پر بھی سب وشتم کرنا درست نہیں تو پھر یزید بن معاویہ پر سب وشتم کیسے درست ہو سکتا ہے؟ جو لوگ بھی ایسا کرتے ہیں، وہ اللہ کے نبی ﷺ کے حکم کی سراسر خلاف ورزی کرتے ہیں۔ اللہ سب کو ہدایت دے۔ آمین یا رب العالمین۔

ہمارا عقیدہ

ہمارا عقیدہ کتاب وسنت کے مطابق یہ ہے کہ ائمہ اربعہ اور ان جیسے دُوسرے

عالمین اس خیر الامم اُمت کے مجتہد اور مجدد ہیں۔

اور اہل علم آج تک ان کے علم وفضل تقویٰ اور خشیت اللہ زہد واخلاص اور ترک بدعات اور محدث اور ترک تقلید پر متفق ہوتے آئے ہیں۔ بلاشبہ وہ اللہ تعالیٰ کے حضور اور نبی کریم کی بارگاہ میں اور اس اُمت پر اکرم اور افضل ہیں۔ اور یقیناً وہ خیر البریہ افضل العباد ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ عند رب العالمین۔

اور وہ اپنی ذات میں رسول کریم کے سیدھے راستے پہ تھے اور انہوں نے اپنے زمانے کے لوگوں کو بھی اسی راستے پہ چلنے کی ہدایت کی اور تقلید وتمذہب سے باز رہنے کے لئے حکم دیا اور وہ اعتصام میں کتاب وسنت پر زیادہ ہدایت یافتہ تھے۔ جیسا کہ مقلدین کی کتابوں میں بھی ان کی توصیف بیان کی گئی ہے۔

سچ تو یہ ہے کہ اسلام جیسے عظیم الشان دین کے ائمہ کے لئے یہی کچھ مناسب بھی تھا۔ رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ۔

معاذ اللہ جو شخص بھی ائمہ دین پر زبان طعن دراز کرے وہ اندھا ہے۔ خدا اسے سمجھ دے۔ حالانکہ ائمہ علیہم الرحمہ کا تقویٰ اور دینی بصیرت مسلم ہے اور ان کا تقلید جیسی بدعت سے منع کرنا مشہور ہے۔ خدا انہیں بھی برباد کرے جو ان بزرگانِ دین کو خدا اور رسول کے راستے پہ نہیں سمجھتے اور لوگوں کے اقوال اور مسالک کو اللہ عزوجل اور اس کے رسول کریم کے احکام پر ترجیح دیتے ہیں حالانکہ ان تک قرآن کی آیات اور احادیث نبوی پہنچ گئی ہیں اب جبکہ حقیقت آشکارا ہو گئی ہے۔ اور مقلد کے مسلک کی تردید ہو چکی ہے اس کے بعد بھی کوئی کتاب وسنت کے مقابلے میں کسی کا قول تلاش کرے اور اپنے فرقے کی طرف کھینچا تانی کرے تو اس سے بڑھ کر کونسی خیانت اور کونسی گمراہی ہو سکتی ہے۔

اصل میں بچوں قسم کی آراء وقیاسات اور من گھڑت اجتہادات نے ہی دینِ محمدؐ

کی راہ میں موصوف علیہ الرحمۃ کے مصائب ومشکلات طبقات وتراجم کی کتب میں عام پائے جاتے ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

مقلدین نصوص کا رد کر رہے ہیں لاریب احترام ائمہ اربعہ ضروری ہے اور واجب ہے۔ ان کی شان بلند ہے اور ان کی فضیلت بڑی ہے اور وہ وسیع علم کے مالک تھے اور حق ان کے ساتھ تھا وہ استمساک بالکتاب وسنت مطہرہ کو لازم جانتے تھے۔ اور کتاب وسنت کے فہم کو ضروری خیال کرتے تھے۔

اور کسی بھی بڑے سے بڑے معین شخص کی دین میں تقلید کو حرام سمجھتے تھے

اور اسلام میں ... مقلدین
کتاب وسنت کو ... آڑ لے رکھی
ہے۔ ان بزرگو ... ات رائج کر
رکھی ہیں۔ حالانکہ ... ہے یہ لوگ
پھر بھی ائمہ علیہ ... سے اپنی خرافات
کی نسبت دیتے ... تے ہیں۔ اور
کہتے ہیں کہ یہ فقہ ... ان کی بزرگ
ہستیوں سے کسی ... کی طرف
منسوب نہیں کی ... بلکہ ان
مسائل پر بھی ان ... سے علی رؤس
الاشہاد کہتے ... یا امام شافعیؒ
یا امام احمدؒ ابن ... صحت کے
ساتھ پیش کی ... نہیں رکھتے

تاریخ اہل حدیث

تعیین الفرقة الناجیة وأنها الطائفة أهل الحدیث

مؤلفہ

الشیخ احمد الدہلوی خادم السنة المطہرة والمسجد النبوی

ترجمہ

ڈاکٹر محمد منیر زہیر الراعی السلفی

www.KitaboSunnat.com

اسلامی اکادمی ناشران کتب اردو بازار لاہور

وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيرًا۔

اسی لئے باکثرت مکاتب فکر میں: "یہ قول راجح ہے اور یہ مرجوح ہے" کی باتیں عام ہوگئی اور اسی منہج پر علماء کرام تربیت پاتے رہے یہاں تک کہ ملک عبد العزیز (رحمۃ اللہ علیہ) کے دور کی ابتداء میں جب وہ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو انہوں نے کتاب السنۃ از عبد اللہ بن امام احمد (رحمۃ اللہ علیہ) شائع کرنے کا ارادہ فرمایا۔ اس وقت اس کی طباعت کی نگرانی اور مراجع پر شیخ علامہ عبد اللہ بن حسن آل الشیخ (رحمۃ اللہ علیہ) مامور تھے جو اس وقت مکہ مکرمہ کے رئیس القضاۃ (چیف جسٹس) تھے۔ پس آپ نے وہ پوری فصل ہی طباعت سے نکلوا دی (جس میں امام ابو حنیفہ پر کلام تھا)، اسے شرعی حکمت کے تحت نہیں شائع کیا گیا کیونکہ اس قسم کی باتوں کا اپنا وقت تھا جو گزر چکا۔ اس کے علاوہ یہی اجتہاد اور لوگوں کے مصالح کی رعایت کرنے کا تقاضہ تھا کہ اسے حذف کر لیا جائے اور باقی نہ رکھا جائے لہذا یہ امانت میں خیانت نہیں تھی؛ بلکہ امانت تو یہ ہے کہ لوگ ان نقول کی وجہ سے جو اس کتاب میں (امام ابو حنیفہ کے خلاف) منقول تھے عبد اللہ بن امام احمد (رحمۃ اللہ علیہ) نے جو اپنی کتاب میں سنت و صحیح عقیدہ بیان فرمایا ہے اس کے پڑھنے سے رک جاتے۔ پس یہ کتاب اس پوری فصل کے بغیر شائع ہوئی جو لوگوں میں اور علماء کرام میں عام ہوئی اور یہی عبد اللہ بن امام احمد (رحمۃ اللہ علیہ) کی کتاب السنۃ سمجھی جاتی رہی۔

آخر میں اب یہ کتاب ایک علمی رسالہ یا علمی ریسرچ میں شائع ہوئی اور اس میں وہ فصل داخل کر دی گئی ہے، اور یہ مخطوطات میں موجود ہے معروف ہے چنانچہ اس فصل کو نئی سرے سے داخل کیا گیا یعنی اس میں واپس لوٹا دی گئی اس دعوے کے ساتھ کہ امانت کا یہی تقاضہ ہے، حالانکہ بلاشبہ یہ بات صحیح نہیں، کیونکہ علماء کرام نے شرعی سیاست کو بروئے کار لاتے ہوئے، اسی طرح کتابوں کی تالیف سے جو علماء کرام کا اصل مقصد ہوتا ہے اسے جانتے ہوئے، زمان و مکان و حال کے اختلاف کا لحاظ رکھتے ہوئے ایسا کیا تھا۔ ساتھ ہی جو آخر میں عقیدہ مقرر ہو چکا ہے اور اہل علم کا اس بارے میں جو کلام ہے سے وہ علماء کرام واقف تھے۔

جب یہ طبع ہوا تو ہم فضیلۃ الشیخ علامہ صالح الفوزان (حفظہ اللہ) کے گھر پر دعوت میں شریک تھے، آپ نے سماحۃ الشیخ عبد العزیز (رحمۃ اللہ علیہ) کو دعوت فرمائی تھی اور ان کے سامنے کتاب السنۃ کی طبع اولی جس میں علماء کرام کی طرف سے وہ فصل شامل نہیں کی گئی تھی جس میں امام ابو حنیفہ (رحمۃ اللہ علیہ) پر کلام تھا اور آخری طبع بھی پیش کی جو دو جلدوں میں شائع ہوئی ہے اور اس میں یہ فصل شامل کی گئی ہے، پس شیخ (رحمۃ اللہ علیہ) نے مجھ سے شیخ فوزان (حفظہ اللہ) کی مجلس میں فرمایا کہ:

➤ "الذی صنعه المشایخ هو المتعین ومن السیاسة الشرعیة أن یحذف وإیراده لیس مناسبا. وهذا هو الذی علیه نهج العلماء"

(جو کام (فصل کو حذف کرنے کا) مشائخ کرام نے کیا تھا وہی متعین بات تھی اور اسے حذف کرنا شرعی سیاست کے عین مطابق تھا اور اسے واپس سے داخل کر دینا مناسب نہیں، یہی علماء کرام کا منہج ہے)

تو اب معاملہ اور بڑھ گیا اور ایسی تالیفات ہونے لگیں جن میں امام ابو حنیفہ (رحمۃ اللہ علیہ) پر طعن کیا گیا ہے یہاں تک انہیں ابو جیفۃ تک کہا جانے لگا اور اس جیسی دوسری باتیں، جو بلاشبہ ہمارے منہج میں سے ہے نہ ہی علماء دعوت اور علماء سلف کا یہ منہج تھا۔ کیونکہ ہم تو علماء کرام کا ذکر نہیں کرتے مگر خیر و بھلائی ہی کے ساتھ خصوصاً آئمہ اربعہ کا کیونکہ ان کی ایسی شان اور مقام ہے جس کا انکار نہیں کیا جا سکتا، البتہ اگر وہ غلطی کر جائیں تو ان کی غلطی میں ان کی پیروی نہیں کرتے۔

(شیخ صالح آل الشیخ کے فتاوی پر مبنی ایک ویب سائٹ سے ماخوذ)

اور سوائے ایک بات کے اور کوئی تہمت آپ کے جانب منسوب نہ فرمائی اور وہ یہ ارجاء کا قول وہ بھی ارجاء الفقہاء (نہ کہ غالیوں کی الارجاء)[1]۔ اس کے سوا ان تمام تہمات کا جو سلسلہ چلا آرہا تھا اسے نقل نہیں فرمایا، کیونکہ امام ابو حنیفہ (رحمۃ اللہ علیہ) کی کتاب بنام "فقہ الاکبر" اور دوسرے رسائل موجود ہیں جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ آپ بالجملہ سلف صالحین کے ہی عقیدے و منہج کے تابع تھے سوائے اس مسئلے ارجاء یعنی ایمان کے نام میں عمل کو داخل نہ سمجھنا کے۔

چنانچہ اسی نہج پر علماء کرام گامزن رہے جیسا کہ امام طحاوی (رحمۃ اللہ علیہ) نے فرمایا سوائے (جیسا کہ میں نے بیان کیا) جانبین (یعنی امام ابو حنیفہ (رحمۃ اللہ علیہ) کے بارے میں غلو کرنے والوں اور دوسری جانب ان کی شان میں تنقیص کرنے والوں) کی طرف سے کچھ باتیں ہوتی رہیں، ایک جانب وہ اہل نظر جو اہلحدیثوں کو حشویہ اور جاہل پکارتے تھے اور دوسری جانب ان کی طرف سے بھی جو اہلحدیث اور اثر کی جانب منسوب تھے انہوں نے امام ابو حنیفہ (رحمۃ اللہ علیہ) پر کلام کیا یا پھر حنفیہ پر بطور ایک فقہی مکتبۂ فکر یا ان کے علماء پر کلام کیا۔ جبکہ اعتدال و وسط پر مبنی نقطۂ نظر یہ وہ ہے جو امام طحاوی (رحمۃ اللہ علیہ) نے بیان فرمایا اور اسی پر آئمہ سنت قائم تھے[2]۔

پھر جب امام شیخ محمد بن عبدالوہاب (رحمۃ اللہ علیہ) تشریف لائے اسی منہج کو لوگوں میں مزید پختہ فرمایا۔ چنانچہ انہوں نے کسی امام کا ذکر نہیں فرمایا مگر خیر و بھلائی کے ساتھ اور یہ منہج بیان فرمایا کہ تمام آئمہ کرام کے اقوال کو دیکھا جائے اور جو دلیل کے موافق ہو اسے لے لیا جائے، کسی عالم کی غلطی یا لغزش میں اس کی پیروی نہ کی جائے؛ بلکہ ہم اس طرح کہیں کہ یہ ایک عالم کا کلام ہے اور اس کا اجتہاد ہے لیکن جو دوسرا قول ہے وہ راجح ہے۔

---

[1] ارجاء کا عقیدہ رکھنے والوں کو مرجئہ کہا جاتا ہے۔ جن کے نزدیک ایمان کم زیادہ نہیں ہوتا اور نہ ہی عمل ایمان میں شامل ہیں۔ شیخ صالح الفوزان ﷾ فرماتے ہیں کہ مرجئہ کی چار اقسام ہیں: ۱۔ جہمیہ: جو یہ کہتے ہیں کہ ایمان صرف معرفت کا نام ہے اگرچہ دل سے تصدیق اور زبان سے اقرار نہ بھی کیا جائے۔ اور یہ سب سے منحوس قول ہے، اس صورت میں فرعون وابلیس بھی مومن ہوں گے۔ ۲۔ اشاعرہ: جو یہ کہتے ہیں کہ ایمان صرف دل کی تصدیق کا نام ہے، پھر تو ابوطالب بھی مسلمان شمار ہوگا حالانکہ اس نے زبان سے اقرار نہ کیا۔ ۳۔ کرامیہ: ان کے نزدیک ایمان صرف زبان سے اقرار کا نام ہے اگرچہ دلی تصدیق نہ ہو، پھر تو ان کے نزدیک منافق بھی مومن شمار ہوں گے۔ ۴۔ مرجئۃ الفقہاء: اور یہ مرجئہ کے گروہوں میں سے سب سے خفیف ترین ارجاء میں مبتلا ہیں مگر بہرحال یہ بھی باطل وگمراہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایمان دلی اعتقاد اور زبان سے اقرار کا نام ہے، عمل اس میں داخل نہیں اور نہ ہی اس میں نیک عمل سے اضافہ اور بدعملی سے کمی ہوتی ہے۔ جبکہ ایمان کے متعلق اہل سنت والجماعت کا جو قول حق ہے وہ یہ ہے کہ: ایمان دل کی تصدیق، زبان سے اقرار، اعضاء وجوارح سے عمل کا نام ہے جو نیکی کرنے سے بڑھتا ہے اور نافرمانی کرنے سے گھٹتا ہے۔ (ایمان وکفر سے متعلق اہم سوال وجواب) (مترجم)

[2] جیسا کہ ہمارے برصغیر میں ہوتا ہے امام ابو حنیفہ اور احناف کے خلاف بات کرنے ہی کو اہلحدیثیت کی نشانی سمجھا جاتا ہے اور تمام تر جدوجہد کا محور حنفیوں کا رد کرنا ہوتا ہے۔ واللہ المستعان (مترجم)

ائمہ اربعہ رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

ہمارا عقیدہ ہے کہ ائمہ اربعہ حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت
امام مالک رحمۃ اللہ علیہ، حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت امام احمد بن

حنبل رحمۃ اللہ علیہ خداوند تعالیٰ کے مقرب بندے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر مہربانی
کی اور انہیں قرآن و حدیث میں تدبر اجتہاد بخشی۔ انہوں نے قرآن و حدیث میں
غور و فکر کیا اور فقہ اسلامی کی بنیاد رکھی۔ اور اپنے اجتہاد اور تفقہ کے بعد بار بار
اعلان کیا کہ اگر تمہیں ہماری رائے، اجتہاد اور قیاس کے مقابلہ میں قرآن و حدیث
اور اقوال صحابہ سے کوئی چیز ملے تو اس کو لے لو اور ہمارے اجتہاد کو چھوڑ دو۔ ہمارا
عقیدہ ہے کہ آنحضرت فداہ ابی و امی روحی و قلبی کے بعد کوئی بھی واجب الاتباع
نہیں۔ آپ کی اطاعت، فرمانبرداری اور پیروی ہم سب پر فرض ہے۔ ہم بوقت
ضرورت بقدر ضرورت ان ائمہ اربعہ رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے پورا پورا
فائدہ اٹھاتے ہیں۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ فقہ کی تمام باتیں غلط نہیں ہیں۔ بلکہ ان
کتابوں میں اکثر و بیشتر مسائل درست ہیں۔ اور ہمارے علماء اہل حدیث نے
ان کے اجتہاد پر فتاویٰ دیئے ہیں۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ تمام ائمہ اربعہ برحق
ہیں۔ اور ایک ہی چشمہ کی نہریں ہیں۔ لیکن اپنے لیے صرف ایک ہی کو خاص
کر لینا درست نہیں۔ جب یہ چاروں برحق ہیں تو پھر کیوں نہ ان کی بات کو
جو قرب الی السنۃ ہو قبول کر لیا جائے۔ ہمارے نزدیک اجتہاد ان چار دو
اماموں ہی میں دائر نہیں ہے۔ بلکہ ان کے علاوہ بھی بیسیوں امام مجتہد کا در
رکھتے ہیں آج پوری امت میں ان ائمہ اربعہ کے تقویٰ، ورع، پرہیزگاری
دیانت، امانت، صداقت اور جرأت و شجاعت کی مثال ڈھونڈے سے

نہیں ملتی۔ یہ بزرگ ہم سب کے امام ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان پر کروڑ کروڑ رحمتیں
نازل فرمائے آمین۔

اشاعۃ السنۃ النبویۃ

علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیۃ

نمبر ہفتم و ہشتم و نہم معہ جلد نہم

اطلاع

ماہ اقتصادی مسائل اہل حدیث جنکی طرف سے ناظرین کی آنکھیں لگ رہی تھیں وہ نمبر ... کا قصد پورا کرنا ہے جسکی حاجت ... اور اشاعت جو خاص کر ... اہل حدیث کے ... خریداران اشاعۃ السنہ کو اس کا ایک حصہ اشاعۃ السنہ نمبر ... کے ساتھ وصول ہوا باقی بھی عنقریب نمبر ... کے ساتھ وصول ہوگا۔ اس رسالہ کا انگریزی ترجمہ بھی ... لکھا جا چکا ہے اسکے چھپنے میں ... اشاعۃ السنہ اسکی قیمت ... جلد ... ارسال کریں تا ... وہ جلد فروخت کرائیں تو انگریزی ترجمہ کی جلد اشاعت ہو۔

التماس

... ناظرین ... کریں ... حالت ... جلد ...

فائدہ نہیں پہنچا اور گرفتار ... کی طرف وصول مضامین پہنچے پورے اور جلد ... انگریزی میں ہوں۔ ولیکن انگریزی میں ان مضامین کی اشاعت ... اشاعۃ السنہ ... حقیقتہً ... خریداران ... انگریزی ... مین ... ہیں۔

خریداران اشاعۃ السنہ کا یہ حال ہے کہ ... کے جواب ... لادیں۔

پس کیا آپ خریداران اشاعۃ السنہ ... کو وعدہ کریں اور جنکی ... ارسال کریں۔ ... انگریزی کا ... (اور امید بھی نہیں ...) ... اشاعت مضامین انگریزی ... کریں جس ... کام ہو اور اسکی ... دینی ... اشاعۃ السنہ کو اس سے کوئی ...

حدیثیں جمع ہو گئیں تو ان کو زیادہ مطیر آئیں جسکو ہمارے زمانے کے منصف حنفی مولوی عبد الحی صاحب لکھنوی نے اپنی کتاب النافع الکبیر کے صفحہ (۱۸) میں نقل و تسلیم کیا ہے اور یہ سب عبارتیں ہمارے ضمیمہ اخبار سفیر ہند مطبوعہ ۲۳ مارچ میں منقول ہیں۔

مگر اس کا دوسرا حصہ محض افترا ہے جسکا منشا ان لوگوں کی بے علمی و نافہمی ہے۔ اس امر کا کوئی اہل عقل قائل نہیں ہو سکتا ہے کہ امام ابوحنیفہ کو صرف سترہ حدیثیں صحیح پہنچی تھیں۔

ان لوگوں کے اس افترا کا منشا یہ ہے کہ ابن خلدون حضرمی نے اپنی تاریخ العبر میں کہا ہے (جسکو نواب صاحب بھوپال نے اپنے رسالہ حطہ میں بصفحہ ۱۴۳ نقل کیا ہے) کہ امام ابوحنیفہ کی روایت حدیث سترہ تک پہنچی ہے۔

> فابو حنیفة رضي الله تعالى عنه بلغت روايته الى سبعة عشر حديثا او نحوها۔
>
> (تاریخ ابن خلدون حطہ)

جسکے معنے یہ ہیں کہ جو حدیثیں امام ابوحنیفہ نے لوگوں کو سنائیں اور روایت کی ہیں انکی تعداد سترہ ہے۔ اس سے ہمارے بے علم بھائیوں نے یہ سمجھ لیا کہ جو حدیثیں امام ابوحنیفہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہنچی ہیں ان کی تعداد سترہ ہے اور ان بیچاروں نے یہ سوچا کہ ایک شخص کا لوگوں کے پاس آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث کو روایت کرنا اور امر ہے اور اس کے پاس آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حدیث کا پہنچنا دوسرا امر ہے۔ انہوں نے امر اول کو امر دوم سمجھ لیا اور لوگوں میں سنایا اور کہا کہ ابوحنیفہ کو صرف سترہ حدیثیں پہنچی تھیں۔ ان کے اس افترا کا جواب خود ابن خلدون کی اسی کلام میں موجود ہے جسکا ایک ٹکڑا یہ حضرات لے بھاگے ہیں کلام سابق کے متصل ہی ابن خلدون نے کہا ہے (چنانچہ حطہ میں بھی

تالیف کیا ہے جسکا نام "جلب المنفعہ فی الذب عن الائمہ المجتہدین الاربعہ" ہے اور اسکا خلاصہ مطالب اشاعۃ السنتہ نمبر ۷ جلد ۹ مین منقول ہو چکا ہے ۔ اسمین آپنے طاعنین ائمہ مجتہدین کو جاہل شوریدہ کہا ہے ۔ اور اس مین یہ بھی لکھا ہے کہ ہم نص کے مقابلہ مین تقلید کو شرک جانتے ہین مگر کسی مقلد پر کفر و شرک کا فتوی نہین لگاتے ۔ جسکا سر وہی ہے جو ہم اشاعۃ السنتہ نمبر (۲) جلد ۹ کے صفحہ (۴۲) و نمبر ۱۱ جلد ۱۲ صفحہ ۳۱۸ مین بیان کر چکے ہین

اشاعۃ السنتہ سالہا سال سے پکار رہا ہے کہ امام ابو حنیفہؒ وغیرہ ائمہ مجتہدین کی بدگوئی بیدینی ہے اور مقلدین مذہبی حنفی وغیرہ کو کافر یا مشرک یا بدعتی کہنا جائز نہین دیکھو ضمیمہ سفیر ہند مطبوعہ ۳۱ مارچ ۱۸۷۸ء و ضمیمہ اشاعۃ السنتہ نمبر ۱۱ جلد ۱ و اشاعۃ السنتہ جلد ۷ نمبر ۹ و جلد ۹ نمبر ۲ وغیرہ

ان تصریحات کے ساتھ ہمارے علاقی بھائی حنفیون کو کب مناسب ہے کہ چند جہلاء کی بدگوئی کے سبب کل طائفہ پر بدگوئی کا گمان کرین ۔ اور سب کو برا کہین آئندہ ان کو اختیار ہے ۔ وما علینا الا البلاغ +

"مشاورت کا مشورہ" اس مضمون کو ہم جگہ نہ ہونے کے سبب نہین لکھ سکے ۔ انشاءاللہ آئندہ لکھینگے ۔ بالفعل ہم ایک رسالہ کے ذکر پر اکتفا کرتے ہین جسمین مشاورت کے متعلق ایک مختصر مضمون درج ہے اور علاوہ بران اسمین رسوم مروجہ شادی وغیرہ پر دلچسپ بحث ہے ۔ وہ رسالہ غنچہ مراد ہے جسکے مولف ہمارے دلی دوست مولوی ابو محمد ابراہیم صاحب ساکن آرہ ضلع شاہ آباد ہین اور وہ بقیمت ۲ ؍ روپیہ بشمول محصول ڈاک مولف سے ملسکتا ہے +

تلخیص رسالہ علم الٰہی عقلی

(جسکا سلسلہ نمبر ۸ جلد ۹ سے شروع ہے)

بازو ترا توحید کی قوت سے قوی ہے
اسلام ترا دیس ہے تو مصطفوی ہے
جماعتِ مصطفیٰ
حضرت مولانا محمد صادق سیالکوٹیؒ
اعتقاد پبلشنگ ہاؤس
۱۵۶۱ سوئیوالان نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲

امام اعظم ابو حنیفہؒ کا دفاع غیر مقلد نواب صدیق حسن خان صاحب کے قلم سے

جلب المنفعة في الذب عن الأئمة المجتهدين الأربعة

اردو ترجمہ

ائمہ اربعہ کا دفاع اور سنت کی اتباع

تالیف

شیخ الاسلام نواب صدیق حسن خان بھوپالی رحمہ اللہ

مکتبۃ الفہیم مئوناتھ بھنجن

ان میں کے تیسرے امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ
موصوف علم سنت میں جماعت اسلام کے امام تھے، ان کا
اگر قرون خیر کو تین قرنوں تک محدود مانا جائے جو یقینی
شامل ہے، چوتھے قرن میں پہنچنے کا سوال ہی نہیں ہے، از
یہ چاروں مجتہد امام زمانۂ خیر کے لوگوں میں
ومناقب سے متصف تھے، اور ان میں سے ہر ایک ا
میں اپنی نظیر نہیں رکھتا تھا، یہاں تک کہ ان کے مقلد
میں بہت سی کتابیں بنائی سنواری ہیں۔

مناقب امام ابوحنیفہ

حنفی مقلدین نے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مناقب میں سولہ مستقل کتابیں تالیف کی ہیں، ان کے نام کتاب اتحاف النبلاء میں مذکور ہیں، اور قریب اٹھائیس علماء نے امام صاحب کا ذکر شریف اپنی کتابوں میں کیا ہے، جن لوگوں نے ان کے ترجمہ میں ان کے قلت علم نحو یا حدیث میں ان کے ضعف کی بات لکھی ہے، ان کا مقصود ان عبارتوں سے طعن وجرح کا اظہار نہیں ہے، بلکہ واقع اور حقیقت کا بیان ہے، کیونکہ ان کے علم وفضل کے میدان میں طعنوں کا گذر نہیں ہے، ایسے بزرگوں کی جرح اگر نفسانیت اور تعصب کی راہ سے آئے تو یہ اللہ کے ساتھ محاربہ ہوگا، کیونکہ اللہ کے اولیاء کی دشمنی اس کی ناراضی کا سبب ہے، اور وہ ایسے شخص سے انتقام لیتا ہے، جو استخفاف یا کراہیت یا بدظنی یا بے ادبی کی نظر سے ان کی یا ان کے جیسوں کی طرف دیکھتا ہے۔

یہ تسلیم ہے کہ امام اعظم قلیل النحو یا قلیل الحدیث تھے، لیکن یہ معنی ان کے دیگر علوم وفضائل کو جن پر اہل اسلام کی جماعت کا اتفاق ہے، محو نہیں کر سکتا ہے، وہ کون شخص ہے جس میں کسی طرح کا خلل یا نقص نہیں رہا ہے، صحابہ کرام جو باجماع امت افضل امت ہیں، ان میں بھی بعض ایسے لوگ گذرے ہیں جو قلیل العلم تھے، اور بہت سی حدیثوں سے بے خبر تھے،

پس اگر امام اعظم نے انہیں اصحاب کے رنگ میں جن سے دو تین یا چند حدیثوں کے سوا مروی نہیں ہے، حدیث کم روایت کیا تو کون سی قباحت ہے۔

رہا علم نحو تو یہ مرتضوی ایجادات میں سے ہے، تمام صحابہ نے اس ایجاد کردہ طریقہ پر عمل نحو کی مزاولت نہیں کی ہے، بلکہ خود ان لوگوں کو اس علم کے نام ونشان سے واقفیت بھی حاصل نہیں رہی، جو شخص ان امور جیسی باتوں کو آں امام مقبول کی تحقیر پر محمول کرتا ہے، وہ سخت نامعقول ہے، اس نے خیر القرون کی کوئی قدر نہیں پہچانی، اور غائب کو حاضر پر قیاس کرنے کی غلطی کی۔

واضح رہے کہ امام صاحب یا دوسرے ائمہ کی تقلید کا رد کرنا، بالخصوص سنت صحیحہ کے معارض اور حدیث محکم کے مخالف ان کے قول کا انکار کرنا دوسری بات ہے، اور عالی قدر ائمہ کا نقص بیان کرنا امر دیگر ہے، پہلا حق صریح ہے، اور دوسرا باطل وقبیح، باایں ہمہ ان ائمہ اور دوسرے ائمہ مجتہدین کی طرف سے بہت سے صحیح عذر شروع کتاب میں شیخ الاسلام کی زبان سے بیان ہو چکے ہیں، ان تمام عذروں کے باوجود ان بزرگان دین کے فضل کبیر میں اب کون سی تقصیر کی گنجائش باقی ہے؟

اس میں شک نہیں ہے کہ بعض مقلدین حنفیہ اس باب میں ایسا زعم کرتے ہیں کہ ان ائمہ کی تقلید کا منکر ان کی تحقیر کرنے والا ہے، حالانکہ ایسی بات نہیں ہے اور لازم مذہب مذہب نہیں ہوگا، اگر کسی جاہل نے جو حضرت امام ہمام کے فضائل سے غافل اور زیور نصاف سے عاری ہے، ایسا کیا ہے تو اس کے سوا کیا کہا جا سکتا ہے کہ اس نے اپنے نامۂ عمال کو سیاہ کرنے کے سوا اور کچھ نہیں کیا ہے۔

واذا أتتك مذمتي من ناقص
فهي الشهادة لي بأني كامل

(جب کوئی ناقص شخص تم سے میری برائی بیان کرے تو یہ میرے کامل ہونے کی دلیل ہے)

ظاہر بات یہ ہے کہ اس باب میں عام شور وشغب کا باعث یہی مقلدین حضرات

اسی طرح ہمارے دل بعض سنت کی اتباع کے لئے نرم ہو جائیں اور حسب خواہشات وعادات بعض احادیث قبول کرنے سے گریز اور نفرت کریں، کیونکہ یہ روش راہ راست سے خروج اور مغضوب علیہم اور الضالین کی راہ کی طرف رجوع کے ہم معنی ہے، اللہ تعالی ہمیں بخیر وعافیت اپنے محبوب وپسندیدہ قول وعمل کی توفیق بخشے ، یہ دعا ہمارے لئے اور تمام مسلمان بھائیوں کے لئے ہے۔

خلاصۂ کلام

یہ سب باتیں رفع الملام عن الائمۃ الأعلام میں مذکور ہیں، اور خلاصہ کلام اس جگہ یہ ہے کہ ائمہ اسلام کے حق میں جاہلوں کی لعن طعن خواہ محدثین کے بارے میں مقلدین کی طرف سے ہو، یا مجتہدین کے بارے میں متبعین کی جانب سے ہو، اس کی دو وجہیں وصورتیں ہیں، ایک ترک تقلید ائمہ، اس ترک کو امام کے حق میں تارک کی بدگمانی کا سبب سمجھتے ہیں، اور اسی کے مثل مقلدین پر غیر مقلدین کا طعن ہے کہ وہ صحیح حدیث پر عمل اس لئے ترک کردیے کہ وہ ائمہ مجتہدین کے قول کے مخالف ہے، اور اس کو بھی اپنے ائمہ کی طرف منسوب جانتے ہیں، اس بنا پر اپنے مخالفوں کو گالی گلوج سے نوازتے ہیں۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ بعض ایسے افعال کرنے کے بارے میں لعن طعن ہوتی ہے جن پر وعید آئی ہے، اور بعض ائمہ سے ان کا صادر ہونا معلوم ہے۔

پہلے امر کا جواب وہی عذروں ومجبوریوں کے اسباب ہیں جو مذکور ہو چکے ہیں، عذروں کے موجود ہوتے ہوئے کسی کو حق نہیں پہنچتا کہ بزرگان دین کو طعن وتشنیع کے شکنجہ میں کسے، کیونکہ ان لوگوں نے حدیث پر ترک عمل ہرگز نفسانیت اور جاہلی حمیت وعصبیت کی راہ سے نہیں کیا ہے، جیسا کہ ان کے بعد والے لوگ صحیح عذروں اور جائز سببوں کے وجود کے بغیر کرتے ہیں۔

دوسری وجہ کا جواب یہ ہے کہ ان ائمہ کو وعید لاحق نہیں ہوتی ہے، اس کے وجوہ واسباب اس کتاب میں بالتفصیل پہلے بیان ہو چکے ہیں۔

بہر حال ملت اسلامیہ کے جملہ اکابران بے خبر جاہلوں اور شوریدہ سر احمقوں کی لعن طعن سے محفوظ ہیں، یہ بزرگان ملت چاہے ائمہ اربعہ مجتہدین ہوں، یا محدثین کا گروہ، یا صالح متصوفین کی جماعت، یا دوسرے متقدمین کا طبقہ ہو۔

ائمہ اربعہ

اکابر ملت جو ہم سے صد ... ون کا تھوڑا یا زیادہ حصہ پائے تھے ان میں ائمہ ار ... امام اعظم ابوحنیفہ کوفی رحمہ اللہ اول مجتہد ہیں، دو ... رے امام شافعی اور چوتھے امام احمد ہیں، یہ چاروں ... رن میں تھے، کیونکہ امام اعظم کی وفات ۱۵۰ھ میں ... واقع ہوئی تھی، امام شافعی کی ولادت امام اعظم کے ... ، اور امام احمد ۱۶۴ھ میں پیدا ہوئے (☆)، جیسا ک ... یا ہے۔

حدیث عمران بن حصین :

"قال رسول اللہ ﷺ ... یلونهم ثم الذین یلونهم" الحدیث. (۷۳) (میری امت کے بہترین لوگ میرے زمانے کے لوگ ہیں، پھر وہ لوگ جو ان سے متصل ہیں، پھر وہ لوگ جو ان سے متصل ہیں)

جلب المنفعة فی الذب عن الائمة المجتهدین الأربعة

اردو ترجمہ

ائمہ اربعہ کا دفاع اور سنت کی اتباع

تالیف

امام اعظم

اس حدیث میں لفظ "قرنی" کو اگر حیات نبوت کے زمانے کے ساتھ مخصوص رکھیں، جیسا کہ بعض بڑے علماء کا مسلک ہے، تو صحابہ وتابعین کے دو زمانے باقی رہتے ہیں، (یعنی تابعین تک خیر القرون محدود ہوگا) اور جو لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ امام اعظم کے

(☆) اصل کتاب میں لکھا ہے: "وفات امام اعظم در سنہ پنجاہ وشش بود، وفات امام مالک در سنہ ہفتاد ونہ، وامام احمد در سنہ شصت وچہار متولد گشتہ" عبارت میں دو خطا ہوئی ہے، اول یہ کہ تینوں جگہ سنین میں لفظ "یک صد" فروگذاشت ہوا ہے، دوسرے یہ کہ امام اعظم کے سن وفات میں پنجاہ کے بعد "شش" غلط ہے، یعنی ان کا سن وفات ۱۵۰ھ ہے۔ (اصل کتاب ص: ۵۸) مترجم۔

(۷۳) بخاری فضائل: ۳۶۵۰، مسلم فضائل ۲۵۳۵۔

غیر مقلدین نواب صدیق حسن خان کے نزدیک رافضی ہیں

غیر مقلدین کے پیشوا نواب صدیق حسن خان کے بیٹے سید علی خان اپنے والد کا قول نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

اس زمانہ کے آفات میں سے ایک آفت یہ بھی ہے کہ تقلید کے ردو قدح میں حضرات ائمہ عظام تک طعن و تشنیع کا دروازہ کھول دیا جاتا ہے اور یہ ایک بد بختی او صریح گمراہی ہے۔ چند بدنام لوگ سلفِ صالحین کے رسوا کرنے میں اپنے منہ کو اپنے نامہ اعمال کی طرح سیاہ کرتے ہیں۔ (ونعوذ باللہ من الخذلان) اگر کوئی متبع کسی امام یا عالم پر باتعیین طعن و قدح کرتا ہے تو وہ مغتاب ہے اور غیبت زنا سے بھی بدتر ہے۔ جب احاد امت کی غیبت کرنا حرام ہے تو پھر جو ائمہ و علماء آخرت ہیں جو شخص ان کی غیبت کرتا ہے تو اس کا لعن و طعن اسی مغتاب پر عود کرتا ہے۔ یہ (یعنی ائمہ کے خلاف زبان درازی کرنا۔ از راقم) مذہب رفض کا شیوہ ہے نہ مذہب اہل سنت

(مآثر صدیقی حصہ چہارم ص 22,23)

احتیاط کرتا ہوں اگر کسی مسئلہ میں مجکو تصریح شارع نہیں ملتی تو میں اسپر عمل کرنے سے متوقف ہوجاتا ہوں۔ اقدام نہیں کرتا مگر اس حالت میں کہ کوئی نص یا اجماع اور قیاس جلی مجکو اسپر مجانے الرائے فی الدین تحریف و فی القضاء مکرمت بلکہ جو شخص عالم اور عابر کتاب و سنت کا ہوتا ہو وہ اجماع و قیاس جلی کا بھی محتاج نہیں ہوتا وہ خود کلیات و عمومیات اوس سے مسئلہ کا حکم استنباط کرلیتا ہے اسپر اجتہاد غیر لازم نہیں آتا۔

ردو قدح و طعن و تشنیع و مناظرہ و مکابرہ

والا جاہ لکھتے ہیں کہ از آفات آخر این زمان ست کہ این مثلاً در رد تقلید بے رد و طعن تا ائمہ می رسد و ذلک ہو الضلال المبین۔ یعنی اس زمانہ کے آفات میں سے ایک یہ آفت بھی ہے کہ تقلید کے رد و قدح میں حضرات ائمہ عظام تک طعن و تشنیع کا دروازہ کھولدیا جاتا ہے۔ اور یہ ایک بدبختی اور صریح گمراہی ہے۔

چند بدنام لوگ سلف صالحین کے رسوا کرنے میں اپنے منہ کو اپنے نامۂ اعمال کی طرح سیاہ کرتے ہیں۔ ونعوذ باللہ من الخذلان۔ اگر کوئی متبع کسی امام یا عالم پر باتعیین طعن و قدح کرتا ہے۔ تو وہ مغتاب ہے اور غیبت

جلب النقد صفحہ ۵ ، اتقار المنن صفحہ ۶۵

زنا سے بھی بدتر ہے جب احاد امت کی غیبت کرنا حرام ہے تو پھر جو ائمہ و علماء آخرت ہیں جو شخص انکی غیبت کرتا ہے تو اسکا لعن و طعن اسی مغتاب پر عود کرتا ہے۔ یہ مذہب رفض کا شیوہ ہے نہ مذہب اہل سنت کا۔

مسلمان طالب آخرت کو اسقدر کافی ہے کہ وہ علم حق حاصل کرسکے ...

بہرحال جو شخص علم محض خدا اور آخرت کے لیے حاصل کرتا ہے وہ ہرگز

شمول امام اعظم رحمہ اللہ آئمہ اربعہ کی توہین، دشمنی، گستاخی کسی مسلمان کا کام نہیں ہے بلکہ بے دینی ہے

امام اعظم ابو حنیفہؒ کو گمراہ اور مشرک ثابت کرنیوالے غیر مقلدین جاہل اور نادان ہیں! غیر مقلدین کا اپنا فتوی

غیر مقلدین کے محدث فتاوی کمیٹی کے نزدیک جو لوگ امام ابو حنیفہؒ کو کافر اور مشرک کہتے ہیں اور ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ لوگ جاہل ہیں اور امام ابو حنیفہؒ کے مناقب سے ناواقف ہیں
عجیب بات یہ ہے کہ اسی محدث کمیٹی کے محدث فورم میں امام صاحبؒ کو گمراہ اور مشرک ثابت کیا جاتا ہے۔ تو محدث فورم کے غیر مقلد ممبران اپنی ہی محدث کمیٹی کے نزدیک جاہل ثابت ہوئے
محدث فورم کے غیر مقلدین کے ساتھ ساتھ فیس بک کے جاہل غیر مقلدین جو امام صاحبؒ کو گمراہ اور مشرک کہتے ہیں وہ بھی ان کے اپنے محدث کمیٹی کے فتوی سے ہی جاہل ثابت ہوئے۔

www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/6977/0/

امام ابو حنیفہ کے فضائل و مناقب

شروع از عبد الوحید ساجد بتاریخ: 26 September 2013 09:58 AM

السلام علیکم ورحمة الله وبركاته

آج کل فیس بک پر کچھ لوگ امام ابو حنیفہ کو کافر اور مشرک ثابت کرنے کی سر توڑ کر رہے ہیں اور نامعلوم حوالہ جات دینے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں۔ کیا یہ درست ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعليكم السلام ورحمة الله وبركاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ایسے لوگ جاہل اور امام ابو حنیفہ کے مناقب سے ناواقف ہیں، ان سے اجتہادی اختلاف تو ہو سکتا ہے، مگر اتنے شدید فتوے لگانا نادانی اور جہالت کی علامت ہے۔ آپ کی خدمات بڑی معروف اور شاندار ہیں۔ آپ ائمہ اربعہ (امام ابو حنیفہ۔ امام مالک۔ امام شافعی امام احمد بن حنبل) میں ایک خاص ممتاز اور منفرد حیثیت کے حامل ہیں۔

معروف سیرت نگار علامہ ذہبیؒ (748ھ) اپنی کتاب "تذکرۃ الحفاظ" میں (جو ہزاروں بلکہ لاکھوں حدیثوں کے ماہر و حافظ اماموں (محدثین) کے ذکر میں ہے) آپ کی جلالت شان، امامت و فقاہت، اور فضل و کمال کو بڑے بڑے اساطین علم و فضل اور کبار فقہاء و محدثین کی شہادت سے نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"كان اماماً ورعاً عالماً عاملاً متعبدا كبيرالشان."

آپ امام، متورع، عالم، عامل، متقی اور کبیر الشان انسان تھے۔

امام ابو حنیفہ کے مناقب و فضائل پر متعدد کتب لکھی جا چکی ہیں، جن کو یہاں بیان کرنے کا موقع نہیں ہے۔ اور جو لوگ ان کی شان میں یہ جسارت کر رہے ہیں، وہ نادانی اور جہالت کے سبب ہے۔ اللہ انہیں ہدایت نصیب فرمائے۔

هذا ما عندی والله اعلم بالصواب

محدث فتوی

فتوی کمیٹی

زمرہ جات

امام بخاریؒ کا حوالہ اور امام ابو حنیفہؒ پہ اعتراض کا جواب غیر مقلدین کے گھر سے

غیر مقلدین نے امام بخاریؒ کا حوالہ دیا کہ وہ امام ابو حنیفہؒ کو مرجئہ فرقہ میں شمار کرتے ہیں لیکن اسی کتاب کے حاشیہ میں حاشیہ نگار نے اس کا جواب دے دیا ہے کہ " نعیم بن حمادؒ امام ابو حنیفہؒ پہ طعن کرتے تھے اور ان کی امام ابو حنیفہؒ کے خلاف جتنی بھی روایات ہیں وہ سب جھوٹ ہیں، امام یحیٰ بن معین کہتے ہیں کہ امام ابو حنیفہؒ حدیث میں ثقہ تھے "(تاریخ الکبیر، حاشیہ صفحہ 81، جلد 8)تو حاشیہ نگار نے امام بخاریؒ کے اعتراض کی مکمل وضاحت کر دی۔اس کے علاوہ غیر مقلدین کے مشہور عالم ابراہیم میر سیالکوٹی لکھتے ہیں کہ "امام ابو حنیفہؒ کو مرجی کہنا ان پہ بہتان ہے اور امام بخاریؒ کے اعتراض کے بارے میں لکھتے ہیں کہ نعیم بن حمادؒ سنت کی تقویت میں حدیثیں بنا لیتے تھے اور امام ابو حنیفہؒ کی عیب گوئی میں جھوٹی حکایات بناتے تھے جو کہ سب جھوٹی ہیں، نعیم بن حمادؒ کی شخصیت ایسی نہیں کہ ان کی روایات کی بناء پہ امام ابو حنیفہؒ جیسے بزرگ کی بد گوئی کی جائے۔"(تاریخ اہلحدیث، صفحہ 64،63،62)۔تو امام بخاریؒ کے اعتراض کا جواب خود غیر مقلدین کے عالم نے دے دیا۔

التاریخ الکبیر ٨١ قسم ٢ – ج ٤

٢٢٥٣ – نعمان بن ثابت ابو حنیفة الكوفى مولى لبنى تيم الله بن ثعلبة روى عنه عباد بن العوام وابن المبارك وهشيم ووكيع ومسلم بن خالد وابو معاوية والمقرى كان مرجئا سكتوا (عنه و – ١) عن رأيه وعن حديثه ، قال ابو نعيم مات ابو حنيفة سنة خمسين ومائة (٢) .

باب نافع

٢٢٥٤ – نافع بن عتبة بن ابى وقاص القرشى الزهرى ابن اخى سعد ، قال موسى بن اسمعيل نا ابو عوانة نا عبد الملك بن عمير

(١) من قط (٢) ذكر فى التاريخ الصغير ص ١٧٤ اثرا من طريق نعيم بن حماد فيه طعن شنيع على الامام ابى حنيفة رحمه الله تعالى ونعيم بن حماد معروف بالميل الشديد على اهل الرأى واما سهم رحمه الله حتى انهم يوضع حكايات فى ذلك كما فى ترجمة نعيم من التهذيب (١٠ – ٤٦٢) ولفظه « وقال غيره » كان يضع الحديث فى تقوية السنة وحكايات فى ثلب ابى حنيفة كلها كذب » وليس لذلك الاثر ذكر فى التاريخ الكبير واما ما ذكره الامام البخارى رحمه الله هنا فهذا قوله وقد اثنى كثير من ائمة الحديث واثقه على الامام ابى حنيفة رحمه الله تعالى قال ابن معين « كان ابو حنيفة ثقة فى الحديث » وعنه قال « كان ابو حنيفة ثقة لا يحدث بالحديث الا بما يحفظه ولا يحدث بما لا يحفظ » وعن ابن المبارك « افقه الناس ابو حنيفة ما رأيت فى الفقه مثله » وعن يحيى القطان قال « لا نكذب الله ما سمعنا احسن من رأى ابى حنيفة وقد اخذنا باكثر اقواله » وقال الامام الشافعى « الناس عيال فى الفقه على ابى حنيفة » وراجع تهذيب التهذيب (١٠ – ٤٥٠) وختم الحافظ ابن حجر رحمه الله الترجمة بقوله « ومناقب الامام ابى حنيفة كثيرة جدا فرضى الله عنه واسكنه الجنة آمين » . اليمانى .

تاریخ اہلحدیث ۹۴

(۵) ذکرہ ابن حبان فی الثقات وقال ربما اخطأ و وھم یعنے ابن حبان نے اس کو ثقات میں لکھا ہے اور باوجود اس کے، کہا وہ خطا بھی کرتا تھا اور وہم بھی۔

(۶) اسی طرح امام ابو داؤدؒ کہتے ہیں نعیم کی بیس احادیث ہیں جن کی کوئی اصل نہیں۔ خلاصۃ الکلام یہ کہ نعیم کی شخصیت ایسی نہیں ہے کہ اس کی روایت کی بنا پر حضرت امام ابو حنیفہؒ جیسے بزرگ امام کے حق میں بدگوئی کریں جن کو حافظ شمس الدین ذہبیؒ جیسے ناقد رجال امام اعظم کے معزز لقب سے یاد کرتے ہیں۔ حافظ ابن کثیرؒ البدایہ میں آپ کی نہایت تعریف کرتے ہیں اور آپ کے حق میں لکھتے ہیں۔ احد ائمۃ الاسلام والسادۃ الاعلام واحد ارکان العلماء واحد الائمۃ الاربعۃ اصحاب المذاہب المتبوعۃ۔ نیز امام یحییٰ بن معینؒ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ آپ (امام ابو حنیفہ) ثقہ تھے۔ اہل الصدق سے تھے۔ کذب سے متہم نہ تھے۔ نیز عبد اللہ بن داؤد حریبی سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو مناسب ہے کہ اپنی نماز میں امام ابو حنیفہؒ کے لئے دعا کیا کریں۔ کیونکہ انہوں نے ان پر فقہ اور سنن نبویہ کو محفوظ رکھا۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۱۰)

ایمان میں کمی بیشی

تاریخ اہلحدیث

مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹیؒ

الکتاب انٹرنیشنل

غیر مقلدین کے مشہور عالم ابراہیم میر سیالکوٹی لکھتے ہیں کہ "امام ابو حنیفہؒ کو مرجی کہنا ان پہ بہتان ہے اور امام بخاریؒ کے اعتراض کے بارے میں لکھتے ہیں کہ نعیم بن حمادؒ سنت کی تقویت میں حدیثیں بنا لیتے تھے اور امام ابو حنیفہؒ کی عیب گوئی میں جھوٹی حکایات بناتے تھے جو کہ سب جھوٹی (ہیں)" (تاریخ اہلحدیث، صفحہ 63،62)

فارسی میں نماز پڑھنا، امام ابو حنیفہؒ پہ الزام کا جواب غیر مقلدین کے گھر سے

غیر مقلد حضرات امام ابو حنیفہؒ پہ الزام لگاتے ہیں کہ ان کے نزدیک فارسی میں نماز پڑھنا جائز ہے۔ اس بات کا جواب غیر مقلدین کے شیخ الکل مولوی نذیر حسین دہلوی نے اپنے فتاوی میں تفصیل سے دیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ

اس مسئلہ میں امام اعظم اور صاحبین کا اختلاف ہے مگر صاحبین کا قول عند الحنفیہ مفتی بہ اور قابل اعتماد کے ہے اور امام اعظم کا قول غیر مفتی بہ اور لائق اعتماد کے نہیں ہے تفصیل اس کی یہ ہے کہ امام ممدوح کے نزدیک فارسی وغیرہ زبان میں قرآن پڑھنا نماز میں لاچاری اور غیر لاچاری دونوں حالت میں درست ہے اور صاحبین کے نزدیک فارسی وغیرہ زبان میں قرآن پڑھنا نماز میں جائز نہیں ہاں لاچاری کے وقت درست ہے مگر پڑھنے والا اس صورت میں گنہگار ہوگا لمخالفۃ المتوارثہ اور امام صاحب نے اپنے اس قول سے رجوع کر کے صاحبین کے قول کو اختیار کیا ہے پس اب ائمہ ثلثہ میں سے کسی کے نزدیک غیر لاچاری کی حالت میں نماز کے اندر فارسی وغیرہ زبان میں قرآن پڑھنا درست نہیں۔ (فتاوی نذیریہ، جلد 1 صفحہ 529،530،531)

غیر مقلدو! اگر تمہارے نزدیک امام اعظمؒ نے اپنے موقف سے رجوع نہیں کیا تو پھر تسلیم کرو کہ تمہارا شیخ الکل نذیر حسین دہلوی جھوٹا تھا جس کے نزدیک امام صاحبؒ نے اپنے موقف سے رجوع کر لیا تھا۔

امام ابو حنیفہؒ کو مرجئیہ کہنا بہتان ہے، غیر مقلد عالم ابراہیم سیالکوٹیؒ کا اعلان حق

غیر مقلد حضرات امام ابو حنیفہؒ پہ مرجئیہ ہونے کا الزام لگاتے ہیں لیکن غیر مقلدین کے مشہور عالم ابراہیم میر سیالکوٹیؒ امام ابو حنیفہؒ کا دفاع کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ "بعض مصنفین نے امام ابو حنیفہؒ اور ان کے شاگردوں کو رجال مرجئیہ میں شمار کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔ علماء نے اس کا جواب کئی طریقے سے دیا ہے، اول یہ کہ یہ آپؒ پہ بہتان ہے، آپؒ مخصوص فرقہ مرجئیہ سے نہیں ہوسکتے" (تاریخ اہلحدیث، صفحہ 57،56،58)

یہ ہے قرار بالصفات اور انکار بالصفات کے متعلق مختصر تشریح جو ہم نے بہت سی کتب کلامیہ کی ورق گردانی اور ان میں غور و خوض کرنے سے سمجھی ہے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال

رجوع بمطلب اس نزاع نے ایک دوسرے کی تکفیر تک نوبت پہنچائی۔ حتی کہ فتنہ کی آگ میں ہیزم کشی کا کام دیا۔ جس کی تفصیل مختصراً حسب ذیل ہے۔

تتمہ فرقہ مرجئیہ تاریخی سلسلہ کے ضمن میں فرقہ مرجئیہ کی ابتدا اور اس کے باقی اور اس کے مختلف مسائل کی نسبت کہ ارجاء کا اطلاق بحسب لغت کس کس مسئلہ پر ہو سکتا ہے۔ مختصراً ذکر ہو چکا ہے اور یہ بھی گذر چکا ہے کہ اس کی بعض صورتیں ائمہ اہل سنت کے نزدیک قابل اعتراض نہیں ہیں۔ البتہ مرجیہ خالصہ کا یہ قول کہ ایمان کے ہوتے معاصی و کبیرہ گناہ مضر نہیں ہیں۔ سراسر باطل اور قابل اعتراض ہے۔

اس موقع پر اس شبہ کا حل بھی نہایت ضروری ہے کہ بعض مصنفین نے سیدنا امام ابو حنیفہؒ کو بھی رجال مرجیہ میں شمار کیا ہے۔ حالانکہ آپ اہل سنت کے بزرگ امام ہیں۔ اور آپ کی زندگی اعلیٰ درجہ کے تقویٰ اور تورع پر گذری۔ جس سے کسی کو بھی انکار نہیں۔

ارجاء اور امام ابو حنیفہؒ بے شک بعض مصنفین نے خدا ان پر رحم کرے امام ابو حنیفہؒ اور آپ کے شاگردوں امام ابو یوسف امام محمد، امام زفر اور امام حسن بن زیاد رحمہم اللہ کو رجال مرجیہ میں شمار کیا ہے۔ جس کی حقیقت کو نہ سمجھ کر اور حضرت امام صاحب ممدوح کی طرز زندگی پر نظر رکھتے ہوئے بعض لوگوں نے اسے خوب اچھالا ہے۔ لیکن حقیقت رس علماء نے اس کا جواب کئی طریق پر دیا ہے۔

اول۔ یہ کہ آپ پر یہ بہتان ہے۔ آپ مخصوص فرقہ مرجیہ میں سے نہیں ہو سکتے جو آپ سے تقویٰ و طہارت پر زندگی بسر کرتے۔ حوالجات ذیل ملاحظہ ہوں۔

(۱) شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ منہاج السنۃ میں فرماتے ہیں۔

کما ان ابا حنیفۃ وان کان الناس ... جس طرح کہ گو بہت لوگوں نے کئی مسائل میں

اَبو حنیفہ۔۔ مرجی تھا

امام ابو اسحاق الفزاری نے کہا ابو حنیفہ مرجی تھا اور مسلمانوں کا قتل جائز سمجھتا تھا۔ (یعنی خارجی تھا) (کتاب الضعفاء للعقیلی ۴/۱۴۱۰)

کتاب الضعفاء

غیر مقلد عالم ابراہیم میر سیالکوٹی صاحب نے اپنی کتاب تاریخ اہلحدیث میں تفصیل سے امام ابو حنیفہؒ پہ لگائے جانے والے تمام الزامات کا دفاع کیا ہے اور آخر میں یہ تسلیم کیا ہے کہ "ائمہ کرام کی بے ادبی اور توہین کرنا دنیا اور آخرت دونوں جہاں کے نقصان کا باعث ہے۔ (تاریخ اہلحدیث، صفحہ 72) ان مشہور غیر مقلد عالم کا امام ابو حنیفہ کا دفاع کرنا موجودہ دور کے ان تمام غیر مقلدین کے منہ پر طمانچہ ہے جو امام ابو حنیفہؒ کی توہین اور بے ادبی کرتے ہیں اور ان پہ کفر اور شرک کے جھوٹے فتوے لگاتے ہیں۔

کیاامام ابوحنیفہؒ کے نزدیک خنزیر حلال ہے؟ غیر مقلدین کے اعتراض کا جواب غیر مقلدین کے گھر سے

غیر مقلدین اکثر امام بخاریؒ کی کتاب جزء القرآۃ سے ایک حوالہ پیش کر کے امام ابو حنیفہؒ پہ اعتراض کرتے ہیں کہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک بری خنزیر حلال ہے۔ حالانکہ وہاں امام بخاریؒ نے امام ابو حنیفہؒ کا نام نہیں لکھا اور نہ ہی خنزیر کو حلال کہنے والے کا نام موجود ہے۔ غیر مقلدین کے مشہور محدث زبیر علی زئی نے جزء القرآۃ کی تحقیق میں لکھا ہے کہ "خنزیر کو حلال قرار دینے والے کا نام موجود نہیں ہے۔ اس سے مراد امام ابو حنیفہؒ نہیں ہیں کیونکہ یہ مروی ہے کہ وہ خنزیر بری کو حرام سمجھتے تھے بلکہ خنزیر بحری (ڈولفن مچھلی) بھی ان کے نزدیک بقول دمیری حرام ہے۔ خنزیر بری کو حلال سمجھنے والا کوئی مجہول شخص ہے۔" (نصر الباری، صفحہ 199) تو زبیر علی زئی کے اس حوالے سے ثابت ہو گیا کہ خنزیر کو حلال کہنے والے امام ابو حنیفہؒ نہیں بلکہ کوئی مجہول شخص ہے۔ دوسری طرف غیر مقلدین کے نواب صدیق حسن خان لکھتے ہیں کہ " خنزیر کے حرام ہونے سے اس کا ناپاک ہونا ثابت نہیں جیسا کہ ماں حرام ہے مگر ناپاک نہیں۔" (بدور الاہلہ، صفحہ 16) اس کے علاوہ غیر مقلدین کے معتمد امام شوکانی ایک حدیث کی تحقیق میں کہتے ہیں کہ ان کے نزدیک یہ حدیث بحری خنزیر اور کتا کے بھی حلال ہونے کی دلیل ہے۔" (نیل الاوطار، جلد 1 صفحہ 27) تو غیر مقلدین کے امام ابو حنیفہؒ پہ اس اعتراض کا جواب غیر مقلد عالم سے ہی مل گیا اور اس کے ساتھ ساتھ غیر مقلدین سے گزارش ہے کہ نواب صدیق حسن خان اور امام شوکانی کے ان حوالوں پہ بھی نظر کرم فرمائیں جن کے نزدیک بحری خنزیر اور کتا حلال ہے اور خنزیر ماں کی طرح پاک ہے۔ غلام خاتم النبیین ﷺ محسن اقبال

199 جزء القراءة

قِفَـافٌ وَالَّذِيْ يَحْتَجُّ عَلَى قَوْلِ الرَّسُوْلِ ﷺ وَهُوَ اَنْ لَا صَلَاةَ اِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ.

جو شخص رضاعت پوری کرانا چاہتا ہو تو (اس کی مطلقہ بیوی) دو سال دودھ پلائے اور یہ شخص خنزیر کو حلال سمجھتا ہے اور مسلمانوں کے قتل عام کے جواز کا قائل ہے اور یہ دعویٰ رکھتا ہے کہ اللہ کا حکم (امر) پہلے اور بعد میں (سب) مخلوق ہے۔ یہ شخص نماز کو دین نہیں سمجھتا۔۔۔۔ تم لوگوں نے اس اور اس جیسے لوگوں کی بات کو اتفاق بنا دیا ہے اور ۔۔۔ قول رسول ﷺ ہے کہ سورۂ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

(۱۵۰) ((حسن)) مکحول اور حرام بن حکیم کی روایت گزر چکی ہے۔ دیکھئے ح ۶۸۔

تحقیق: خنزیر کو حلال قرار دینے والے کا نام معلوم نہیں ہے۔ اس سے مراد امام ابوحنیفہ نہیں ہیں کیونکہ یہ مروی ہے کہ وہ خنزیر بری کو حرام سمجھتے تھے بلکہ خنزیر بحری (ڈولفن مچھلی) بھی ان کے نزدیک بقول دمیری (متوفی ۸۰۸ھ) حرام ہے۔ [دیکھئے حیاۃ الحیوان ۱/۳۳۹]

امام شافعی ڈولفن مچھلی کو حلال سمجھتے ہیں اور یہی صحیح ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ خنزیر بری کو حلال سمجھنے والا کوئی مجہول شخص ہے۔ تاہم یہ بات تسلیم شدہ ہے کہ امام ابوحنیفہ مسلمانوں کے خلاف خروج کرنا جائز سمجھتے ہیں۔ دیکھئے کتاب السنہ لعبداللہ بن احمد (۲۳۳ وسندہ صحیح) حنفیوں کے معتمد علیہ ۔۔۔ کہتے ہیں:

"أَوَّلُ مَنْ قَالَ الْقُرْآنُ مَخْلُوْقٌ أَبُوْ حَنِيْفَةَ، يُرِيْدُ بِالْكُوْفَةِ" کوفہ میں سب سے پہلے قرآن کو مخلوق ابوحنیفہ نے کہا ہے۔ (المجروحین لابن حبان: ۳/۶۳، ۶۵ وسندہ صحیح إلی أبي یوسف ورواہ عبداللہ بن احمد في السنۃ: ۲۳۶) (والخطیب في تاریخ بغداد: ۱۳/۳۸۵ مِنْ طُرُقٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي مَالِكٍ عَنْ أَبِي يُوْسُفَ بِهِ وَانْظُرِ الْأَسَانِيْدَ

ابوحنیفہ کے نزدیک بری خنزیر حلال ہے

۱۶

الغنية لطالبي طريق الحق

(فصل) وأما قيام جميع الليل، فعمل الأولياء الذين سبقت لهم منه العناية، وأفيضت لهم الرعاية، وأحيط على قلوبهم بالتوفيق ونور الجلال ثم الجمال، فجعل القيام بالليل لهم مرغبة ونهمة، فلم يسأمه منهم مولاهم عز وجل حتى اللقاء. وقد روي عن عثمان بن عفان رضي الله عنه أنه كان يحيي الليل بركعة واحدة يختم فيها القرآن وقدمنا ذكره، وذكر عن أربعين رجلاً من التابعين أنهم كانوا يحيون الليل كله، ويصلون صلاة الغداة بوضوء العشاء الآخرة أربعين سنة، صبغ الليل عليهم والنهار، منهم سعيد بن جبير، وصفوان بن سليم، وأبو حازم ومحمد بن المنكدر من أهل المدينة، وفضيل بن عياض، ووهب بن الورد من أهل مكة، وطاوس ووهب بن منبه من أهل اليمن، والربيع بن خيثم، والحكم من أهل الكوفة، وأبو سليمان الداراني، وعلي بن بكار من أهل الشام، وأبو عبد الله الخواص، وأبو عاصم من أهل عبادان، وحبيب أبو محمد وأبو جابر

السلماني من أهل فارس، ومالك بن دينار، وسليمان التيمي، ويزيد الرقاشي، وحبيب بن أبي ثابت، ويحيى البكاء من أهل البصرة، وغيرهم ممن يطول ذكرهم، رحمة الله عليهم ورضوانه.

امام ابو حنیفہؒ پہ حدیث کی مخالفت کے الزام کا جواب غیر مقلد عالم محمد گوندلوی کی زبان سے

غیر مقلدین اکثر امام ابو حنیفہؒ پہ الزام لگاتے ہیں کہ امام ابو حنیفہؒ احادیث کو رد کرتے تھے یا حدیث کی مخالفت کرتے تھے۔ غیر مقلدین کے اس الزام کا جواب غیر مقلدین کے عالم محمد گوندلوی نے اپنی کتاب "دوام حدیث" میں تفصیل سے دیا ہے۔ محمد گوندلوی اپنی کتاب میں "امام ابو حنیفہؒ اور حدیث کے متعلق ان کے اقوال" کا عنوان دے کر لکھتے ہیں کہ " امام ابو حنیفہؒ حدیث کو اسی طرح مانتے تھے جس طرح دوسرے ائمہ مانتے ہیں۔۔۔ بعض جگہ امام ابو حنیفہؒ سے بعض احادیث کے متعلق الفاظ مروی ہیں کہ یہ حدیث "رجز" یا "ہذیان" ہے یہ سراسر غلط ہے۔۔۔ ان کی سندیں صحیح نہیں۔ اسی کتاب میں لکھتے ہیں کہ "امام بخاریؒ نے امام ابو حنیفہؒ کو جو "ضعفاء" میں شمار کیا ہے اس کی وجہ یہ نہیں کہ امام صاحب حدیث کو رد کر دیتے تھے بلکہ اس لئے ضعیف کہا ہے کہ محدثین کو جس قسم کے حافظہ کی ضرورت ہوتی ہے ان کے خیال میں وہ اس معیار پہ پوری نہیں اترتے۔ حافظ ابن حجرؒ نے یہ فیصلہ فرمایا ہے کہ امام ابو حنیفہؒ کو ثقہ کہنے والے جرح کرنے والوں سے زیادہ ہیں"۔ (دوام حدیث، جلد 1 صفحہ 329 تا 339) تو محمد گوندلوی کے ان حوالوں سے ثابت ہو گیا کہ امام ابو حنیفہؒ پہ حدیث کی مخالفت اور حدیث کو رد کرنے کا الزام لگانا غلط ہے۔ محمد گوندلوی کا یہ حوالہ غیر مقلدین کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔ غلام خاتم النبیین ﷺ، محسن اقبال

امام ابو حنیفہ اور حدیث کے متعلق ان کے اقوال

امام ابو حنیفہ حدیث کو اسی طرح مانتے تھے، جس طرح دوسرے ائمہ مگر منکرین حدیث ان کو اپنے ساتھ ملانے کی کوشش میں ہیں۔ وہ اقوال جو آپ سے بعض احادیث کے خلاف صادر ہوئے ہیں، ان سے سند لکھواتے ہیں، اور ان کی اس روش کو بھول جاتے ہیں، جو انھوں نے احادیث پر عمل کرنے میں اختیار فرمائی ہے۔

پہلا قول

بعض جگہ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ سے بعض احادیث کے متعلق اس قسم کے الفاظ مروی ہیں کہ یہ حدیث "رجز" یعنی شعر ہے یا یہ حدیث "ھذیان" (بکواس) ہے۔● ان کو اپنی بات کی سند میں پیش کرتے ہیں۔ اور یہ بات سراسر غلط ہے، کیونکہ جن روایات میں یہ لفظ وارد ہوتے ہیں، ان کی سندیں صحیح نہیں، پھر ان کا یہ مطلب نہیں کہ حدیث تو صحیح ہے، مگر حدیث چونکہ سند نہیں، سند صرف قرآن ہے، اس لیے یہ بکواس ہے، بلکہ ان کا مطلب یہ ہے کہ یہ حدیث صحیح نہیں، کیونکہ یہ فلاں حدیث کے خلاف ہے، جو صحیح ہے، اور اس حدیث کو صحیح نہ کہنے کی یہ وجہ ہے کہ آپ اس حدیث کی اس سند کو نہیں جانتے جو بالکل صحیح ہے، یہ ایک اجتہادی غلطی ہے۔ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا یہ مسلک نہیں کہ حدیث کو رائے پر مقدم کرنا چاہیے، بہت جگہ فقہ میں یہ آتا ہے کہ یہ حدیث رائے کے خلاف ہے۔ اس لیے اپنے مورد پر بند رہے گی● یہ کہنا کہ "حدیث تو صحیح ہے، مگر میری رائے کے خلاف ہے اس لیے میں نہیں مانتا"

● المجروحین لابن حبان: ۳/۰۷۰۳، تاریخ بغداد: ۱۳/۰۳۸۱۳
● دیکھیں: كشف في شرح المكتاب: ۱/۱۰۸، بدائع الصنائع: ۱/۶۳۱، ہدایۃ: ۱/۲۶۲، حاشیۃ الطحاوی: ۲/۱۷۸۔

ساتواں قول

اسی طرح جو آپ سے مروی ہے کہ آپ نے کسی حدیث کو "حدیث خرافہ" کہا ہے● اس سے آپ کی غرض یہ ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے۔

امام بخاری نے جو امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کو "ضعفاء" میں شمار کیا ہے، اس کی یہ وجہ نہیں کہ امام صاحب حدیث کو رد کر دیتے تھے، بلکہ اس لیے ضعیف کہا ہے کہ محدثین کو جس قسم کے حافظہ کی ضرورت ہے، ان کے خیال میں اس معیار پر وہ پورے نہیں اترے، حافظ ابن حجر نے یہ فیصلہ فرمایا ہے کہ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کو ثقہ کہنے والے جرح کرنے والوں سے زیادہ ہیں،● زیادہ سے زیادہ ان میں یہی نقص نکالا گیا ہے

● الأسئلة لعبد الله بن أحمد: ۱/۲۰۷، (۳۳۲)، ۱/۲۲۹، (۳۶۹)، تاریخ بغداد: ۱۳/۳۹۸، ۴۰۰-۴۰۰۳۔ اس واقعہ کی سند "صحیح" ہے۔
● امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کی امانت و دیانت مشہور ہے لیکن راوی حدیث کی حیثیت سے محدثین نے ان کو "ضعیف" قرار دیا ہے۔ جرح و تعدیل میں کسی راوی کے ثقہ یا ضعیف ہونے میں جارحین و معدلین کی کثرت کی بجائے اسباب جرح پر زیادہ نگاہ رکھی جاتی ہے لیکن اس حقیقت سے انکار بھی مشکل ہے کہ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کو بحیثیت راوی حدیث "ضعیف" کہنے والے محدثین کی تعداد "ثقہ" کہنے والوں سے کہیں زیادہ ہے۔ اور جن آئمہ سے توثیق مروی ہے، ان آئمہ تک زیادہ تر یہ اقوال صحیح سند سے ثابت نہیں ہیں۔ جب ہم کتب رجال میں دیکھتے ہیں تو کبار محدثین سے ان کی تضعیف ہی مروی ہے۔ جیسے امام شافعی، احمد بن حنبل، امام بخاری، مسلم، سفیان ثوری، ابن حبان، ابن عدی، امام احمد حاکم النیسابوری، عبد اللہ بن مبارک، یحییٰ بن معین، ابن عبد البر، نسائی اور دیگر ایسے کئی اساطین علم ہیں، جن سے جرح مفسر مروی ہے۔ جو توثیق کے مقابلہ میں راجح ہے۔ علامہ مقبل بن ہادی الوادعی رحمہ اللہ نے امام ابو حنیفہ کو "ضعیف" کہنے والوں کی تعداد چالیس (۴۰) سے زیادہ لکھی ہے۔ (نشر الصحيفة في ذكر الصحيح من أقوال أئمة الجرح والتعديل في أبي حنيفة) اور حافظ زبیر علی زئی رحمہ اللہ نے جارحین کی تعداد ایک سو بیس (۱۲۰) کے قریب ذکر کی ہے۔ دیکھیں: الأسانيد الصحيحة في أخبار الإمام أبي حنيفة۔

امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا اہل حدیث ہونا

غیر مقلدین کے مناظر جماعت اور جامعہ سید نذیر حسین محدث دہلوی کے ناظم تعلیمات فضیلۃ الشیخ رضاء اللہ عبدالکریم صاحب مدنی اپنی کتاب

احباب دیوبند کی جماعت اہل حدیث پر کچھ تازہ کرم فرمائیاں
کے صفحہ ۲۸/ پر

اجمالی جواب کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ:

چاروں امام بھی ہماری جماعت کے تھے وہ بھی قرآن و حدیث ہی کو مانتے تھے... (ہم) ان کو اہل حدیث مانتے ہیں۔

اسی طرح غیر مقلدوں کے شیخ العرب والعجم ابو محمد بدیع الدین شاہ راشدی صاحب فرماتے ہیں: ہم کسی بھی امام کو قرآن و حدیث کے خلاف ثابت نہیں کرتے۔ پھر تھوڑا آگے چل کر امام ابو حنیفہ کے قول "إذَا صَحَّ الْحَدِيثُ فَهُوَ مَذْهَبِيْ" کو نقل کر کے فرماتے ہیں

کہ: اس قول کے مطابق تو یہ ہمارا
مذہب ہوا اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ ہمارے اہل حدیث ہوئے۔
(حق و باطل عوام کی عدالت میں صفحہ ۲۱ و ۲۲) اور غیر مقلد عالم محمد ابو القاسم سیفی بنارسی اپنی کتاب "مسلک اہل حدیث پر ایک نظر" کے صفحہ ۱۶/ پر لکھتے ہیں: امام اعظم اہل حدیث تھے اور دوسروں کو اہل حدیث بناتے تھے۔

اب علمائے غیر مقلدین سے سوال ہے کہ جب ائمہ اربعہ اہل حدیث اور قرآن و سنت کے متبع تھے
تو ان کے مقلدین کیوں اہل حدیث نہیں؟؟؟؟؟
اور وہ ان کی اتباع اور تقلید کرنے کے باوجود کیسے قرآن و سنت کے مخالف اور دشمن ہو گئے؟؟؟؟؟؟

قارئین کرام! یہی رضاء اللہ عبدالکریم مدنی صاحب اپنی اسی کتاب کے صفحہ ۲۸/ پر لکھتے ہیں کہ:
ہم ان سب (اماماں دین، صحابہ کرامؓ اور خلفاء راشدینؓ) کی وہی باتیں مانتے ہیں جو قرآن و حدیث کے مطابق ہوتی ہیں۔

سوال یہ ہے کہ ہر کس و ناکس. ہر عالم و جاہل کو معلوم کیسے ہوتا ہے کہ فلاں مسئلہ قرآن و حدیث کے مطابق ہے اور فلاں مسئلہ مخالف ہے؟
کیا ہر کس و ناکس جو ابجد ہوز سے بھی ناواقف ہو اور جو کبھی کبھی سلفی کو سالف کی جمع لکھ دیتا ہو
وہ قرآن و حدیث کی موافقت اور مخالفت کو پہچان سکتا ہے؟؟؟؟

امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا اہل حدیث ہونا

غیر مقلدین کے مناظر جماعت اور جامعہ سید نذیر حسین محدث دہلوی کے ناظم تعلیمات فضیلۃ الشیخ رضاء اللہ عبدالکریم صاحب مدنی اپنی کتاب
احباب دیوبند کی جماعت اہل حدیث پر کچھ تازہ کرم فرمائیاں
کے صفحہ ۲۸ / پر
اجمالی جواب کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ:
چاروں امام بھی ہماری جماعت کے تھے وہ بھی قرآن و حدیث ہی کو مانتے تھے... (ہم) ان کو اہل حدیث مانتے ہیں۔
اسی طرح غیر مقلدوں کے شیخ العرب والعجم ابو محمد بدیع الدین شاہ راشدی صاحب فرماتے ہیں: ہم کسی بھی امام کو قرآن و حدیث کے خلاف ثابت نہیں کرتے۔ پھر تھوڑا آگے چل کر امام ابو حنیفہ کے قول "إِذَا صَحَّ الْحَدِيثُ فَهُوَ مَذْهَبِي" کو نقل کر کے فرماتے ہیں
کہ: اس قول کے مطابق تو یہ ہمارا
مذہب ہوا اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ ہمارے اہل حدیث ہوئے۔
(حق و باطل عوام کی عدالت میں صفحہ ۲۱ و ۲۲) اور غیر مقلد عالم محمد ابوالقاسم سیفی بنارسی اپنی کتاب "مسلک اہل حدیث پر ایک نظر" کے صفحہ ۱۶ / پر لکھتے ہیں: امام اعظم اہل حدیث تھے اور دوسروں کو اہل حدیث بناتے تھے۔
اب علمائے غیر مقلدین سے سوال ہے کہ جب ائمہ اربعہ اہل حدیث اور قرآن و سنت کے متبع تھے
تو ان کے مقلدین کیوں اہل حدیث نہیں؟؟؟؟؟
اور وہ ان کی اتباع اور تقلید کرنے کے باوجود کیسے قرآن و سنت کے مخالف اور دشمن ہوگئے؟؟؟؟؟؟
قارئین کرام! یہی رضاء اللہ عبدالکریم مدنی صاحب اپنی اسی کتاب کے صفحہ ۲۸ / پر لکھتے ہیں کہ:
ہم ان سب (اماماں دین، صحابہ کرامؓ اور خلفاء راشدینؓ) کی وہی باتیں مانتے ہیں جو قرآن و حدیث کے مطابق ہوتی ہیں۔
سوال یہ ہے کہ ہر کس و ناکس، ہر عالم و جاہل کو معلوم کیسے ہوتا ہے کہ فلاں مسئلہ قرآن و حدیث کے مطابق ہے اور فلاں مسئلہ مخالف ہے؟
کیا ہر کس و ناکس جو ابجد ہوز سے بھی ناواقف ہو اور جو کبھی کبھی سلفی کو سالف کی جمع لکھ دیتا ہو
وہ قرآن و حدیث کی موافقت اور مخالفت کو پہچان سکتا ہے؟؟؟؟

جواب: اس قسم کی باتیں لوگوں میں اس سے پہلے معروف نہیں تھیں مگر بعض جاہلوں نے دو دن ہوئے فضائی چینلز پر یہ فتنہ بپا کیا ہے، ورنہ لوگ اس کی کھوج ہی نہیں کرتے تھے۔ جی امام عبداللہ بن امام احمد رحمہا اللہ کی کتاب السنۃ میں امام ابو حنیفہ رحمہ
اللہ پر کلام ہے، جو حال میں اس میں داخل کر دیا گیا حالانکہ جو اس سے پہلے مطبوعہ نسخہ تھا اس میں ان میں سے کوئی بھی چیز نہیں تھی، لیکن اب ڈال دی گئی۔ ان سلف کا قصد جنہوں نے امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ پر کلام کیا اس پہلو سے بھی تھا کہ آپ قیاس پر اعتماد
کرتے ہیں اور آپ کا غالباً انحصار قیاس پر ہوتا ہے۔ جس نے آپ پر مؤاخذہ کیا ہے تو وہ بس اس بات کا کیا ہے کہ آپ قیاس کو (بہت) لیتے تھے۔ حالانکہ اس بارے میں کوئی شک نہیں کہ قیاس ایک شرعی دلیل ہے، کیونکہ دلائل کے اصول یہ ہیں
کتاب وسنت، اجماع وقیاس"۔ لیکن آئمہ کرام قیاس کی طرف نہیں جاتے الا یہ کہ اس کی ضرورت ہو یعنی جب کتاب وسنت اور نہ ہی اجماع سے کوئی دلیل ملے تو پھر وہ قیاس کا کہتے ہیں۔ جبکہ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ قیاس کے معاملے میں کچھ وسعت اختیار
فرماتے ہیں، اسی چیز پر ان کا مؤاخذہ کیا گیا اور معیوب گردانا گیا کہ وہ قیاس میں کچھ زیادہ ہی وسعت اختیار فرماتے ہیں۔

بعض محققین نے امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کی طرف سے یہ جواب دیا ہے کہ بلاشبہ آپ عراق میں رہتے تھے اور وہ فتنوں کا وقت تھا، اس دور میں جھوٹ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر احادیث وضع کرنا بڑی شدت سے پھیل گیا تھا، اسی لیے آپ
قیاس پر اعتماد کیا ان وضاعین (حدیثیں گھڑنے والوں) اور کذابین (جھوٹوں) کے خوف سے، کیونکہ جھوٹ عراق میں بہت پھیلا ہوا تھا، برخلاف حجاز یعنی مکہ مدینہ کے، کیونکہ یہاں اہل روایت واہل حدیث وماہرین تھے، جبکہ عراق میں جب فرقوں
بہتات ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جھوٹ اور وضع کی بھی کثرت ہوگئی، پس اس صورتحال میں امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے قیاس پر اعتماد فرمایا (اور اسی میں عافیت جانی)۔ یہ تھا وہ سبب جس کی وجہ سے امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے قیاس میں
وسعت اختیار فرمائی۔ بلاشبہ آپ ایک جلیل القدر امام ہیں، اور آئمہ اربعہ میں سے سب سے پہلے ہیں، آپ نے تابعین عظام رحمہم اللہ سے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے علم حاصل فرمایا۔ پس بے شک آپ ایک جلیل القدر امام ہیں
اور آپ کے عقیدے اور دین کے تعلق سے کوئی کلام نہیں (کہ وہ غلط تھا)، انہوں نے بس اس قیاس میں وسعت اختیار کرنے ہی پر مؤاخذہ فرمایا ہے، آپ رحمہ اللہ کا مؤاخذہ اس بات پر ہے۔ حالانکہ اس میں بھی آپ معذور تھے جیسا کہ ہم نے ذکر
کیونکہ آپ کے وقت میں جھوٹ اور وضع حدیث بہت افشاء ہو چکا تھا، خصوصاً عراق میں، پس آپ اس بات سے بہت ڈرتے
بہرحال ہم نہیں چاہتے کہ اس قسم کے مسائل پھیلائے جائیں۔ اور ہم امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ سے محبت کرتے ہیں، وہ ہمارے امام ہیں، کیونکہ بلاشبہ وہ اہل سنت والجماعت میں سے ہیں، پس وہ ہمارے امام ہیں اور ہم کبھی بھی ان پر طعن نہیں کرتے

ج/ العلماء لا ... تصحناهم وقلنا
لهم، هذا لا يجوز، ... تُؤَدُّوا الْأَمَانَاتِ إِلَىٰ
أَهْلِهَا ﴾ [النساء: ٥٨]، ... لا تُبلغ للناس
وتُنشر، فنصيحة و... ع عليها الناس،
والمنافقون سيتكلمو... هم سيتكلمون
في العلماء لأن النا... طع ألسنتهم إلا
الأدب الشرعي"[1].

الإجابات الفاضلة
على الشبهات الحاصلة
صالح بن فوزان الفوزان
عوض بن منظان العتيبي

بعض الناس با... ا صحيح؟
ج/ هذا هو ا... ن، أما الحديث
فهو صحيح، صحـ...

الشبهة السابعة والثلاثون

ما موقف طالب العلم مما جاء في بعض كتب الأئمة من الطعن الشديد على الإمام أبي حنيفة رحمه الله، كما يُذكَرُ في كتاب السنة للإمام عبد الله بن الإمام أحمد، وغير ذلك، وما هو الموقف منها؟

(١) قيل لأسامة بن زيد رضي الله عنه: ألا تدخل على عثمان فتكلمه؟ فقال: أترون أني لا أكلمه إلا أسمعكم؟ والله، لقد كلمته فيما بيني وبينه، ما دون أن أفتتح أمرًا لا أحب أن أكون أول من فتحه، ولا أقول لأحد، يكون علي أميرا: إنه خير الناس» رواه مسلم وفي رواية أخرى: «قيل لأسامة: لو أتيت فلانا فكلمته. قال: إنكم لترون أني لا أكلمه إلا أسمعكم؟ إني أكلمه في السر، دون أن أفتح بابا لا أكون من فتحه، ولا أقول لرجل إن كان علي أميرا: إنه خير الناس» رواه البخاري (٧٠٩٨) ومسلم (٢٩٨٩).
(٢) وقد سبق تخريج هذا الحديث: «ستفترق أمتي على ثلاث وسبعين فرقة...»، وذكرنا كلام أهل العلم في أنه حديث صحيح.

ج/ هذا الكلام ما كان معروفًا عند الناس، إلا لمّا أثاره بعض الجهلة في بعض المحطات الفضائية من يومين، وإلا فالناس ما بحثوا في هذا، نعم في كتاب «السنة» لعبد الله ابن الإمام أحمد في آخره كلامٌ في أبي حنيفة، أُلحِقَ به أخيرًا، والنسخة المطبوعة سابقًا ليس فيها شيء من هذا، لكن أُلحِقَ هذا به أخيرًا، وقصد السلف الذين تكلموا في أبي حنيفة من ناحية أن أبا حنيفة يعتمد على القياس، فعمدته غالبًا على القياس، هذا مأخذ من أخذ عليه فقط أنه يأخذ بالقياس، والقياس لا شكَّ أنه دليل شرعي؛ لأن أصول الأدلة: هي الكتاب، والسنة، والإجماع، والقياس. لكن الأئمة لا يصيرون إلى القياس إلا عند الضرورة إذا لم يجدوا دليلًا من الكتاب والسنة، ولا من الإجماع، فيقولون: بالقياس، أما أبو حنيفة رحمه الله فإنه توسَّع في القياس. هذا الذي أخذوه عليه، وعابوه عليه أنه يتوسَّع في القياس.

وقد أجاب بعض المحققين عن أبي حنيفة رحمه الله أنه كان يعيش في العراق وقت الفتن، في وقت اشتدَّ الكذب ووضع الأحاديث على الرسول ﷺ، فهو صار يعتمد على القياس خوفًا من الوضّاعين والكذّابين؛ لأن الكذب انتشر في العراق، بخلاف الحجاز - مكة والمدينة - فهم أهل رواية، وأهل حديث وإتقان، أما في العراق فلمّا كثرت الفِرَق، وكثُرَ الوضع والكذب على رسول الله ﷺ، فأبو حنيفة رحمه الله اعتمد على القياس، هذا هو السبب في كون أبي حنيفة رحمه الله يتوسع في القياس، وهو إمام جليل بلا شكّ، وهو أقدم الأئمة الأربعة، أخذ عن التابعين، وقيل: أخذ عن الصحابة، فهو إمام جليل وليس فيه كلام من ناحية عقيدته ومن ناحية دينه، إنما أخذوا عليه توسعَهُ في القياس، هذا هو المأخذ عليه رحمه الله، وهو معذور كما ذكرنا؛ لأنه في وقته فشا فيه الكذب والوضع، لاسيّما في العراق، فهو تحاشا هذا الشيء، وعلى كل حال نحن لا نحب أن تثار هذه المسائل، ونحن نحب أبا حنيفة، وهو إمام لنا؛ لأنه من أئمة أهل السنة والجماعة، فهو إمام لنا ولا نطعن فيه أبدًا.

امام اعظم ابو حنیفہؒ کا خواب میں اللہ کا دیدار کرنا اور غیر مقلدین کے اعتراض کا جواب

در مختار میں امام ابو حنیفہؒ کا ایک واقعہ بیان کیا گیا ہے کہ امام صاحبؒ نے اللہ کی خواب میں زیارت کی اور اس واقعے کو بنیاد بنا کر غیر مقلدین اعتراض کرتے ہیں کہ حنفیوں نے غلو کیا ہے، حنفی جھوٹے ہیں اور امام ابو حنیفہؒ بھی جھوٹے ہیں کیونکہ اللہ کی خواب میں زیارت نہیں ہو سکتی، جو یہ دعویٰ کرتا ہے وہ جھوٹا ہے۔وغیرہ وغیرہ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ امام ابو حنیفہؒ کا اللہ کی خواب میں زیارت کا واقعہ صرف احناف نے نقل نہیں کیا بلکہ یہ واقعہ شیخ یوسف صالح الشافعیؒ نے اپنی کتاب "عقود الجمان فی مناقب ابی حنیفۃ النعمان" میں نقل کیا ہے جو کہ شافعی مسلک سے تعلق رکھتے ہیں۔ کیا غیر مقلدین یہ اعتراف کریں گے کہ شیخ یوسف صالح شافعی بھی غلو کر رہے ہیں اور یہ واقعہ نقل کرنے کی وجہ سے کذاب ہیں ؟؟؟اس کے علاوہ امام احمد بن حنبلؒ کا اللہ کی خواب میں زیارت کا واقعہ امام ابن جوزیؒ کی کتاب " مناقب امام احمد بن حنبل " میں اور امام ذہبیؒ کی کتاب "سیر اعلام النبلاء " میں ذکر کیا گیا ہے۔اب غیر مقلدین سے سوال ہے کہ کیا امام احمد بن حنبل بھی کذاب ہیں ؟؟اور ان کا واقعہ نقل کرنے والے امام ابن جوزیؒ اور امام ذہبیؒ بھی کذاب ہیں ؟؟رہی بات کہ اللہ کی خواب میں زیارت ہو سکتی ہے یا نہیں تو غیر مقلدین اگر اپنے ہی مستند علماء کی کتابیں پڑھ لیتے تو اس بات کا انکار نہیں کرتے۔

غیر مقلدین کے شیخ الکل نذیر حسین دہلوی فتاوی نذیریہ میں کہتے ہیں کہ "اگر کوئی یہ دعویٰ کرے کہ میں نے اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھا ہے تو یہ جائز ہے،" (فتاوی نذیریہ، جلد 1 صفحہ 61) شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نقل کرتے ہیں کہ "جس نے خواب میں اللہ تعالیٰ کو دیکھا تو دیکھنے والا اپنی حالت کے مطابق اللہ تعالیٰ کو کسی صورت میں دیکھے گا، اگر وہ آدمی نیک ہے تو اللہ تعالیٰ کو وہ اچھی صورت میں دیکھے گا،اسی لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کو خوبصورت اور بہترین صورت میں دیکھا" (مجموع الفتاوی، جلد ۵، صفحہ ۲۵۱) شیخ ابن بازؒ اپنے فتاوی میں لکھتے ہیں کہ "دنیا میں کوئی شخص اللہ تعالیٰ کو آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔ لیکن خواب میں اس کی زیارت ہو سکتی ہے اور دلوں کے حالات کے مطابق قلبی مکاشفات اور مشاہدات ہو سکتے ہیں۔" (فتاوی ابن باز، جلد دوم صفحہ 127) اور یہی فتویٰ سعودیہ کی فتاوی لجنہ الدائمہ کی کمیٹی کا بھی ہے (فتاوی، جلد 2 صفحہ 235) غیر مقلدین سے سوال یہ ہے کہ اگر تمہارے نزدیک اللہ کی خواب میں زیارت ممکن نہیں اور جو اس کو جائز کہتا ہے وہ جھوٹا ہے تو امید ہے کہ ان کا یہ جھوٹا ہونے کا فتویٰ نذیر حسین دہلوی، ابن تیمیہؒ، ابن بازؒ اور امام احمد بن حنبلؒ کا واقعہ نقل کرنے والے محدثین پہ بھی لگے گا۔

فتاوی اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء

أرنا الله جهرة) فمن قال: إن أحدا من الناس يراه فقد زعم أنه أعظم من موسى بن عمران ودعواه أعظم من دعوى من ادعى أن الله أنزل عليه كتابا من السماء. فالصحابة والتابعون وأئمة المسلمين على أن الله يُرى في الآخرة بالأبصار عيانا وأن أحدا لا يراه في الدنيا بعينه لكن يُرى في المنام ويحصل للقلوب من المكاشفات والمشاهدات ما يناسب حالها ومن الناس من تقوى مشاهدة قلبه حتى يظن أنه رأى ذلك بعينه وهو غالط ومشاهدات القلوب تحصل بحسب إيمان العبد ومعرفته في صورة مثالية.[1]

وبالله التوفيق وصلى الله على نبينا محمد وآله وصحبه وسلم.

اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء

عضو	عضو	نائب رئيس اللجنة	الرئيس
عبد الله بن قعود	عبد الله بن غديان	عبد الرزاق عفيفي	عبد العزيز بن عبد الله بن باز

السؤال الرابع والعشرون من الفتوى رقم ٥٦١١

س: هل رأى محمد ربه تبارك وتعالى ليلة الإسراء؟.

ج: لم ير نبينا محمد صلى الله عليه وسلم ربه في الدنيا بعيني رأسه على الصحيح من قولي العلماء في ذلك وإنما رأى جبريل عليه السلام على صورته مترشا الأفق وهكذا هو المراد بقوله تعالى: (علمه شديد القوى. ذو مرة فاستوى. وهو بالأفق الأعلى. ثم دنا فتدلى. فكان قاب قوسين أو أدنى. فأوحى إلى عبده ما أوحى. ما كذب الفؤاد ما رأى. أفتمارونه على ما يرى. ولقد رآه نزلة أخرى. عند سدرة المنتهى. عندها جنة المأوى. إذ يغشى السدرة ما يغشى. مازاغ البصر وما طغى).

وبالله التوفيق وصلى الله على نبينا محمد وآله وصحبه وسلم.

اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء

عضو	عضو	نائب رئيس اللجنة	الرئيس
عبد الله بن قعود	عبد الله بن غديان	عبد الرزاق عفيفي	عبد العزيز بن عبد الله بن باز

[1] فتاوى جـ ٢ ص ٢٣٥.

١٢٠

ويتبه مثل هذا بمثل هذا، وذلك يتضمن تشبيه ذات هذا بذات هذا؛ فإن الخبر من الأشياء إنما يكون بعد معرفتها. وهو سبحانه أخبر أولاً من المثل العلمي، الذي يسمى الصورة العلمية. ثم إذا كان الخبر صادقاً فإنه يستدل به على أن الحقيقة مطابقة لما تصوره، ولهذا كان الناس إنما يعبرون عن الشيء ويصفونه بما يعرفونه. وشرع أسماؤه عندهم لتنوع ما يعرفونه من صفاته.

ومن رأى الله عز وجل في المنام فإنه يراه في صورة من الصور بحسب حال الرائي، إن كان صالحاً رآه في صورة حسنة، ولهذا رآه النبي صلى الله عليه وسلم في أحسن صورة.

مجموع فتاوى شيخ الإسلام أحمد بن تيمية

٢٥١

فتاوی نذیریہ

غیر مقلدین کے مشہور محدث زبیر علی زئی مرحوم لکھتے ہیں کہ ہم ثقہ تابعین اور ائمہ مسلمین مثلاً امام ابو حنیفہؒ، امام مالکؒ، امام احمد بن حنبلؒ، امام شافعیؒ۔۔۔ وغیر ھم سے محبت کرتے ہیں اور جو شخص ان سے بغض کرے ہم اس سے بغض کرتے ہیں۔ (جنت کا راستہ)

زبیر علی زئی مرحوم کا امام ابو حنیفہؒ پہ لعن طعن کرنے والے غیر مقلدین کے منہ پہ زوردار طمانچہ

اکٹھی نہیں ہو سکتی الخ ۔ لہٰذا ہم اجماع امت کو بھی حجت مانتے ہیں ۔ یاد رہے کہ صحیح حدیث کے خلاف اجماع ہوتا ہی نہیں۔ ہم تمام صحابہ رضی اللہ عنہم کو عدول اور اپنا محبوب مانتے ہیں ۔ تمام صحابہ کو حزب اللہ اور اولیاء اللہ سمجھتے ہیں۔ ان کے ساتھ محبت کو جزو ایمان سمجھتے ہیں ۔ جو ان سے بغض کرتا ہے ہم اس سے بغض کرتے ہیں ۔ ہم تمام ثقہ تابعین اور آئمہ مسلمین مثلاً امام ابو حنیفہؒ ، امام مالکؒ ، امام شافعیؒ ، امام احمد بن حنبلؒ ، امام بخاریؒ ، امام مسلمؒ ، امام نسائیؒ ، امام ترمذیؒ ، امام ابو داؤد ، امام ابن ماجہؒ وغیرہم سے محبت اور پیار کرتے ہیں ۔ اور جو شخص ان سے بغض کرے ہم اس سے بغض کرتے ہیں ۔

توحید ، رسالت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ، تقدیر پر ہمارا کامل ایمان ہے ۔ آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام انبیاء و رسل کی نبوتوں اور رسالتوں کا اقرار کرتے ہیں قرآن مجید کو اللہ تعالیٰ کا کلام سمجھتے ہیں ۔ قرآن مجید مخلوق نہیں ہے ۔ ہم ایمان میں کمی بیشی کے بھی قائل ہیں ۔ اہل سنت کے جو عقائد ہمارے علماء سلف نے بیان کیے ہیں ہمارا ان پر ایمان اور یقین ہے ۔ مثلاً امام ابن خزیمہؒ ، امام عثمان بن سعید الدارمیؒ ، امام بیہقیؒ ، امام ابن ابی عاصمؒ ، امام ابن قیمؒ ، امام آجریؒ ، امام لالکائی وغیرہم ۔ رحمہم اللہ اجمعین ۔

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

طریق الجنۃ

المعروف

جنت کا راستہ

www.KitaboSunnat.com

مصنف ۔ زبیر علیزئی

اس کتاب میں صرف آیاتِ قرآنیہ ، صحیح اور حسن لذاتہ احادیث اور اجماع سے استدلال کیا گیا ہے ۔ کسی ضعیف یا حسن لغیرہ حدیث سے اصول بلکہ شواہد میں بھی حجت نہیں پکڑی گئی ۔ مختصر اً عرض ہے کہ اس کتاب میں ہر وہ حدیث جسے بطور استدلال پیش کیا گیا ہے ۔ بالکل صحیح اور حجت ہے ۔ وما علینا الا البلاغ

شائع کردہ :۔ جماعت اہل الحدیث حضرو ضلع اٹک

اٹک پرنٹنگ پریس اٹک شہر

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے متعلق کفر کی تہمت پر مبنی اقوال نقل کرنے کا حکم۔ فضیلۃ الشیخ صالح بن عبد العزیز آل الشیخ

سوال: آپ کی عبد اللہ بن امام احمد رحمہما اللہ کی کتاب میں وارد امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ پر اتہام اور ان کے بارے میں خلق قرآن کے (کفریہ) عقیدے کی نسبت اور آخر تک جو ان کے بارے میں لکھا ہے کے بارے میں کیا رائے ہے۔

جواب: یہ ایک اچھا سوال ہے، اور واقعی یہ عبد اللہ بن امام احمد رحمہما اللہ کی کتاب "کتاب السنۃ" میں موجود ہے۔ بات یہ ہے کہ عبد اللہ بن امام احمد رحمہما اللہ کے دور میں فتنہ خلق قرآن بہت زوروں پر تھا اور لوگ اکثر خلق قرآن سے متعلق باتوں پر استدلال امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ سے منسوب چیزوں کے ذریعے کرتے، حالانکہ درحقیقت آپ ان سے بری تھے۔ اس کے علاوہ بھی اور چیزیں تھیں جیسے معتزلہ تاویل صفات وغیرہ کے بارے میں آپ سے ہی ایسی باتیں نقل کیا کرتے تھے۔ جن سے درحقیقت آپ بری تھے۔ انہی میں سے بعض باتیں عوام میں اتنی زبان زد عام ہو گئی کہ باتیں بعض علماء کرام کے سامنے پیش ہوئی اور انہوں نے لوگوں کے ظاہر قول پر ہی حکم فرما دیا۔ یہ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے باقاعدہ مذہب اور مکتبہ فکر بننے سے پہلے کی بات ہے۔ یہاں تک ہم ملک عبد العزیز رحمہ اللہ کے دور کی ابتداء میں آتے ہیں جب وہ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو علماء کرام نے کتاب السنۃ از عبد اللہ بن امام احمد رحمہما اللہ شائع کرنے کا ارادہ فرمایا، اس وقت اس کی طباعت کی نگرانی اور مراجع جلیل القدر شیخ علامہ عبد اللہ بن حسن آل الشیخ رحمہ اللہ مامور تھے جو اس وقت مکہ مکرمہ کے رئیس القضاۃ (چیف جسٹس) تھے۔ پس آپ نے وہ پوری فصل ہی طباعت نکلوا دی (جس میں امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ پر کلام تھا)، تو اسے طبع ہی نہیں کیا گیا کیونکہ شرعی حکمت کے تحت اس قسم کی باتوں کا اب وقت تھا جو گزر چکا۔ اس کے علاوہ یہی اجتہاد، شرعی سیاست اور لوگوں کے مصالح کی رعایت کرنے کا تقاضہ تھا کہ اسے حذف کر دیا جائے اور باقی نہ رکھا جائے۔ یہ امانت میں خیانت نہیں تھی، بلکہ امانت تو یہ ہے کہ لوگ ان منقول کی وجہ سے جو اس کتاب میں (امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے خلاف) منقول تھے عبد اللہ بن امام احمد رحمہما اللہ نے جو اپنی کتاب میں سنت و صحیح عقیدہ بیان فرمایا ہے اس کے پڑھنے سے رک جاتے۔ پس یہ کتاب اس پوری فصل بغیر شائع ہوئی جو لوگوں میں اور علماء کرام میں عام ہوئی اور یہی عبد اللہ بن امام احمد رحمہما اللہ کی کتاب السنۃ کہی جاتی رہی۔

پس شیخ اللہ ان پر رحم کرے مجھ سے شیخ فوزان حفظہ اللہ کی مجلس میں فرمایا کہ جو کام (فصل کو حذف کرنے کا) مشائخ کرام نے کیا تھا وہی صحیح بات تھی اور اسے حذف کرنا شرعی سیاست کے عین مطابق تھا جبکہ اسے واپس سے داخل کر دینا مناسب نہیں یہی وہ بات ہے جس پر علماء کرام کا منہج ہے"۔ تو اب معاملہ اور بڑھ گیا اور ایسی تالیفات ہونے لگیں جن میں امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ پر طعن کیا گیا ہے یہاں تک کہ انہیں ابو جیفہ تک کہا جانے لگا اور اس جیسی دوسری باتیں۔ جو بلاشبہ ہمارے منہج میں سے نہیں نہ ہی علماء دعوت اور علماء سلف کا یہ طریقہ تھا کیونکہ ہم تو علماء کرام کا ذکر نہیں کرتے مگر خیر و بھلائی ہی کے ساتھ البتہ اگر وہ غلطی کر جائیں تو ان کی غلطی میں ان کی پیروی نہیں کرتے۔ خصوصاً ائمہ اربعہ کا کیونکہ ان کی ایسی شان اور مقام ہے جس کا انکار نہیں کیا جا سکتا

س٢٢٤، ما رأيكم فيما جاء في كتاب عبد الله ابن الإمام أحمد من اتهام لأبي حنيفة والقول عليه بخلق القرآن... إلى آخره؟

ج٢٢٤، هذا سؤال جيد، هذا موجود في كتاب «السنة» لعبد الله ابن الإمام أحمد، وعبد الله ابن الإمام أحمد في وقته كانت الفتنة في خلق القرآن كبيرة، وكانوا يستدلون فيها بأشياء تُنسب لأبي حنيفة، وهو منها براء في خلق القرآن، وكانت تنسب إليه أشياء ينقلها المعتزلة من تأويل الصفات إلى آخره مما هو منها براء، وبعضها انتشر في الناس وقيل لبعض العلماء فحكموا بظاهر القول، وهذا قبل أن يكون لأبي حنيفة مدرسة ومذهب؛ لأنَّه كان العهد قريبًا - عهد أبي حنيفة - وكانت الأقوال تُنقل؛ قول وكيع، قول سفيان الثوري، قول سفيان بن عيينة، قول فلان وفلان من أهل العلم في الإمام أبي حنيفة.

فكانت الحاجة في ذلك الوقت باجتهاد عبد الله ابن الإمام أحمد قائمة في أن ينقل أقوال العلماء فيما نُقل.

ولكن بعد ذلك الزمان كما ذكر الطحاوي أَجْمَعَ أهل العلم على أن لا ينقلوا ذلك، وعلى أن لا يذكروا الإمام أبا حنيفة إلا بالخير والجميل، وهذا فيما بعد زمن الخطيب البغدادي، يعني: في عهد بعض أصحاب الإمام أحمد ربما تكلموا، وفي عهد الخطيب البغدادي نقل نقولات في تاريخه معروفة، وحصل ردود عليه بعد ذلك، حتى وصلنا إلى استقرار منهج السلف في القرن السادس والسابع الهجريين، وكَتَبَ في ذلك ابن تيمية الرسالة المشهورة «رفع الملام عن الأئمة الأعلام»، وفي كتبه جميعًا يذكر الإمام أبا حنيفة بالخير وبالجميل ويترحم عليه وينسبه إلى شيء واحد، وهو القول بالإرجاء، إرجاء الفقهاء دون سلسلة الأقوال التي نُسبت إليه؛ لأنَّه يوجد كتاب أبي حنيفة «الفقه الأكبر»، وتوجد رسائل له تدل على أنَّه كان في الجملة يتابع السلف الصالح إلا في هذه المسألة، في مسألة دخول الأعمال في مُسَمَّى الإيمان.

وهكذا درج العلماء على ذلك كما قال الإمام الطحاوي إلا - كما ذكرت لك - بعض من زاد، غلا في الجانبين؛ إما غلا من أهل النظر في الوقيعة في أهل الحديث وسَمَّاهم حَشْوِيَّة، وسَمَّاهم جهلة.

ومن غلا أيضًا من المنتسبين للحديث والأثر فوقع في أبي حنيفة رحمه الله أو وقع

في الحنفية كمدرسة فقهية، أو في العلماء.

والمنهج الوسط هو الذي ذكره الطحاوي، وهو الذي عليه أئمة السلف.

لمَّا جاء الإمام الشيخ محمد بن عبد الوهاب أصَّل هذا المنهج في الناس، وأن لا يُذْكَرَ أحد من أهل العلم إلا بالجميل، وأن يُنظر في أقوالهم وما رَجَّحَهُ الدليل فَيُؤْخَذُ به، وأن لا يُتَابَع عالم فيما أخطأ فيه وفيما زل، بل تقول: هذا كلام العالم وهذا اجتهاده، والقول الثاني هو الراجح.

ولهذا ظهر بكثرة في مدرسة الدعوة القول الراجح والمرجوح، ودُوِّنَ عند أهل العلم في هذه المسائل تحقيقًا لهذا الأصل.

حتى أتينا إلى أول عهد الملك عبد العزيز رحمه الله لمَّا دَخَل مكة، وأراد العلماء طباعة كتاب «السنة» لعبد الله ابن الإمام أحمد، وكان المشرف على ذلك والمراجع له الشيخ العلامة الجليل عبد الله بن حسن آل الشيخ رحمه الله رئيس القضاة إذ ذاك في مكة، فَنَزَعَ هذا الفصل بكامله من الطباعة، فلم يُطْبَع؛ لأنَّه من جهة الحكمة الشرعية كانَ لَهُ وقت وانتهى، ثُمَّ هو اجتهاد، والسياسة الشرعية ورعاية مصالح الناس أن يُنْزَع وأن لا يُبْقَى وليس هذا فيه خيانة للأمانة؛ بل الأمانة أن لا نجعل الناس يَصُدُّونَ عن ما ذكره عبد الله ابن الإمام في كتابه من السنة والعقيدة الصحيحة؛ لأجل نُقُولٍ نُقِلَت في ذلك.

وطُبِعَ الكتاب بدون هذا الفصل، وانْتَشَرَ في الناس وفي العلماء على أنَّ هذا كتاب «السنة» لعبد الله ابن الإمام أحمد.

حتى طُبِعَت مُؤَخَّرًا في رسالة علمية أو في بحث علمي وأُدْخِل هذا الفصل - وهو موجود في المخطوطات معروف - أُدْخِل هذا الفصل من جديد، يعني أُرْجِع إليه، وقالوا: إنَّ الأمانة تقتضي إثباته... إلى آخره.

وهذا لا شك أنَّه ليس بصحيح، بل صنيع علماء الدعوة فيما سبق من السياسة الشرعية، ومن معرفة مقاصد العلماء في تآليفهم واختلاف الزمان والمكان والحال وما استقرت عليه العقيدة وكلام أهل العلم في ذلك.

ولما طُبِع كُنَّا في دعوة عند فضيلة الشيخ الجليل الشيخ صالح الفوزان في بيته، وكان داعيًا لسماحة الشيخ عبد العزيز رحمه الله، فطَرَحْت عليه أول ما طُبِع

كتاب «السُّنَّة» الطبعة الأخيرة التي في مجلدين إدخال هذا الباب فيما ذُكر في أبي حنيفة في الكتاب ولأنَّ الطبعة الأولى كانت خالية من هذا لصنيع المشايخ.

فقال رحمه الله في مجلس الشيخ صالح قال لي: الذي صنعه المشايخ هو المُتَعَيِّن ومن السياسة الشرعية أن يُحْذَف وإيراده ليس مناسبًا. وهذا هو الذي عليه منهج العلماء.

زاد الأمر حتى صار هناك تآليف يُطْعَن بها في أبي حنيفة، وبعضهم يقول: أبو جيفة ونحو ذلك، وهذا لا شك أنه ليس من منهجنا وليس من طريقة علماء الدعوة، ولا علماء السلف؛ لأننا لا نذكر العلماء إلا بالجميل، إذا أخطؤوا فلا نتابعهم في أخطائهم، وخاصَّةً الأئمة هؤلاء الأربعة؛ لأنَّ لهم شأنًا ومقامًا لا ينكر.

س٢٢٥، هل في هذه الكلمة محذور شرعي وهي صورة القطعة من الأَرْزة ومكتوب عليها: (هذه من خيرات الطبيعة) حيث إنها تنتشر دعاية لمثل هذا في الشوارع؟

ج٢٢٥، هذا صحيح رأيناه في الشوارع، هذه الكلمة كلمة فيها سوء؛ لأنَّ الخير من الله جل وعلا، والطبيعة مطبوعة ليست طابعة للأشياء، فعيلة بمعنى مفعولة، هي مطبوعة، طَبَّعَهَا الله جل وعلا وجعلها على هذا النحو من شَيْءٍ، فالله جل وعلا هو الذي جعل سُنَّتَهُ أنَّ الماء ينزل، وأنَّ الأرض تُنبت، وأنَّ الأرض تزرع، ما ينتج منها. ولهذا هذه الكلمة فيها مخالفة، فينبغي بل يجب تجنبها؛ حفظًا لنعم الله جل وعلا على عباده.

س٢٢٦، في قوله تعالى: ﴿فَذَكِّرْ إِن نَّفَعَتِ الذِّكْرَىٰ ۝﴾ [الأعلى: ٩] هل إذا غلب على الظن عدم الانتفاع يجوز السكوت عن المنكر؟

ج٢٢٦، هذه المسألة اختلف فيها العلماء، وقد ذكرت لكم الخلاف أظن في «شرح الواسطية» أو في بعض المواضع، والآية استدل بها جماعة من العلماء منهم الشيخ تقي الدين ابن تيمية شيخ الإسلام ومنهم ابن عبد السلام في «القواعد» وجماعة، وذكر هذا أيضًا ابن رجب عن بعض أهل العلم في «شرحه على الأربعين».

امام ابو حنیفہؒ پر لعن طعن کرنے والوں اور کوفہ کو فہ کی رٹ لگانے والوں کے منہ پر شیخ الحدیث مولانا محمد اسماعیل سلفیؒ کا زوردار طمانچہ

سابق امیر جمعیت اہل حدیث پاکستان علامہ محمد اسماعیل سلفی رحمہ اللہ اپنی کتاب فتاوی سلفیہ میں لکھتے ہیں: "جس قدر یہ زمین [زمین کوفہ] سنگلاخ تھی اسی قدر وہاں اعتقادی اور عملی اصلاح کے لئے ایک آئینی شخص حضرت امام ابو حنیفہ تھے جن کی فقہی موشگافیوں نے اعتزال و تجسم کے ساتھ رفض و تشیع کو بھی ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔ اللھم ارحمہ واجعل الجنۃ الفردوس ماواہ۔ اس پُر فتن دور میں یہ مقدس شخصیت سرزمین کوفہ میں موجود نہ ہوتی تو شاید اس سرزمین کا حشر عاد و ثمود یا قوم لوطؑ جیسا ہوتا۔ (فتاوی سلفیہ، ص: 143)

قابو پا سکیں اور قصہ زمین برسر زمین نبٹنے میں زیادہ سہولت ہو لیکن یہ انتقال مکانی کی تدبیر اس وقت عمل میں لائی گئی جب کہ معاملہ تقدیر کے ہاتھ میں جا چکا تھا اور تدبیر کی ساری ہوشمندیاں فتنہ انگیزوں کی بدحواسیوں کا شکار ہو چکی تھیں۔

سیدنا الامام جس قدر یہ زمین سنگلاخ تھی اسی قدر وہاں اعتقادی اور عملی اصلاح کے لیے ایک آئینی آدمی کی ضرورت تھی جس کے علم وعقل کی پہنائیاں اس سرزمین مفاسد کو سمیٹ لیں میری ناقص رائے میں یہ آئینی شخص حضرت امام ابوحنیفہؒ تھے جن کی فقہی موشگافیوں نے اعتزال و تجسم کے ساتھ رفض و تشیع کو بھی ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔ اللھم ارحمہ واجعل الجنۃ الفردوس ماواہ۔

حضرت الامام کا سیاسی موقف حضرت امام رحمہ اللہ کو جہاں دین کے فقہی معاملات میں ایک امتیازی مقام حاصل تھا وہاں وہ وقت کی سیاسیات سے بھی بے خبر نہ تھے۔ وہ ان مؤثرات کو خوب سمجھتے تھے جن سے ایک غلط حکومت ماحول کو متاثر کر سکتی ہے اس لیے حضرت امام جہاں اپنے دارالافتاء میں مجتہدانہ انداز سے کتاب وسنت کے بعض مقاصد کی تکمیل فرماتے تھے وہاں ایک ماہر سیاستدان کی طرح حکومت وقت کی نارسائیوں اور کمزوریوں سے بھی واقف اور باخبر تھے اور حکومت بھی اس مؤثر شخصیت اور اس کے دور رس اثرات سے واقف تھی۔ حضرت امام کی قوت نفوذ اور عوام میں حضرت امام کی مقبولیت حکومت سے پوشیدہ نہ تھی اور نہ ہی حضرت امام اپنی اس ہمہ گیر قوت سے بے خبر تھے۔ اس لیے ممکن تھا کہ کوئی موقعہ حضرت امام کی نظروں سے اوجھل ہو جائے۔

حضرت امام کے مخالف بلکہ دشمن بھی ان خوبیوں سے ناواقف نہیں تھے اگر اس دور پر فتن میں یہ مقدس شخصیت سرزمین کوفہ میں موجود نہ ہوتی تو شاید اس سرزمین کا حشر عاد و ثمود یا قوم لوطؑ جیسا ہوتا۔ وَمَا قَوْمُ لُوطٍ مِّنكُم بِبَعِيدٍ۔

علامہ زمخشری اعتقاداً مائل باعتزال ہیں لیکن فروع میں وہ حنفی ہیں، فرماتے ہیں۔

وکان ابوحنیفۃ یفتی سرا بوجوب نصرۃ زید بن علی رضی اللہ عنہما وحمل المال الیہ والخروج معہ علی اللص المتغلب المسمی بالامام والخلیفۃ کالدوانیقی و قالت امرأۃ أشرت علی ابنی بالخروج مع ابراهیم ومحمد ابنی عبداللہ بن الحسن

حضرت امام ابوحنیفہ در پردہ زید بن علی کی مالی اور جانی اعانت کا فتویٰ دیتے تھے۔ اور منصور دوانیقی ایسے چور کے مخالف تھے۔ ایک عورت نے حضرت امام سے فرمایا کہ میرا لڑکا آپ کے فتویٰ کے مطابق محمد اور ابراہیم بن عبداللہ بن حسن کے ساتھ شہید ہو گیا۔ حضرت امام نے فرمایا

فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ

پس پوچھ لو یاد والوں سے اگر تم نہیں جانتے۔

فتاویٰ سلفیہ

شیخ الحدیث مولانا محمد اسماعیل گوجرانوالہ

١٣١٩ھ - ١٣٨٧ھ
١٩٠١ء - ١٩٦٨ء

مکتبہ ترجمان

اہلِ حدیث منزل ۴۱۱۶ - اردو بازار، جامع مسجد، دہلی ۶

خالفوه في أشياء وأنكرها عليه فلا يرتاب أحد في فقهه وفهمه وعلمه وقد نقلوا عنه أشياء يقصدون الشناعة عليه وهي كذب عليه قطعا مثل مسئلة الخنزير البري ونحوها (منهاج السنة جلد اول ص ۲۵۹ مطبوعہ مصر)

امام ابوحنیفہؒ کی مخالفت کی اور آپ پر ان امور کا انکار کیا۔ لیکن کوئی شخص بھی ان کی فقاہت اور فہم اور علم میں شک نہیں کرسکتا۔ اور لوگوں نے آپ سے بہت سی ایسی چیزیں نقل کیں جن سے ان کا مقصد آپ پر برائی تھوپنا تھا۔ حالانکہ وہ باتیں آپ پر قطعی طور پر جھوٹ ہیں۔ مثلاً خنزیر بری اور مثل اس کی دیگر مسائل

(ب) اسی طرح دوسرے موقع پر امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمدؒ، امام بخاریؒ، امام ابوداؤدؒ، امام دارمیؒ وغیرہم ائمہ اہل سنت کے ساتھ امام ابوحنیفہؒ اور آپ کے شاگردوں امام ابویوسفؒ، امام محمدؒ، امام زفرؒ اور امام حسن بن زیادؒ لؤلؤی کا ذکر بھی ان کے ساتھ ہی کر کے سب کے علم وفضل اور اجتہاد کی تعریف کرتے ہیں۔ حالانکہ بعض مصنفین نے ان کو بھی جال مرجیہ میں شمار کیا ہے (منہاج السنۃ جلد اول ص ۲۳۱/۲۳۲)

(ج) نیز فرماتے ہیں۔

امام مالکؒ۔ امام احمدؒ۔ اور امام ابوحنیفہؒ وغیرہم ائمہ سلف میں سے ہیں (منہاج السنۃ جلد دوم ص ۲۳۳ نیز جلد اول ص ۲۳۰/۲۳۱)

کہاں تک گنتے جائیں۔ منہاج السنۃ ایسے حوالجات سے بھری پڑی ہے۔ اور امام ابن تیمیہؒ امام ابوحنیفہؒ کے حق میں دیگر ائمہ سنت کی طرح نہایت ہی حسن ظن رکھتے ہیں۔

(۲) اسی طرح علامہ شہرستانی فرماتے ہیں۔

"اور تعجب ہے کہ غسان (مرجیوں میں سے فرقہ غسانیہ کا پیشوا) امام ابوحنیفہؒ سے بھی مثل اپنے مذہب کے نقل کیا کرتا تھا۔ اور آپ کو مرجیوں میں شمار کرتا تھا۔ اور غالباً یہ جھوٹ ہے۔ مجھے اپنی زندگی کی قسم ہے کہ امام ابوحنیفہؒ اور آپ کے اصحاب کو مرجئۃ السنۃ کہا جاتا تھا۔ اور بہت سے اصحاب مقالات نے آپ کو منجملہ مرجیہ کے شمار کیا ہے" (الملل والنحل للشہرستانی جلد اول ص ۱۴۱)

تنبیہ۔ گو اس حوالہ میں مرجئہ کہا جانا مذکور ہے لیکن "مرجئۃ السنۃ" کہنے میں مدافعت بھی ہے۔ کیونکہ مرجئہ خالصہ اور مرجئۃ السنۃ میں فرق ہے کہ مرجئہ خالصہ تو وہ ہیں جو بحیثیت

تاریخ اہل حدیث

مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹیؒ

الکتاب انٹرنیشنل

جامعہ نگر، نئی دہلی ۲۵

امام اعظم رح کی فقہ بے مثال ہے امام ابن مبارک رح

وھب بن محمد بن مزاحم کہتے ھیں کہ میں نے عبد اللہ بن مبارک رح کو کہتے ہوئے سنا کہ میں نے سب سے بڑے عابد، سب سے بڑے متقی، سب سے بڑے عالم، اور سب سے بڑے فقیہ کو دیکھا ھے، پس سب سے بڑے عابد عبد العزیز بن رواد تھے اور سب سے بڑے متقی فضیل بن عیاض تھے اور سب سے بڑے عالم سفیان ثوری رح تھے اور سب سے بڑے فقیہ امام ابو حنیفہ رح تھے پھر فرمایا کہ میں نے فقہ میں انکی مثال نہیں دیکھی (اسنادہ صحیح)

حدثنا محمد بن علي بن خلف، قال: حدثنا ضرار بن صرد، قال: سُئل يزيد بن هارون أيما أفقه، أبو حنيفة أو سفيان؟ قال: سفيان أحفظ للحديث، وأبو حنيفة أفقه. قال: وسألت أبا عاصم فقلت: أيما أفقه، سفيان أو أبو حنيفة؟ قال: غلام من غلمان أبي حنيفة أفقه من سفيان[1].

أخبرنا الحسن بن علي التميمي، قال: أخبرنا عبد الله بن محمد الحلواني، قال: حدثنا مكرم بن أحمد، قال: حدثنا أحمد بن محمد بن يحيى الحماني، قال: سمعت ... يقول: كنت أنا وأبو مسلم المستملي على يزيد بن هارون ومعنا ... على منصور بن المهدي فصعدنا إلى غرفة هو فيها، فقال له أبو مسلم: ما تقول يا أبا خالد في أبي حنيفة والنظر في كتبه؟ قال: انظروا فيها إن كنتم تريدون أن تفقهوا فإني ما رأيت أحدًا من الفقهاء يكره النظر في قوله، ولقد احتال الثوري في كتاب الرهن حتى نسخه[2].

أخبرنا الخلال، قال: أخبرنا الحريري أن النخعي حدثهم، قال: حدثنا محمد بن علي بن عفان، قال: حدثنا أبو كريب، قال: سمعت عبد الله بن المبارك يقول. وأخبرني محمد بن أحمد بن يعقوب، قال: أخبرنا محمد بن نعيم الضبي، قال: حدثني أبو سعيد محمد بن الفضل المذكر، قال: حدثنا أبو عبد الله محمد بن سعيد المروزي، قال: حدثنا أبو حمزة يحيى[3] بن حمزة قال: سمعت أبا وهب محمد بن مزاحم يقول: سمعت عبد الله بن المبارك يقول: رأيت أعبد الناس، ورأيت أورع الناس، ورأيت أعلم الناس، ورأيت أفقه الناس، فأما أعبد الناس فعبد العزيز بن أبي رواد، وأما أورع الناس فالفضيل بن عياض، وأما أعلم الناس فسفيان الثوري، وأما أفقه الناس فأبو حنيفة، ثم قال: ما رأيت في الفقه مثله[4].

(1) إسناده ضعيف جدًا، فإن ضرار بن صرد ضعيف جدًا كما بيناه في تحرير التقريب.
(2) إسناده تالف، أحمد بن محمد الحماني كذاب كما تقدم غير مرة.
(3) في م: «يحيى»، محرف.
(4) إسناده صحيح، والنخعي هو علي بن محمد بن كاس.

اہلِ حدیث اور اہل الرائے

اہلِ حدیث اور اہل الرائے دو فریق ہیں۔ اہل الرائے کا مطلب تو یہ ہے کہ وہ اپنی آراء پر عمل کرتے ہیں۔ حدیث پر عمل نہیں کرتے۔ اس لئے انہوں نے حدیث کا صاف طور پر انکار کیا ہے۔

یہ اعتراض سراسر ایک غلط و بے بنیاد مفروضے پر مبنی ہے۔ جہاں تک امام ابوحنیفہؒ پر انکار حدیث

کا اتہام ہے اس کی حقیقت تو صرف یہ ہے کہ جہاں کہیں انہوں نے حدیث کے متعلق کچھ الفاظ کہے ہیں۔ وہاں حقیقت میں انہیں صحیح سند کے ساتھ حدیث ملی ہی نہ ہو یا یہ کہ صحتِ حدیث کے متعلق ان کی طے کردہ شرائط پر پوری نہ اتری ہو۔ وہ شرطیں جیسا کہ پہلے بیان کی جا چکی ہیں۔ قرآن کے مخالف نہ ہو۔ متواتر اور خبر مشہور کے معارض نہ ہو۔ عموم بلوا کی شکل نہ ہو۔ جس حدیث کے بارے میں سمجھتے ہیں کہ ان شرائط کے خلاف ہے۔ اس کا انکار کرتے ہیں۔ ورنہ اس کا یہ ہرگز مطلب نہیں کہ وہ حدیث کا من حیث الحدیث ہی انکار کرتے ہیں اس کی وضاحت اُن کے روبرو پیش کی جانے والی اِس حدیث سے ہوتی ہے۔ مشہور ہے کہ امام صاحب کے سامنے حدیث پیش کی گئی کہ دو بیعان (بائع اور مشتری) کو اس بات کا اختیار ہوتا ہے کہ جب تک دونوں مجلس سے الگ نہ ہوں دونوں کو یہ اختیار رہتا ہے کہ طے شدہ سودا کو فسوخ کر دیں۔ البیعان بالخیار ما لم یتفرقا (بخاری مسلم) خریدنے اور فروخت کرنے والے دونوں کو طے شدہ سودا کو فسوخ کرنے کا اختیار ہے۔ یہ حدیث سن کر امام صاحب نے اسے حدیث ماننے سے انکار کر دیا تھا۔ بلکہ اسے ہذیان سے تعبیر کیا تھا اس سے منکرین نے یہ سہارا لینے کی کوشش کی ہے کہ امام موصوف بھی حدیث کے منکر تھے۔

منکرین حدیث کا امام موصوف کا مذکورہ بالا حدیث سے انکار کو انکارِ حدیث پر محمول کرکے انہیں بھی منکرین حدیث کے بانیوں کی صفِ اول میں گھسیٹ کر لا کھڑا کرنا قرینِ انصاف نہیں۔ حدیث مذکورہ بالا میں لفظ ہذیان سے امام موصوف کا منشاء حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار نہیں تھا بلکہ ان کا مطلب یہ تھا کہ یہ حدیث قرآن کے خلاف ہے اس لئے اس کی حیثیت ہذیان سے کچھ زیادہ نہیں۔ قرآن میں واضح الفاظ میں صراحت ہے۔ اوفوا بالعقود۔ عقد کو پورا کرو۔ جب ایجاب و قبول میں عقد ہو گیا یعنی جب مشتری کا بائع کے ساتھ عقد ہو چکا ہے تو اسے رد کرنے کا اختیار نہیں ہونا چاہیئے۔ دوسرے مقام پر قرآن سے مزید وضاحت سامنے آتی ہے۔ لا تاکلوا اموالکم بینکم بالباطل الا ان تکون تجارۃ عن تراض منکم آپس میں ایک دوسرے کا مال باطل طریقہ (ناجائز راستہ) سے نہ کھاؤ۔ تجارت کے ساتھ کھاؤ۔ صاف اور واضح مطلب یہ ہے کہ تجارت باہمی رضامندی سے ہونی چاہیئے۔ جب ایجاب و قبول کے ساتھ رضا حاصل ہو گئی تو پھر اسے آخری مجلس تک ممتد کی شرط سے مشروط کرنا درست نہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ امام صاحب نے حدیث کو مان کر انکار نہیں کیا۔ یہ الگ بات ہے کہ ان کا یہ رویہ درست ہے یا نہیں۔

اہل الرائے قبولِ حدیث کے لئے جو شرائط عائد کی ہیں۔ اہلِ حدیث ایسی شرطیں نہیں لگاتے ہیں ان کے نزدیک تو ہر وہ حدیث واجب التعمیل ہے جو صحیح سند کے ساتھ ثابت ہو جائے۔ ایسی حدیث قرآن کے خلاف ہوتی ہی نہیں، قرآن کے خلاف حدیث کو سمجھنا محض اپنی رائے کی اتباع کرنا ہے۔ قرآن مجید میں جہاں ایک مقام پر اوفوا بالعقود عقد پورا کرو کے الفاظ آئے ہیں تو دوسرے مقام پر عن تراض کے الفاظ بھی

تو آئے ہیں۔ یعنی تجارت فریقین کی باہمی رضامندی سے ہونی چاہیئے۔

قرآن مجید میں تجارت اور تراضی دونوں الگ الگ بیان کئے گئے ہیں وجہ یہ ہے کہ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ایک انسان زبان سے تو ایک لفظ نکال دیتا ہے مگر سوچ سمجھ کر نہیں بولتا۔ بغیر سوچے سمجھے عادۃً بول بیٹھتا ہے۔ جب ذرا حواس ٹھکانے پر آتے ہیں تو سمجھ میں آتا ہے کہ اس نے زبان سے کیا کہہ دیا ہے یہ تو ٹھیک نہیں کہا۔ اس کو ملحوظ رکھتے ہوئے قرآن نے تراض بیان کیا ہے کہ انسان کو کچھ نہ کچھ اختیار ضرور ہونا چاہیئے۔

متاخرین نے اس حدیث کا انکار تو نہیں کیا تاویل سے کام لیا ہے۔ امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ نے اس کی تاویل کرتے ہوئے حدیث کو خیار بالقبول پر محمول کیا ہے۔ مثلاً ایک شخص نے دوسرے سے کہا کہ مجھے فلاں چیز دے دو ایسی صورت میں جب تک وہ اسی مجلس میں ہے۔ مشتری کو اختیار ہے کہ اسے قبول کرے جب قبول کا اختیار اتنا ممتد ہے تو بائع کو بھی رجوع کا اختیار ہونا چاہیئے۔ اسی لئے امام محمدؒ اور امام ابو یوسفؒ نے حدیث کو خیار قبول پر محمول کیا ہے۔ تاویل تو ضرور ہوئی مگر حدیث کو قبول تو کر لیا۔ تاویل سے حدیث کا انکار لازم نہیں آتا۔ امام صاحب نے حدیث کا انکار حدیث سمجھ کر نہیں کیا بلکہ صحتِ حدیث کی شرط کے فقدان اور معدوم ہونے کی وجہ سے قرآن کے خلاف سمجھنے کی وجہ سے کیا ہے۔ دوسرے الفاظ میں مطلب یہ ہوا کہ ان کے نزدیک وہ حدیث ہی نہیں۔

احادیث کے بارے میں امام ابوحنیفہؒ کا رویہ

اس طرح امام ابوحنیفہؒ کا جو رویہ بعض جگہ حدیث کے خلاف معلوم ہوتا ہے اس سے ہرگز یہ مقصود نہیں ہوتا کہ وہ سرے سے نفسِ حدیث ہی کے منکر ہیں۔ حدیث کے بارے میں ان کا اپنا قول ثابت ہے کہتے ہیں۔ ما جاء من اللہ و من الرسول فعلی الرأس والعین۔ اللہ کا فرمان اور اس کے رسول کا ارشاد سر آنکھوں پر ان کے اس قول کے باوجود چکڑالوی حضرات کا ان کو خواہ مخواہ کھینچ تان کر اپنے ساتھ ملانا ایک بیجا جسارت ہے۔

ڈاکٹر اقبالؒ نے اپنے ایک خطبہ م
قانون سے متعلق ہیں۔ اہل عرب کی رسومات
عارضی یا وقتی طور پر لیا ہے یا ہمیشہ کے

شاہ ولی اللہ کا موقف

شاہ ولی اللہ
اس کے پیش
اور اس قوم کو بطور خمیر استعمال کرتا ہے۔ ا
بوجھ نہیں ڈالتا۔ اس سے چکڑالوی جمت

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی توہین کرنے والا غیر مقلد (مرزائی) مرتد ہو گیا

اہلحدیث کے نامور عالم باعمل مولانا عبدالجبار غزنوی نے فرمایا یہ توہین کرنے والا مرتد ہو جائے گا

امرتسر میں ایک محلہ تیلیاں تھا جس میں اہلحدیث حضرات کی اکثریت تھی۔ اس محلے کی مسجد اسی نسبت سے مسجد تیلیاں والی کہلاتی تھی۔ وہاں عبدالعلی نامی ایک مولوی امامت وخطابت کے فرائض انجام دیتے تھے۔ وہ مدرسہ غزنویہ میں مولانا عبدالجبار غزنوی سے پڑھا کرتے تھے ایک بار مولوی عبدالعلی نے کہا کہ ابوحنیفہ سے تو میں اچھا اور بڑا ہوں کیونکہ انہیں صرف سترہ حدیثیں یاد تھیں اور مجھے اُن سے کہیں زیادہ یاد ہیں۔

اس بات کی اطلاع مولانا عبدالجبار غزنوی کو پہنچی، وہ بزرگوں کا نہایت ادب و احترام کیا کرتے تھے۔ انہوں نے یہ بات سنی تو ان کا چہرۂ مبارک غصے سے سرخ ہو گیا۔ انہوں نے حکم دیا کہ اس نالائق (عبدالعلی) کو مدرسے سے نکال دو۔ وہ طالب علم جب مدرسے سے نکالا گیا تو مولانا عبدالجبار غزنوی نے فرمایا:

"مجھے ایسا لگتا ہے کہ یہ شخص عنقریب مرتد ہو جائے گا۔"

مفتی محمد حسن راوی ہیں کہ ایک ہفتہ نہ گزرا تھا کہ وہ شخص مرزائی ہو گیا اور لوگوں نے اُسے ذلیل کر کے مسجد سے نکال دیا۔

اس واقعہ کے بعد کسی نے امام صاحب مولانا عبدالجبار غزنوی سے سوال کیا:

"حضرت! آپ کو یہ کیسے علم ہو گیا تھا کہ وہ عنقریب کافر ہو جائے گا۔"

فرمانے لگے کہ جس وقت مجھے اس کی گستاخی کی اطلاع ملی، اُسی وقت بخاری شریف کی یہ حدیث میرے سامنے آ گئی کہ:

مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُهٗ بِالْحَرْبِ (حدیث قدسی)

(جس شخص نے میرے کسی دوست سے دشمنی کی تو میں اس کے خلاف اعلانِ جنگ کرتا ہوں)

میری نظر میں امام ابوحنیفہؒ ولی اللہ تھے، جب اللہ کی طرف سے اعلانِ جنگ ہو گیا، تو

فیس بک کے غیر مقلدوں کیلئے لمحہ فکریہ

امام اعظمؒ پر جرح کے نام پر بکواسات کا پول کھل گیا

علامہ ابن عبد البرؒ فرماتے ہیں کہ بہت سارے اہلحدیث (حاسد)
امام ابو حنیفہؒ کی ذہانت اور فہم کیوجہ سے ان پر حسد کرتے تھے اللہ تعالی ہم کو حسد کی بیماری
سے محفوظ رکھے اور حاسدین کے شر سے ہم کو بچائے
(الانتقاء ۲۷۶)

قال أبو عُمَر: كثيرٌ من أهل الحديث استجازوا الطعنَ على أبي حنيفة
لردِّهِ كثيراً من أخبارِ الآحادِ العدول، لأنه كان يَذهَبُ في ذلك إلى عَرْضِها
على ما اجتَمَع عليه من الأحاديث ومَعاني القرآن، فما شَذَّ عن ذلك رَدَّه
وسمَّاه شاذّاً، وكان مع ذلك أيضاً يقولُ: الطاعاتُ من الصلاةِ وغيرِها
لا تُسمَّى إيماناً، وكلُّ من قال من أهل السنة: الإيمانُ قولٌ وعَمَل يُنكِرون
قولَه، ويُبَدِّعُونه بذلك، وكان مع ذلك محسوداً لفهمِه وفطنتِه.

ونَذكُرُ في هذا الكتاب مِن ذِكْرِه، والثناءِ عليه، ما يَقِفُ به الناظرُ فيه على
حالِه، عَصَمَنا الله وكفانا شَرَّ الحاسدين، آمينَ رَبَّ العالمين[1].

(١) قلت: رحم الله تعالى الإمامَ ابنَ عبد البر، فقد لخَّصَ في هذه الكلمات
القليلة: سببَ الطعن في الإمام أبي حنيفة ممن طَعَن فيه من أهل الحديث، فذكر ثلاثة
أسباب:

١ ـ مسلكُ أبي حنيفة في العمل بأخبار الآحاد كما شرحه.

٢ ـ قولُه: الطاعاتُ... لا تدخُلُ في مسمَّى الإيمان.

٣ ـ كونُهُ: كان مَعَ ذلك محسوداً لفهمِهِ وفِطنتِه. ثم قال رحمه الله تعالى داعياً:
«عصمنا الله وكفانا شرَّ الحاسدين، آمين، رَبَّ العالمين». انتهى.

وقد قرَّر أئمةُ علماءِ الحديث النُّقّادُ: أن وجود سببٍ واحدٍ من هذه الأسباب
وأمثالِها، يُسقِطُ طعنَ الطاعن فيمن طَعَن فيه، قال الإمام الحافظ الذهبي رحمه الله
تعالى، في «ميزان الاعتدال» ١: ١١١ في ترجمة الحافظ (أبي نُعَيم أحمد بن عبد الله
الأصبهاني): «كلامُ الأقرانِ بعضِهم في بعض لا يُعبأ به، لا سيما إذا لاح لك أنه لعداوة،

حافظ عبدالعزیز بن ابی رواد" نے کہا: جس نے امام ابو حنیفہ" سے محبت کی وہ سنی ہے اور جس نے ان سے بغض رکھا وہ بدعتی ہے

أخبرنا عبد الله بن محمد قال ثنا مكرم قال ثنا أحمد بن محمد قال ثنا نصر بن علي قال قلت لأبي عاصم، أبو حنيفة عندك أفقه أم سفيان؟ قال، هو والله عندي أفقه من ابن جريج، ما رأت عيني رجلاً أشد اقتداراً منه على الفقه.

أخبرنا عمر بن إبراهيم قال ثنا مكرم قال ثنا أحمد بن عطية قال سمعت محمد بن المنتصر يقول، قال رجل ليزيد بن هارون، يا أبا خالد! رأي مالك أحب إليك من رأي أبي حنيفة؟ فقال، اكتب حديث مالك فإنه كان ينتقي الرجال، والفقه صناعة أبي حنيفة، ما رأيت رجلاً ناظره في شيء من الفقه إلا ظهر عليه، والفقه صناعته وصناعة أصحابه، والفرائض كأنهم خلقوا لها.

حدثنا العباس بن أحمد الهاشمي قال ثنا علي بن عمرو الحريري قال ثنا علي بن محمد النخعي قال ثنا إبراهيم بن مخلد قال ثنا أبو سعيد البلخي قال سمعت أبا عبد الرحمن المقرئ، قال قال عبد العزيز بن أبي رواد، أبو حنيفة المحنة، من أحب أبا حنيفة فهو سني، ومن أبغضه فهو مبتدع.

أخبرنا أبو القاسم عبد الله بن محمد الحلواني قال ثنا مكرم قال ثنا أحمد بن محمد قال ثنا إبراهيم بن سعيد الجوهري قال ثنا شبابة بن سوار قال أخبرني أبي قال، رأيت الحسن بن عمارة في مقابر الخيزران عند قبر أبي حنيفة يبكي ويقول، رحمك الله! كنت لنا خلفاً من مضى وما تركت بعدك خلفاً، إن خلفوك في العلم الذي علمتهم لم يمكنهم أن يخلفوك في الورع إلا بتوفيق، فقلت، من هذا؟ قالوا، قبر أبي حنيفة.

